دُمایَس (dumáaẙas) [بُر۔مص] برابر آنا (۲) زیب دینا، لباس وغیرہ کا موزوں ہونا (۳) دوا، غذا یا آب وہوا کا موافق آنا (۴) ناراضگی دور کر کے میل جول پیدا کرنا، دشمنی ختم کر کے دوستی کرنا (۵) شایانِ شان ہونا۔

جا غِلتِریَسؤ نَخرہ اُیَم مَستیِ دُمایَس
میَنرِ اُولجیِ کرِ ایَٹذس اِنرِ مُک جا سَخاَ ییَڈم
دیوان نصیری (بُروشسکی) ص، ۱۶۸۔

ترجمہ: میرے ناز پرور محبوب کی عشرہ گری میں شیرینی اوراس کے حسن وجمال کی مستی رونق افزا ہے، اس گوہر یکدانہ کا جسے لوگ خواب میں بھی نہیں دیکھ سکتے (خوش نصیبی سے) مجھے ظاہری دیدار نصیب ہوا۔

دُمایُم (dumáaẙum) [بُر] دیکھیے دُمایَس (dumáaẙas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُمایُم مَناس (dumáaẙum manáas) [بُر] دیکھیے دُمایَس (dumáaẙas)۔

دَماَٹو (damaáṭo) [بُر۔صف] تیز بو والا (۲) ایسی چیز جس کی بو تیز مگر نامرغوب ہو۔

دَماَٹومُڈ (damaáṭomuċ) [بر] دیکھیے دَماَٹو (damaáṭo) جس کی یہ جمع ہے۔

دُماَنیِ (dumaáni) [بُر۔اسم] راکاپوشی پہاڑ۔

دُمُتَس (dumútas) [بُر] دیکھیے اِمُتَس (imútas) جس کا یہ لازم ہے۔

دَمَٹرِ دیَلَس (dāmaṭe délas) [بُر۔محاورہ] غذا مثلاً چاول وغیرہ کو دھیمی آگ پر رکھ کر پکانا، دم پخت کرنا۔

دَمَٹرِ وَلَس (dāmaṭe wālas) [بُر۔محاورہ] قریب المرگ ہونا، آخری سانسیں لینا۔

دَمجاریِ (damjaarí) [بُر۔اسم] دکھ، رنج۔

دَمجارِمِک (damjaarímiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے دَمجاریِ (damjaarí) جس کی یہ جمع ہے۔

دَمجاَر (damjaár) [بُر۔اسم] رنج، دکھ، مشقت، عذاب۔

دَمجاَر ایَتَس (damjaár étas) [بُر۔محاورہ] رنج اٹھانا، دکھ سہنا، مشقت سے گزرنا۔

دَمجاَر شیَیَس (damjaár śéyas) [بُر۔محاورہ] تکلیف اٹھانا، دکھ درد برداشت کرنا، سخت مشقت کرنا۔

دَمجاَرِک (damjaáriṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے دَمجاَر (damjaár) جس کی یہ جمع ہے۔

دَمجاَرِک تِمیَش ایَتس

دَمجارِن تِمیےشِ ایتَس (damjaárin timeeś étas) [بُر۔محاورہ] دکھ سہنا، رنج اٹھانا (۲) عذاب اٹھانا۔

دَمدار (damdáar) [ف۔صف] مضبوط، طاقتور (۲) حمایت یافتہ، مفاد یافتہ (۳) منظورِ نظر۔

دَمدار مَناس (damdáar manáas) [ف+بُر۔محاورہ] مضبوط ہونا، طاقتور ہونا (۲) منظورِ نظر بننا (۳) فربہ ہونا۔

دَمدارِشُو (damdáariśo) [ف+بُر] دیکھیے دَمدار (damdáar) جس کی یہ جمع ہے۔

دَمدارئ (damdaarí) [ف،بُر۔اسم] قوت، طاقت (۲) حمایت (۳) عزت، بڑائی۔

دوستیےِ دِیوانہ دَربیش دآ کرےِ دَلتَس دَغُرُشا؟
دَکرےِ دَمَنرےِ دِیوانگیولؤ دآ کرےِ دَمدارِیےِ بیَت

دیوانِ نصیری (بُروشسکی)، ص ۱۰۴۔

ترجمہ: (اے قاضی الحاجات!) مجھ ایسے درویش سے جو عشقِ سماوی کا دیوانہ ہے کیا ایک دفعہ پھر حاجت کے لیے مجھ سے دریافت کرے گا؟ اگر ایسا موقع ملا تو یقین کے مالک کی دیوانگی میں میری فریاد (صرف) یہی ہوگی کہ تجھ سے میری قربت اور اعتماد میں اور بھی برکت ہو جائے۔

دِمَڈ (dímac̣) [بُر] دیکھیے دِمَڈَس (dímac̣as) جس کا یہ امر ہے۔

دِمَڈَس (dímac̣as) [بُر۔مص] لپیٹنا، دوتا کرنا۔

دِمَڈُم (dímac̣um) [بُر] دیکھیے دِمَڈَس (dímac̣as) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُمَڈ (dúmac̣) [بُر] دیکھیے دُمَڈَس (dúmac̣as) جس کا یہ امر ہے۔

دُمَڈَس (dúmac̣as) [بُر۔مص] دیکھیے دُمَڈَس (dumác̣as)، یہ بعض اشیا مثلاً گھاس کے گٹھوں وغیرہ کے لیے استعمال ہوتا ہے بُوشو دُمَڈَس (buśóṅo dúmac̣as)۔

دُمَڈُم (dúmac̣um) [بُر] دیکھیے دُمَڈَس (dúmac̣as) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُمَڈ (dumác̣) [بُر] دیکھیے دُمَڈَس (dumác̣as) جس کا یہ امر ہے۔

دُمَڈَس (dumác̣as) [بُر۔مص] لپیٹنا (بعض چیزوں کے لیے) (۲) سنبھالنا (۳) اکٹھا کرنا (۴) فصل وغیرہ کو جمع کرنا (۵) سمیٹنا۔

دُمَڈُم (dumác̣um) [بُر۔مص] دیکھیے دُمَڈَس (dumác̣as) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِمَر (dímar) [بُر] دیکھیے دِمَرَس (dímaras) جس کا یہ امر ہے۔

دِمَرَس (dímaras) [بُر۔مص] کسی کے ہاتھ سے لینا، کسی کے ہاتھ سے اٹھالینا، دینے والے کے ہاتھ

سے اٹھالینا [محاورہ] ہاتھ بٹانا۔

دِمَرُم (dímarum) [بُر] دیکھیے دِمَرَس (dímaras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُمَر (dúmar) [بُر] دیکھیے دُمَرَس (dúmaras) جس کا یہ امر ہے۔

دُمَرَس (dúmaras) [بُر۔مص] مانگنا، طلب کرنا، تقاضا کرنا (۲) کسی کے ہاتھ سے کوئی چیز لینا (۳) رشتہ مانگنا۔

دُمَرُم (dúmarum) [بُر] دیکھیے دُمَرَس (dúmaras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

- **دُمُس** (-dúmus) [بُر۔اسم] گھٹنا، زانو۔

- **دُمُسے پُھل** (- dúmuse phul) [بُر۔اسم] وہ چھوٹی سی گول ہڈی جو گھٹنے کے اوپر ہوتی ہے اور حرکت کرتی ہے، کاسۂ زانو۔

دَمُشی (dámši) [بُر۔اسم] انتخاب، پسند۔

دَمُشی ایتَس (dámši étas) [بُر۔محاورہ] انتخاب کرنا، چننا، پسند کرنا۔

دَمُشی مَناس (dámši manáas) [بُر] دیکھیے دَمُشی ایتَس (dámši étas) جس کا یہ لازم ہے۔

دَمُشی موٗ (dámšimo) [بُر۔متعلق فعل] منتخب شدہ، چنا ہوا (۲) پسندیدہ۔

دَمُشیے (dámšiye) [بُر۔متعلق فعل] پسندیدہ، حسبِ دل خواہ، مقبول نظر، مرغوب، پسند کے قابل۔

دُمَش (dumáṣ) [بُر۔اسم] بکثرت گرد و غبار یا دھوں (۲) بدبو (۳) بھیڑ، لوگوں کا ہجوم۔

دُمَش دُوٗسَس (dumáṣ duúsas) [بُر۔محاورہ] بکثرت گرد و غبار یا دھواں اٹھنا (۲) بدبو پیدا ہونا (۳) مجمع، لوگوں کا ہجوم۔

دُمُشقُرَس (dumúṣquras) [بُر۔مص] بھیگنے کی وجہ سے لچکدار ہونا (۲) خمیرہ بن جانا (۳) خمیر کی شکل اختیار کرنا (۴) بہت تجربہ کار ہونا۔

دُمُشقُرُم (dumúṣqurum) دیکھیے دُمُشقُرَس (dumúṣquras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دَمِشکُم (damíṣkum) [بُر۔صف] ٹیڑھا، آڑا، بانکا، ترچھا۔

دَمِشکُم اوسَس (damíṣkum óosas) ترچھا رکھنا۔

دَمگِیر (damgíir) [ف۔اسم] دمہ کا مریض، سانس کا مریض۔

دَمگِیر مناس (damgíir manáas) [ف+بُر] دیکھیے دَمگِیر (damgíir)۔

دِمِل (dimíl) [بُر] دیکھیے دِمِلَس (dimílas) جس کا یہ امر ہے۔

دُمَلتَرَس (dumáltaras) [بُر۔مص] اردگرد چپک جانا، چسپاں ہونا، الجھنا (۲) لپٹنا۔

دُمَلتَرُم (dumáltarum) [بُر] دیکھیے دُمَلتَرَس (dumáltaras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِمِلَس (dimílas) [بُر۔مص] اثر زائل ہونا، بے اثر ہونا۔

دِمِلُم (dimílum) [بُر] دیکھیے دِمِلَس (dimílas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِمِم (dimím) [بُر] دیکھیے دِمِیَس (dimíyas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دَمَن (damán) [بُر۔اسم] مالک، صاحب (۲) ایک ماں باپ کا، سگا، خونی، حقیقی (۳) بہت قریبی، رشتہ دار، اپنا۔

دَمَن اَپِم اِیِلتَش (damán apím iíltaṣ) [بُر۔محاورہ] وہ مویشی جس کا مالک نہ ہو۔

دَمَن شِیم (damán ṣiim) [بُر] یہ ایک گالی ہے جو عام طور پر کھیتوں میں جانوروں کے گھس جانے اور فصل کو نقصان پہنچانے پر اس جانور کے مالک کو دی جاتی ہے، لغوی معنی: اپنے مالک کو کھائے!، اس کے مالک کو نقصان ہو نیز انتہائی نادان انسان کے لیے بھی یہ گالی استعمال ہوتی ہے۔

دِمَن (díman) [بُر] پیدا ہو کر۔

دُمَن (dúman) [بُر] دیکھیے دِمَن (díman) جس کی یہ جمع ہے۔

دُمَن (dumán) [بُر] دیکھیے دُمَنَس (dumánas) جس کا یہ امر ہے۔

دَمَنَر (damánar) [بُر۔متعلق فعل] مالک کے لیے۔

دَمَنَر شَبَش (damánar ṣábaṣ) [بر] اس کی تعریف اس کے مالک کے لئے ہے، مالک کو شاباش ہو!۔

دَمَنَر مَلدِش (damánar malčiṣ) [بر] مالک کو گالی، اس کا الزام اس کے مالک پر ہے۔

دِمَنَس (dímanas) [بُر۔مص] پیدا ہونا، جنم لینا، (محاورۃً) خوش ہونا۔

دِمَنَس اَیِیتَس (dímanas ayétas) [بُر۔محاورہ] خراب کرنا، ویران کرنا (۲) کسی کو بہت زیادہ مارنا۔

دِمَنَس ایِمَنَس (dímanas eémanas) [بُر۔محاورہ] حالت خراب ہونا، ناقابلِ اصلاح ہونا۔

دُمَنَس (dúmanas) [بُر۔مص] پیدا ہونا، جنم لینا (۲) بہت خوش ہونا (۳) دِمَنَس (dímanas) کی جمع۔

دُمَنَس اوٗمَنَس (dúmanas oómanas) [بُر۔محاورہ] (خاندان یا لوگوں کے لیے) حالت

خراب ہونا (۲) ناقابلِ اصلاح ہونا۔

دُمَنَس اَیوٗتَس (dúmanas ayótas)
[بُر۔محاورہ] کسی شخص یا خاندان کو اس طرح تباہ و برباد کرنا کہ وہ دوبارہ سر نہ اٹھا سکے۔

دُمَنَس (dumánas) [بُر۔مص] بن جانا (۲) مطلب حل ہونا (۳) تعمیر مکمل ہونا (۴) دودھ جم کر دہی کی شکل اختیار کرنا (۵) خون جم جانا۔

دُمَنَس اوٗمَنَس (dumánas oómanas)
[بُر۔محاورہ] (جائیداد یا چیزوں کے لیے) برباد ہونا (۲) آلودہ ہونا (۳) خستہ حال ہونا۔

دُمَنَس اَییَتَس (dumánas ayétas)
[بُر۔محاورہ] ویران کرنا (۲) ناقابلِ اصلاح کرنا، بگاڑنا۔

دِمَنُم (dímanum) [بُر] دیکھیے دِمَنَس (dímanas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُمَنُم (dúmanum) [بُر] دیکھیے دُمَنَس (dúmanas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُمَنُم (dumánum) [بُر] دیکھیے دُمَنَس (dumánas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُمَنُم مَموٗ (dumánum mamú) [بُر۔اسم] دہی، جماہوا دودھ۔

دُمَنیِ (dumáni) [بُر۔اسم] ایک پرانا زنانہ نام۔

دُمْنیِ کھاي (dumní kháay) [بُر۔اسم] ایک جگہ کا نام (۲) مجازاً نصف سال یا سال کا ایک قلیل عرصہ (۳) ہونزا میں اس عورت کو 'دُمْنیِ کھاي ڈَر گِیَل اییَتَس (dumní kháay car giyál ayétas)' کہا جاتا تھا جس کے گھر میں سال پورا ہونے سے پہلے آٹا ختم ہوتا تھا۔

دَمَنےِ ایسُ لوٗ خُدا سیَنان
(damáne ésulo qhudáa senáan)
[بُر۔کہاوت] صلاحِ کار سے مالک ہی بہتر واقف ہوتا ہے، اپنے کام کو مالک ہی بہتر جانتا ہے۔

دَمَنےِ نَذےِ (damáne náze) [بُر] مالک سے قربان۔

دَمَنےِ نَذیِر (damáne názer) دیکھیے دَمَنےِ نَذےِ (damáne náze)۔

دُموٗق (dumóq) [بُر] دیکھیے دُموٗقَس (dumóqas) جس کا یہ امر ہے۔

دُموٗقَس (dumóqas) [بُر۔مص] بال گرنا، بال گر کر ختم ہونا۔

دُموٗقُم (dumóqum) [بُر] دیکھیے دُموٗقَس (dumóqas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دَمه/دَماٗ (damá) [ف۔اسم] دھونکنی (۲) سانس کی بیماری، ایک بیماری جس میں سانس جلدی جلدی اور

رُک رُک کرآتا ہے۔

دِمَہِس (dímaẏas) [بُر۔مص] صلح ہونا، ناراضگی کے بعد صلح ہونا (۲) لباس کا موزوں لگنا (۳) دوا یا غذا کا موافق آنا۔

دُمَہِس (dúmaẏas) [بُر۔مص] دیکھیے دِمَہِس (dímaẏas) معنی نمبر ا (۲) غذا، دوا اور لباس (کچھ چیزوں کے لیے) موزوں لگنا۔

دِمَہُم (dímaẏum) [بُر] دیکھیے دِمَہِس (dímaẏas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُمَہُم (dúmaẏum) دیکھیے دُمَہِس (dúmaẏas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِمِیَس (dimíyas) [بُر۔مص] کسی مائع چیز کا گر جانا، پانی وغیرہ کا برتن سے گر جانا۔

دَمےِ (dáme) [بُر۔متعلق فعل] دمہ سے متعلق۔

دَمےِ بیائی (dáme biyáy) [بُر] دیکھیے دَماً (damá) معنی نمبر ۲۔

دَمےِ وَلَس (dáme wálas) [بر۔محاورہ] دمہ کی بیماری لاحق ہونا۔

دَمَیلَس (damáyalas) [بُر۔مص] سننا (حاضر جمع کے لیے)۔

دَمَیلِن (damáyalin) [بُر] دیکھیے دَمَیلَس (damáyalas) جس کا یہ امر ہے۔

دَمیوٗ (damáyo) [بُر۔اسم] دیکھیے دَمَن (damán) جس کی یہ جمع ہے۔

د ۔ ن

دَن (dan) [بُر۔اسم] پتھر۔

دَن اِخَرَس (dan iqháras) [بُر۔محاورہ] پتھر توڑنا (۲) قطعی فیصلہ کرنا، انصاف سے فیصلہ کرنا۔

دَن اوسَس (dan óosas) [بُر۔محاورہ] بنیاد رکھنا، دیوار پر پتھر رکھنا (۲) حد مقرر کرنا۔

دَن ایتَس (dan étas) [بُر۔محاورہ] سخت بنانا، فصل والی زمین پر چل کر سخت بنانا (۲) تعمیراتی کام کے لیے پتھر اکٹھا کرنا۔

دَن ایشیِ کَنَر گِیَس (dan ésikanar gíyas) [بُر۔محاورہ] چھپ جانا، سامنے نہ آنا (۲) خود کو بچانا۔

دَن بالْت (dan báalt) [بُر۔اسم] سیب کی ایک قسم جو سخت ہوتی ہے۔

دَن بَکوّر ایتَس (dan bakór étas) [بُر۔محاورہ] پتھر اور بَکوّر (bakór) کے ذریعے پانی کو بند کرنا، پانی کو خوب مضبوطی سے بند کرنا۔

دَن پَھل ایتَس (*dan phal étas*) [بُر۔محاورہ] پتھر پھینکنا (۲) الگ تھلگ کرنا، تنہا چھوڑنا (۳) پریشان حال کرنا (۴) ایک کھیل کا نام۔

دَن چِل (*dan ċhil*) [بُر۔اسم] گندھک، گوگرد۔

دَن دال ایتَس (*dan dáal étas*) [بُر۔محاورہ] پتھر اٹھانا، کسی جگہ کو پتھروں سے صاف کرنا۔

دَن دَن ڈِے دیلَس (*dan dánċe délas*) [بُر۔محاورہ] عجلت کرنا، جلدی کرنا (۲) کسی کو جلدی آنے یا جانے پر مجبور کرنا۔

دَن دَن مَناس (*dan dan manáas*) [بُر۔محاورہ] کسی گاڑھی چیز کے گرنے کی آواز آنا (۲) کسی موٹے شخص کے دوڑنے کا انداز۔

دَن دیلَس (*dan délas*) [بُر۔محاورہ] حد مقرر کرنا (۲) عہد و پیمان کرنا۔

دَن ڈَم ایتَس (*dan ḍam étas*) [بُر۔محاورہ] اعلان کرنا، آشکار کرنا۔

دَن ڈَم مَناس (*dan ḍam manáas*) [بُر] دیکھیے دَن ڈَم ایتَس (*dan ḍam étas*) جس کا یہ لازم ہے۔

دن ڈِے دیلَس (*dánċe délas*) [بُر۔محاورہ] کسی چیز کو پتھر پر دے مارنا (۲) ٹھوکر کھانا، ٹھوکر کھا کر پیر کو زخمی کرنا۔

دَن ڈِے یَم یُوٹِس، دآ دَن ڈِے یَم جُوَن (*dánċe yam yuúṭis, daá dánċe yam juwán*) [بُر۔مثل] 'یک نہ شد دو شد' ایک کے بعد دوسرا نقصان ہونا۔

دَن ڈِے یَیَس (*dánċe yáyas*) [بُر۔محاورہ] کسی چیز کا پتھر کے ساتھ ٹکرانا (۲) ٹھوکر لگنا۔

دَن غَقُل (*dan ġaqúl*) [بُر۔اسم] پھوڑے کی ایک قسم (۲) وہ آبلہ جو زیادہ چلنے کی وجہ سے پیر میں نکلے، جیسا کہ کہاوت ہے: یَٹِسے سا غَقُل یُوٹِسے دَن غَقُل (*yáṭise sa ġaqúl yuúṭise dan ġaqúl*) یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب انسان انتہائی مشقت اور دکھ درد سہتا ہے۔

دَن مَناس (*dan manáas*) [بُر۔محاورہ] سخت ہونا، پتھر کی طرح ہونا (۲) نہایت کنجوس بننا۔

دَن وَشِیَس (*dan wáśiyas*) [بُر۔محاورہ] پتھر پھینکنا، پتھر پھینکنے کا مقابلہ کرنا۔

دَن وَلَس (*dan wálas*) [بُر۔محاورہ] کسی پہاڑ سے ایک ایک ہو کے پتھروں کا گرنا، پتھروں کا کبھی کبھی گرنا۔

دَناٹُمُڈ (*danáaṭumuċ*) [بُر۔اسم] دیکھیے دَناٹو (*danáaṭo*) جس کی یہ جمع ہے۔

دَناٹو (*danáaṭo*) [بُر۔اسم] وہ پایہ جو پُل بنانے کے

لیے ندی وغیرہ کے دونوں کناروں پر بنایا جاتا ہے (۲) وہ بلند پایہ یا کرسی جہاں سے دیسی چکی کی طرف ناؤدان کے ذریعے پانی گرایا جاتا ہے۔

دِنار (dináar) [ع، بُر۔اسم] دینار کا محرف، عرب ملک کی ایک کرنسی کا نام، عزیز، پیارا (۲) ایک مردانہ نام۔

دُنالیِ (dunáali) [اُر۔اسم] دونالیوں والی بندوق۔

دَنَٹے اِمَنَس (dánaṭe imánas) [بُر] دیکھیے دَنَٹے ایتَس (dánaṭe étas) جس کا یہ لازم ہے۔

دَنَٹے ایتَس (dánaṭe étas) [بُر۔محاورہ] الگ تھلگ کرنا، تنہا کرنا (۲) کسی کے ساتھ سماجی تعلقات قطع کرنا۔

دَنَٹے غاٗ جُوَن (dánaṭe ġa juwán) [بُر۔تشبیہ] اس کوے کی طرح جو کسی پتھر پر تنہا بیٹھا ہو، (کنایتہً) بے اولاد شخص، تنہا شخص۔

دَنَٹے مَناس (dánaṭe manáas) [بُر۔محاورہ] تنہائی اختیار کرنا، الگ تھلگ ہونا۔

دِنچِر (dinċhír) [بُر] دیکھیے دِنچِرَس (dinċhíras) جس کا یہ امر ہے۔

دِنچِرَس (dinċhíras) [بُر۔مص] پھیل جانا (۲) بکھر جانا، کشادہ ہونا۔

دِنچِرُم (dinċhírum) [بُر] دیکھیے دِنچِرَس (dinċhíras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِنڈِش (dindíṣ) [بُر۔اسم] گیلاس (چیری) سے ملتا جلتا ایک جنگلی درخت جس کا پھل زہریلا ہوتا ہے۔

دَنڈوس (dandós) [بُر۔اسم] دوری، جلد کی ایک بیماری کا نام۔

دَنڈوس دُوَسَس (dandós duúsas) [بُر۔محاورہ] جسم کو دوری کی بیماری لگنا، جلد کو دوری کی بیماری لاحق ہونا۔

دَنڈوس مَناس (dandós manáas) [بُر۔محاورہ] بڑی تعداد میں پھیل جانا (۲) جسم پر پھوڑے پھنسیاں پھیل جانا (۳) بڑی تعداد میں مال مویشیوں کا چراگاہ یا کھیت وغیرہ میں پھیل جانا (۴) کھیت میں فصل کے ساتھ طفیلی بوٹیاں پھیل جانا۔

دِنڈِر (dínċir) [بُر] دیکھیے دِنڈِرَس (dínċiras) جس کا یہ امر ہے۔

دِنڈِرَس (dínċiras) [بُر۔مص] بکھیرنا (۲) پھیلانا۔

دِنڈِرُم (dínċirum) [بُر] دیکھیے دِنڈِرَس (dínċiras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دَنَش (danáṣ) [بُر۔اسم] قرار، چین (۲) مستقل مزاجی (۳) ٹھکانا۔

دَنَش مَناس (danáṣ manáas) [بُر۔محاورہ]

قرار ہونا،ایک جگہ جم کر رہنا،چین سے بیٹھنا۔

دَنَک (danák) [بُر۔اسم] آٹا تولنے والی ترازو۔

دَنَن (dánan) [بُر۔اسم] ایک پتھر۔

دُنیا (dunyáa) [ع۔صف] ادنیٰ کا مونث بمعنی نزدیک،خلافِ عقبیٰ،جہان،عالم (۲) مال،دولت۔

دُنیاتَر یا سیٔنَس (dunyáatar ya sénas) [بُر۔محاورہ] تارک الدنیا بننا،دنیا سے دست بردار ہونا۔

دُنیا تَٹِے تھانُم گمَنِش

(dunyáataṭe tháanum gumániṣ) [بُر۔دعا] سربلندی نصیب ہو،کامیابی نصیب ہو۔

دُنیاتِے کا مَناس

(dunyáate káa manáas) [بُر۔محاورہ] دنیا ساز بننا (۲) لوگوں سے میل جول رکھنا،تعلقات پیدا کرنا۔

دُنیاتِے ہِک گمَنِش

(dunyáate hik gumániṣ) [بُر۔دعا] آباد ہو،مالا مال ہو (۲) بکثرت اولاد پیدا ہو۔

دُنیادار (dunyáa dáar) [عف۔صف] تعلقاتِ دنیا میں گھرا ہوا (۲) چالاک (۳) ظاہردار۔

دُنیاداری/دُنیاداری (dunyaadaarí) [عف] دیکھیے دُنیادار (dunyáadaar) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دُنیا ڈُم اِریکٹ بالتَس

(dunyáa ċum iríiṅ báaltas) [بُر۔محاورہ] مایوس ہونا،شکستہ خاطر ہونا،تارک الدنیا بننا۔

دُنیا ڈُم اِریکٹ دال ایتَس

(dunyáa ċum iríiṅ dáal étas) [بُر] دیکھیے دُنیا ڈُم اِریکٹ بالتَس (dunyáa ċum iríiṅ báaltas)۔

دُنیا ڈُم بےخَبَر

(dunyáa ċum beeqhabár) [بُر۔محاورہ] غافل،بے پرواہ،دنیا کے مسائل سے بےخبر۔

دُنیا ڈُم نِیَس (dunyáa ċum níyas) [بُر۔محاورہ] فوت ہونا،انتقال کرنا (۲) قریب المرگ ہونا۔

دُنیا کرِے آخِرَتِے اَو

(dunyáa ke aaqhiráte aw) [بُر۔محاورہ] کسی کو منھ بولا باپ بنانا۔

دَنیٔ (dáni) [بُر۔اسم] لے،سُر،الحان آہنگ،دھن۔

دَنیٔ ایغَرَس (dáni égaras) [بُر۔محاورہ] سر بجانا،دھن بجانا،راگ الاپنا۔

دَنیٔ مُڈ (dánimuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے دَنیٔ (dáni) جس کی یہ جمع ہے۔

دَنِرِ ایَس (dáne es) [بُر۔صف] سنگدل، بےرحم، ظالم (۲) کنجوس۔

دَنِرِ ایَس ایَتَس (dáne es étas) [بُر۔محاورہ] سنگدل بننا، بےرحم ہونا (۲) بخیل بننا۔

دَنِرِ ایَس مَناس (dáne es manáas) [بُر] دیکھیے دَنِرِ ایَس ایَتَس (dáne es étas) جس کا یہ لازم ہے۔

دَنِرِ تَنوٗس (dáne tanós) [بُر۔اسم] ہاون یا کھرل جو پتھر سے بنایا گیا ہو۔

دَنِرِ خِمِشدون (dáne qhimiśdóon) [بُر۔اسم] وہ خِمِشدون (qhimiśdóon) جو پتھر سے بنایا گیا ہو۔

دَنِرِ دیَلَس (dáne délas) [بُر۔محاورہ] پتھر مارنا، سخت جواب دینا، گالی دینا۔

دَنِرِ سَرِیکُس ایَتَس (dáne sariikus étas) [بُر۔محاورہ] تنہا کرنا، الگ تھلگ کرنا، نیز دیکھیے دَنَٹِرِ ایَتَس (dánate étas)۔

دَنِرِ شَوٗ ایَتَس (dáne ṣaw étas) [بُر] دیکھیے دَنِرِ دیَلَس (dáne délas)۔

دَنِرِ کاٹیَر (dáne kaṭér) [بُر۔اسم] بارود، وہ دھماکہ خیز مواد جو کاغذ میں بیلن کی شکل میں لپیٹی ہوتی ہو۔

دَنِرِ کور (dáne kóor) [بُر۔اسم] ایسا غار جو پتھر کے نیچے ہو۔

دَنِرِ ہَنجِل (dáne hanjíl) [بُر۔اسم] کوئلہ جو کان سے نکالا ہو۔

د۔و daw, diw, duw

دَو (daw) [بُر۔اسم] توا، لوہے کا وہ گول ظرف جس پر روٹی پکاتے ہیں، (کنایۃً) بہت سیاہ، سخت کالا۔

دَوبَت (daw bat) [بُر۔اسم] پتھر کی کم موٹی چوڑی سِل جسے گرم کرکے اس پر روٹی پکاتے تھے۔

دَو وَشِیَس (daw wáśiyas) [بُر۔مص مر] چولہے پر توا رکھنا (۲) ایک رسم جو شادی سے دو یا تین دن پہلے ادا کی جاتی ہے جس میں براتیوں اور ولیمہ کے لیے تیار کی جانے والی روٹیاں پکانے کا آغاز ہوتا ہے۔

دِو (diw) [بُر] دیکھیے دِوسَس (díwsas) جس کا یہ امر ہے۔

دَوا (dawáa) [ع۔اسم] دوائی، علاج۔

دَوا ایَتَس (dawáa étas) [ع+بُر۔محاورہ] علاج کرنا، چارہ جوئی کرنا، آرام پہنچانا۔

دُوا (duwáa) [ع،بُر۔اسم] دعا کا بگاڑ، التجا، درخواست، استدعا (۲) وظیفہ، افسون (۳) بہتری

کی خواہش۔

دُوا ایتَس (duwáa étas) [بُر۔محاورہ] دعا کرنا/مانگنا، خدا سے التجا کرنا، مانگنا (۲) افسون پڑھنا۔

دُوا تُمَر (duwáa tumár) [بُر۔اسم] افسون اور تعویز۔

دُوا تُمَر ایتَس (duwáa tumár étas) [بُر۔محاورہ] افسون پڑھنا اور تعویز لکھنا۔

دَوات (dawáat) [ف۔اسم] سیاہی رکھنے کا ظرف۔

دُوار (duwáar) [بر۔اسم] دیکھیے دُوارَس (duwáaras) جس کا یہ امر ہے (۲) برائے دعا۔

دُوارَس (duwáaras) [بُر۔مص] ڈھک جانا (۲) اوپر سے چھپانا۔

دُوارُم (duwáarum) [بُر] دیکھیے دُوارَس (duwáaras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے (۲) کسی پہاڑ یا چٹان میں ایسی جگہ جو غار کی شکل میں ہو۔

دُوارُمِکْ (duwáarumiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے دُوارُم (duwáarum) معنی نمبر ۲ جس کی یہ جمع ہے۔

دُوارَنُم (duwáaranum) [بُر۔اسم] کسی پہاڑ یا چٹان میں ایسی جگہ جو غار کی شکل میں ہو (۲) دُوارَنَس (duwáaranas) کی صفتِ مفعولی ہے۔

دُواس (duwáas) [بُر] دیکھیے دُواسَس (duwáasas) جس کا یہ امر ہے۔

دُواسَس (duwáasas) [بُر۔مص] رہ جانا، باقی رہنا، بچ جانا۔

دُواسُم (duwáasum) [بُر] دیکھیے دُواسَس (duwáasas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُوانا (duwaaná) [بُر۔اسم] دوآنہ۔

دِوانہ/دِوانا (diwaaná) [ف،بُر۔صف] دیوانہ، پاگل۔

دِوانہ مُڅ (diwaanámuċ) [ف،بر۔اسم] دیکھیے دِوانہ (diwaaná) جس کی یہ جمع ہے۔

دِوانہ تِکْ (diwaanátiṅ) [ع،بر۔اسم] دیکھیے دِوانہ (diwaaná) جس کی جمع کی یہ بھی ایک صورت ہے۔

دِوانہ اِمَنَس (diwaaná imánas) [ف+بُر] دیکھیے دِوانہ ایتَس (diwaaná étas) جس کا یہ لازم ہے۔

دِوانہ ایتَس (diwaaná étas) [ف+بُر۔محاورہ] پاگل بنانا، دیوانہ بنانا، پاگل کرنا۔

دِوانگی/دِوانگیۓ (diwaangí) [ف۔اسم] پاگل پن۔

دَوائی/دَوائیِ (*dawaayí*) [بُر۔اسم] دیکھیے دَوا (*dawáa*)۔

دِوآکوٗ (*diwaáko*) [بُر۔اسم] کاہن، دیو سے باتیں دریافت کرکے غیب کی خبریں بتانے والا۔

دُوآکیِ (*duwaáki*) [بُر] رجآکیِ (*rajaáki*) کا تابع مہمل۔

دُوَپِیَس (*duwápiyas*) [بُر۔مص] رکاوٹ بننا، مانع ہونا (۲) دھرنا مار کر بیٹھنا۔

دَور (*dawr*) [ع۔اسم] زمانہ، دور۔

دَوران (*dawráan*) [ف۔اسم] زمانہ، وقت (۲) گردش۔

دِوَرَس (*díwaras*) [بُر۔مص] جان پیدا ہونا، زندہ ہونا، جی اٹھنا۔

دُوَرَس (*dúwaras*) [بُر۔مص] دیکھیے دِوَرَس (*díwaras*) جس کی یہ جمع ہے۔

دُوَرَس (*duwáras*) [بُر۔مص] جان پیدا ہونا، جی اٹھنا۔

دِوَرُم (*díwarum*) [بُر] دیکھیے دِوَرَس (*díwaras*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُوَرُم (*duwárum*) [بُر] دیکھیے دُوَرَس (*duwáras*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دَورہ/دَوراَ (*dawrá*) [ع۔اسم] چکر، گردش (۲) نوبت، باری (۳) گشت۔

دِوس (*diws*) [بُر] دیکھیے دِو (*diw*)۔

دِوسَس (*díwsas*) [بُر۔مص] باہر نکالنا (۲) آگے نکالنا (۳) ظاہر کرنا۔

دِوَسَس (*díwasas*) [بُر۔مص] رہ جانا (۲) باقی رہنا (۳) زندہ رہنا۔

دُوَسَس (*dúwasas*) [بُر۔مص] رہ جانا، باقی رہنا، بچ جانا (۲) دِوَسَس (*díwasas*) کی جمع۔

دِوَسُم (*díwasum*) [بُر] دیکھیے دِوَسَس (*díwasas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِوسُم (*díwsum*) [بُر] دیکھیے دِوسَس (*díwsas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُوَشَیَس (*duwáśayas*) [بُر۔مص] باہر نکلنا، برآمد ہونا (۲) جیتنا۔

دِوَقَس (*díwaqas*) [بُر۔مص] نمناک ہونا، نمی کا اثر ہونا۔

دُوَقَس (*duwáqas*) [بُر۔مص] دیکھیے دِوَقَس (*díwaqas*) جس کی یہ جمع ہے۔

دِوَقُم (*díwaqum*) [بُر] دیکھیے دِوَقَس (*díwaqas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُوَقِم (*duwáqim*) [بُر] دیکھیے دُوَقَس (*duwáqas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُوَقُم (duwáqum) [بُر] دیکھیے دُوَقِم (duwáqim)۔

دُوَقِیَس (duwáqiyas) [بُر] دیکھیے دُوَقَس (duwáqas)۔

دِوِل (diwl) [بُر] دیکھیے دِوِلَس (díwlas) جس کا یہ امر ہے۔

دُوَل (duwál) [بُر] دیکھیے دُوَلَس (duwálas) جس کا یہ امر ہے۔

دِوِلَس (díwlas) [بُر۔مص] تعمیر کرنا، چھت ڈالنا، کسی مکان پر چھت ڈالنا۔

دُوَلَس (duwálas) [بُر۔مص] اڑنا، (محاورۃً) جلدی کرنا، عجلت سے کام لینا (۲) تیز تیز چلنا (۳) [اسم] پرندہ۔

دُوَلَسَن (duwálasan) [بُر۔اسم] دیکھیے دُوَلَس (duwálas) معنی نمبر ۳ یہاں نون علامتِ وحدت ہے۔

دُوَلَشو (duwálašo) [بُر۔اسم] دیکھیے دُوَلَس (duwálas) معنی نمبر ۳ جس کی یہ جمع ہے۔

دِوِلُم (díwlum) [بُر] دیکھیے دِوِلَس (díwlas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُوَلُم (duwálum) [بُر] دیکھیے دُوَلَس (duwálas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دَومُڈ (dáwmuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے دَو (daw) جس کی یہ جمع ہے۔

دَوَن (dáwan) [بُر۔اسم] کوئی ایک تو ا 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

دَوَن (dawán) [بُر۔صف] فارسی لفظ دوان کا مخفف، دوڑتا ہوا (۲) وہ شخص یا گھوڑا جو دوڑ کے مقابلے میں شامل ہو۔

دَوَنڈ (dawánċ) [بُر۔اسم] دیکھیے دَو (daw) جس کی جمع کی یہ بھی ایک صورت ہے۔

دُوَنڈ (duwánċ) [بُر۔اسم] دیکھیے دُو (du) جس کی یہ جمع ہے۔

دُوَنڈ اُغَرکَس (duwánċ uġárkas) [بُر۔محاورہ] بکریوں کے شیر خوار بچوں کو ماؤں سے الگ کرنا، بکریوں کے بچوں کو بَکُر (bákur) میں بند کرنا۔

دونِیَر گُوَس (dawániyar gúwas) [بُر۔مص مر] دوڑ کے مقابلے میں شامل کرنا۔

دَوَنی (dawáni) [بُر۔اسم] دوڑ کا مقابلہ، دوڑ۔

دَوُوس (dawúus) [بر۔صف] دیکھیے دَیُوث (dayúus) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

دَوے اِسکِل (dáwe iskil) [بُر۔محاورہ] صورت سے ناراضگی ظاہر کرنا، تیوری چڑھانا، منہ بُرا

بنانا۔

دَوے اِسکِل ایتَس (dáwe ískil étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے دَوے اِسکِل (dáwe ískil)۔

دَوے اِسکِل ایتَس (dáwe ískil éetas) [بُر۔محاورہ] شرمندہ کرنا، ذلیل کرنا، روسیاہ کرنا۔

دـوٗ do

دوٗڈِر (dóċir) [بُر] دیکھیے دوٗڈِرَس (dóċiras) جس کا یہ امر ہے۔

دوٗڈِرَس (dóċiras) [بُر۔مص] پکانا (کچھ چیزوں کا)۔

دوٗڈِرُم (dóċirum) [بُر] دیکھیے دوٗڈِرَس (dóċiras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دوٗر (dor) [بُر] دیکھیے دَر (dar) جس کی یہ تصغیر ہے۔

دوٗر دوٗر (dor dor) [بُر] دیکھیے دَر دَر (dar dar) جس کی یہ تصغیر ہے۔

دوٗرو (dóro) [بُر۔صف] عاجز، مسکین (۲) ڈرپوک۔

دُوزَق (duzáq) [بُر۔اسم] دوزخ کا بگاڑ، جہنم۔

دوٗسَلَٹَس (dósalaṭas) [بُر۔مص] سمیٹنا، اکٹھا کرنا، سنبھالنا۔

دوٗسکو (dósko) [بُر] دیکھیے دوٗسکُوَس (dóskuwas) جس کا یہ امر ہے۔

دوٗسکُوَس (dóskuwas) [بُر۔مص] اتارنا، اتار کر نیچے لانا (۲) مال مویشیوں کو چراگاہ سے گاؤں لانا۔

دوٗسکُیَس (dóskuyas) [بُر] دیکھیے دوٗسکُوَس (dóskuwas)۔

دوٗشُل (dóśul) [بُر] دیکھیے دوٗشُلَس (dóśulas) جس کا یہ امر ہے۔

دوٗشُلَس (dóśulas) [بُر۔مص] خوشوں سے دانے الگ کرنا (۲) چن کر جمع کرنا، چن کر صاف کرنا، نیز دیکھیے دیشُلَس (déśulas) جس کی یہ جمع ہے۔

دوٗشُلُم (dóśulum) [بُر] دیکھیے دوٗشُلَس (dóśulas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دوٗشَیَس (dóśayas) [بُر۔مص] روکنا، مانع ہونا، پیش بندی کرنا (۲) مال مویشیوں کو چرتے وقت مقررہ حد کے اندر رکھنا۔

دوٗش (doṣ) [بُر۔اسم] وہ خارش جو الرجی کی وجہ سے یا کسی زہریلے کیڑے کے کاٹنے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

دوٗش دِیارڈَس (doṣ diyáarċas) [بُر۔محاورہ] الرجی یا کسی زہریلے کیڑے کے کاٹنے کی وجہ سے بدن پر خارش پیدا کرنا۔

دوٗسْت (doṣt) [بُر۔اسم] برداشت، صبر، تحمل۔

دوٗل (dol) [بُر] دیکھیے دوٗلَس (dólas) جس کا یہ امر ہے (۲) خود کو گھسیٹتے چلنا، چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔

دوٗل دوٗل (dol dol) [بُر] دیکھیے دَل دَل (dal dal) جس کی یہ تصغیر ہے۔

دوٗل مَناس (dol manáas) [بُر۔محاورہ] خود کو گھسیٹتے چلنا، چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔

دوٗلَس (dólas) [بُر۔مص] مارنا، نیز دیکھیے دیٖلَس (délas) جس کی یہ جمع ہے۔

دوٗلُم (dólum) [بُر] دیکھیے دوٗلَس (dólas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دوٗمِیَس (dómiyas) [بُر۔مص] بکھیرنا (۲) بہانا (۳) دیٖمِیَس (démiyas) کی جمع۔

دوٗمِیَس بیرے عَجَب مُک کرے لُخُم اُنرے گنرے ضَا جَا
اُن ژُوَس گنُ لوٗ جَا اَیَرُم جیَ گاَ نِثارا

دیوان نصیری (بُروشسکی)، ص ۷۸۔

ترجمہ: تیری مقدس راہ میں اگر میں ہمیشہ موتیوں اور مونگوں کو نچھاور کروں تو یہ کوئی بڑی بات نہیں ہوگی۔ تو جس راستے سے گزرتے ہوئے میری طرف قدم رنجہ فرمائے گا اس میں قربانی کے لیے میری عزیز جان حاضر ہے، لیجیے (از راہِ کرم) اس کو قربان کرادے۔

دوٗن (don) [بُر۔صف] ساکت، خاموش، بے حس۔

دوٗوَرَنَس (dówaranas) [بُر۔مص] حاجتمند ہونا، محتاج ہونا (۲) کسی عورت پر غلط نظر کرنا۔

دوٗوَرَنُم (dówaranum) [بُر] دیکھیے دوٗوَرَنَس (dówaranas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دوٗئی (doy) [بُر] دیکھیے دوٗیَس (dóyas) جس کا یہ امر ہے۔

دوٗ یَس (dóyyas) [بُر۔مص] جگانا، بیدار کرنا، دیٖیَس (déyas) کی جمع ہے۔

دوٗيٖ (doẏ) [بُر۔صف] دایاں، داہنا۔

دوٗيٖ غَيٖ (doẏ gaẏ) [بُر۔متعلقِ فعل] دائیں بائیں، راست و چپ۔

دوٗيٖ پاَ (dóẏpa) [بُر۔متعلقِ فعل] دائیں، دائیں جانب۔

دوٗيٖ پاَ غَيٖ پاَ (dóẏpa gáẏpa) [بُر۔متعلقِ فعل] دائیں جانب اور بائیں جانب۔

دوٗيٖ پاَموٗ (dóẏpa mo) [بُر۔متعلقِ فعل] دائیں طرف سے، دائیں طرف کار کی۔

دوٗيٖ دِڈَس (doẏ dícas) [بُر۔محاورہ] بے قابو ہونا (۲) حملہ آور ہونا۔

دوٗیُم (dóẏum) [بُر۔متعلقِ فعل] داہنا، دایاں، دائیں طرف کار کی۔

دو doo

دو (dóo) [بُر۔صف] حائل، مانع، رکاوٹ۔

دو ایتَس (dóo étas) [بُر۔محاورہ] حائل کرنا، رکاوٹ پیدا کرنا، سامنے کھڑا کرنا۔

دو مَناس (dóo manáas) [بُر۔محاورہ] حائل ہونا، مانع ہونا، رکاوٹ بننا۔

دوپُرَس (dóopuras) [بُر۔مص] چھوٹے بچوں کا فضلہ وغیرہ صاف کرنا (۲) پالنا پوسنا، پرورش کرنا۔

دوپقُرَس (dóopaquras) [بُر۔مص] تعریف کرنا، ستائش کرنا (۲) خوشامد کرنا۔

دوتَرکِنَس (dóotarkinas) [بُر۔مص] سر چکرانا، چکرا کر گرنا (۲) ٹھوکر کھانا۔

دوخَرُم اُخَت (dóo qhárum uqhát) [بُر۔مثل] یعنی انسان کے منھ سے کچھ نہ کچھ نکلتا رہتا ہے، انسان کو کچھ کہہ کر ہی قرار آتا ہے۔

دوڈَس (dóoċas) [بُر۔مص] منگانا، کوئی چیز کسی جگہ سے طلب کرنا (۲) اپنی جانب یا آن جانب بھیج دینا۔

دوڈُم (dóoċum) [بُر] دیکھیے دوڈَس (dóoċas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دوڈو (dóoċo) [بُر] دیکھیے دوڈَس (dóoċas) جس کا یہ امر ہے۔

دور (dóor) [بُر] دیکھیے دورَس (dóoras) جس کا یہ امر ہے۔

دورَس (dóoras) [بُر۔مص] پینا (۲) دیکھیے دیرَس (déeras) جس کی یہ جمع ہے، اُدھر سے لوگوں کو اِس طرف بھیجنا۔

دورِن (dóorin) [بُر] دیکھیے دورَس (dóoras) جس سے یہ جمع کے لیے امر ہے۔

دوساله/دوسالاً (dóo saalá) [ف۔صف] دو سال کا/کی۔

دوست (dóost) [ف۔اسم] آشنا، یار (۲) محبّ، خیر خواہ (۳) محبوب، معشوق۔

دوست گکھرے پیئدا ایتُم گوچو بائی (dóost gukháre peydáa étum góċo bay) [بُر۔کہاوت] دوست تمہارا وہ بھائی ہے جسے تم نے خود پیدا کیا ہے۔

دوستَرو (dóostaro) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے دوست (dóost) جس کی یہ بطرزِ بُروشسکی جمع ہے۔

دوستی/دوستیِ (doostí) [ف،بُر۔اسم] آشنائی، یار بننا (۲) محبت (۳) خیر خواہی۔

دوستی ایتَس (doostí étas) [ف+بُر۔محاورہ] آشنائی پیدا کرنا، محبت کرنا۔

دوغُٹِنَس (dóoġuṭinas) [بُر] رسنا، کوئی مائع چیز کا رسنا۔

دوق (dóoq) [ف، بُر۔اسم] داغ کا بگاڑ، دھبہ، نشان۔

دوقِچِکْ (dóoqićiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے دوق (dóoq) جس کی یہ جمع ہے۔

دوکِسْکُم (dóokiskum) [بُر۔متعلق فعل] دیکھیے دوکیٔ (dóoki)۔

دوکُم (dóokum) [بُر۔متعلق فعل] دیکھیے دوکِسْکُم (dóokiskum)۔

دوکیٔ (dóoki) [بُر۔متعلق فعل] وہ بوجھ جس کی لمبائی باربردار کی پیٹھ پر عرض کی جانب ہو (۲) چوٹِسکیٔ (ćóṭiski) کا اُلٹ۔

دوکیٔ بَلْدا (dóoki baldá) [بُر۔اسم] ایسا بوجھ جس کی لمبائی باربردار کی پیٹھ پر عرض کی جانب ہو۔

دوکیٔ مِکْ (dóokimiṅ) [بُر] دیکھیے دوکیٔ (dóoki) معنی نمبر ا جس کی یہ جمع ہے۔

دوگنَس (dóogunas) [بُر۔مص] آپس میں جوڑنا، ملانا، (محاورۃً) آپس میں لڑانا۔

دولَت (doolát) [ع۔اسم] دھن، مال، زر، نقد (۲) اقبال، نصیب (۳) حکومت۔

دولَت ایتَس (doolát étas) [بُر۔محاورہ] مال جمع کرنا، ثروت بنانا، غنی ہونا۔

دولَت بَپَیَس (doolát bápaẏas) [بُر۔محاورہ] ثروت کی کثرت ہونا، بہت غنی ہونا، ہر طرف سے مال و زر آنا۔

دولَت مَن (doolát man) [ع، بُر۔صف] دولتمند کا بگاڑ، مالدار، امیر، زردار۔

دولَت مَناس (doolát manáas) [ع+بُر۔محاورہ] دیکھیے دولَت ایتَس (doolát étas) جس کا یہ لازم ہے۔

دولتَلَنَس (dóoltalanas) [بُر۔مص] بھوننا (السی وغیرہ)۔

دومَنیٔ کھیٔ (domanikhi) [بُر۔اسم] ایک جگہ کا نام۔

دومِیَس (dóomiyas) [بُر۔مص] کمانا، کما کر جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔

دون (dóon) [بُر] دیکھیے دونَس (dóonas) جس کا یہ امر ہے (۲) [بر] اور، مزید۔

دون ڈُم دون (dóon ċum dóon) [بُر۔متعلقِ فعل] اور بھی، مزید برآں۔

دون کے (dóon ke) [بُر۔متعلقِ فعل] اور بھی، مزید برآں (۲) [بر] کھولو تو!

دونَس (dóonas) [بُر۔مص] کھولنا، باز کرنا۔

دونُم (dóonum) [بُر] دیکھیے دونَس (dóonas)

جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دوِنِن (*dóonin*) [بُر] دیکھیے دون (*dóon*) معنی نمبرا جس کی یہ جمع ہے۔

دونیِ (*dóoni*) [بُر] دیکھیے دونَس (*dóonas*) جس کا یہ امر ہے۔

دویَنَس (*dóoyanas*) [بُر۔مص] چبھنا، لگنا (۲) رکاوٹ بننا (۳) پھنس جانا۔

دویَنُم (*dóoyanum*) [بُر] دیکھیے دویَنَس (*dóoyanas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

د-وؔ *doó*

دوؔرَس (*doóras*) [بُر۔مص] گر جانا، منہدم ہونا، (محاورۃً) آفت آنا، مصیبت آنا۔

دوؔرَس مَرْت (*doóras mart*) [بُر۔محاورہ] ایسا شخص جو پل پل میں ناراض ہو، جلدی جلدی ناراض ہونے والا (۲) بدخو شخص۔

دوؔرَس مَرْتُ لوؔ چَم ایتَس [بُر۔کہاوت] (*doóras mártulo çam éetas*) ایسے شخص کو چھیڑنا جو جلدی ناراض ہونے والا ہو، بدخو شخص کو چھیڑنا۔

دوؔرَسِک (*doórasiṅ*) [بُر۔اسم] وہ پہاڑی جگہ جہاں سے بار بار پتھر گرے (۲) وہ پہاڑی مقامات جہاں بار بار پتھر گرتے ہوں۔

دوؔرُم (*doórum*) [بُر] دیکھیے دوؔرَس (*doóras*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دوؔقَس (*doóqas*) [بُر۔مص] سوجنا، ورم ہونا۔

دوؔقِش (*doóqiṣ*) [بُر۔کلمۂ تمنا] سوج جائے، ورم پیدا ہو۔

دوؔقَس کُش (*doóqas kuṣ*) [بُر۔اسم] سوجن، ورم، آماس۔

دوؔقُم (*doóqum*) [بُر] دیکھیے دوؔقَس (*doóqas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دوؔ کْغُرَس (*doóṅguras*) [بُر۔مص] ٹیڑھا ہونا (۲) پست ہونا، جھک جانا (۳) قابو میں آنا، تابع ہونا۔

دوؔل (*doól*) [بُر۔اسم] آہستہ آہستہ چلنا، عاجزی کے ساتھ چلنا (۲) دوؔلَس (*doólas*) کا امر۔

دوؔل مَناس (*doól manáas*) [بُر۔محاورہ] آہستہ آہستہ خود کو گھسیٹتے ہوئے چلنا۔

دوؔلَس (*doólas*) [بُر۔مص] پھیل جانا، کسی جلدی بیماری کا بدن پر پھیل جانا (۲) مویشیوں کا چراگاہ وغیرہ میں پھیل جانا (۳) لپیٹ میں لینا (۴) زمین پر پانی پھیل جانا۔

دوٗن (doón) [بُر۔اسم] چادر، دوپٹہ (۲) پانی کی دھار، بہاؤ (۳) زمین کا ایک لمبا قطعہ۔

دوٗی (doóy) [بُر۔اسم] دودھ اور دودھ سے بننے والی اشیاء۔

دوٗی مَناس (doóy manáas) [بُر۔محاورہ] دودھ کی فراوانی ہونا، دودھ اور مکھن کی فراوانی ہونا۔

دوٗیوٗ (doóyo) [بُر] دیکھیے دوٗن (doón) جس کی یہ جمع ہے۔

دوٗی بِریٔ (doóy bíri) [بُر] دیکھیے دوٗی بِریٔ مَنِش (doóy bíri maníṣ)۔

دوٗی بِریٔ مَنِش (doóy bíri maníṣ) [بُر۔دعا] دودھ اور مکھن کی فراوانی ہو۔

du دُ-وٗ

دُوٗ (du) [بُر۔اسم] بکری کا بچہ، بزغالہ۔

دُوٗ اَچَس (du aćás) [بُر۔محاورہ] گوسفند، بھیڑ بکریاں۔

دُوٗ سُوتی/دُوٗ سُوتیٔ (du suutí) [اُر۔صف] دو سوت کا بنا ہوا کپڑا۔

دُوٗ مَمُشوٗ (du mamúśo) [بُر۔محاورہ] میمنے اور بزغالے، بھیڑ بکریوں کے بچے۔

دُوٗ مَمُشیٔ (du mamúśi) [بُر] دیکھیے دُوٗ مَمُشوٗ (du mamúśo)۔

دُوٗیَٹَمُرَس (duyáṭamuras) [بُر۔مص] پامال ہونا، پامال ہو کر نرم ہونا (۲) نیز دیکھیے یَٹَمُرَس (yáṭamuras) جس کا یہ لازم ہے۔

duu دُ-و

دُوڈِۓ دُوٗ تَیَس (dúu će du táyas) [بُر۔محاورہ] آباد ہونا (۲) بھیڑ بکریوں کی تعداد بڑھ جانا۔

دُوزَق (duuzáq) [بُر۔اسم] دوزخ کا بگاڑ۔

duú دُ-وٗ

دُوٗ (duú) [بُر] دیکھیے دُوٗسَس (duúsas) جس کا یہ امر ہے۔

دُوٗر (duúr) [بُر] دیکھیے دُوٗرَس (duúras) جس کا یہ امر ہے۔

دُوٗرَس (duúras) [بُر۔مص] گھومنا، چکی کا پاٹ گھومنا۔

دُوٗرگس (duúrgas) [بُر] دیکھیے دُوٗرگَسَس

(duúrgasas) جس کا یہ امر ہے۔

دُوٓر گسَس (duúrgasas) [بُر۔مص] گھسنا، رگڑ لگنا (۲) فرسودہ ہونا۔

دُوٓر گسُم (duúrgasum) [بُر] دیکھیے دُوٓر گسَس (duúrgasas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُوٓر گِنَس (duúrginas) [بُر] دیکھیے دُوٓر گسَس (duúrgasas)۔

دُوٓر گِنُم (duúrginum) [بُر] دیکھیے دُوٓر گسُم (duúrgasum)۔

دُوٓرُم (duúrum) [بُر] دیکھیے دُوٓرَس (duúras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُوٓس (duús) [بُر] دیکھیے دُوٓسَس (duúsas) جس کا یہ امر ہے۔

دُوٓسَس (duúsas) [بُر۔مص] باہر نکلنا (۲) آگے نکلنا (۳) جیتنا (۴) کسی کے کام آنا (۵) اوپر چڑھنا۔

دُوٓسُم (duúsum) [بُر] دیکھیے دُوٓسَس (duúsas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے، (محاورۃً) مشہور، نمایاں۔

دُوٓسُمِشوٓ (duúsumišo) [بُر] دیکھیے دُوٓسُم (duúsum) جس کی یہ جمع ہے۔

دُوٓسِن (duúsin) [بُر] دیکھیے دُوٓس (duús) جس کا یہ جمع کے لیے امر ہے۔

دُوٓشاٗ (duúša) [بُر] دیکھیے دُوٓشَیَس (duúšayas) جس کا یہ امر ہے۔

دوٓشکِکِنَس (duúškikinas) [بُر۔مص] رسنا، رس رس کر ٹپکنا۔

دُوٓشَم (duúšam) [بُر] دیکھیے دُوٓشَیَس (duúšayas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُوٓشَیَس (duúšayas) [بُر۔مص] پلنا، پرورش پانا، تعلیم وتربیت پانا، بڑا ہونا۔

دُوٓکِکِنَس (duúkikinas) [بُر۔مص] آگ لگ جانا (۲) ایک سے دوسرے کو بیماری لگنا، آگ پکڑنا (۳) افواہ پھیلنا۔

دُوٓکِکِنُم (duúkikinum) [بُر] دیکھیے دُوٓکِکِنَس (duúkikinas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُوٓل (duúl) [بُر] دیکھیے دُوٓلَس (duúlas) جس کا یہ امر ہے۔

دُوٓل داآل (duúl daál) [بُر۔صف] سست رو، سُست کار (۲) چاق وچوبند کی ضد (۳) نیم معذور۔

دُوٓلَس (duúlas) [بُر۔مص] دیکھیے دِولَس (díwlas) جس کا یہ لازم ہے۔

دُوَلُم (duúlum) [بُر] دیکھیے دُوَلَس (duúlas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُوَم دآم (duúm daám) [بُر۔صف] نیم معذور (۲) کم دیکھنے والا (۳) سُست رو۔

دُوَن (duún) [بُر] دیکھیے دُوَنَس (duúnas) جس کا یہ امر ہے۔

دُوَن دآن (duún daán) [بُر۔صف] نکما (۲) نیم معذور (۳) ایسا شخص جو چست نہ ہو۔

دُوَنَس (duúnas) [بُر۔مص] پکڑنا (۲) شروع کرنا (۳) لگ جانا، چپک جانا۔

دُوَنُم (duúnum) [بُر] دیکھیے دُوَنَس (duúnas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُوَيِ (duúy) [بُر] دیکھیے دُوَيَس (duúyas) جس کا یہ امر ہے۔

دُوَيَس (duúyas) [بُر۔مص] پگلنا (۲) رقیق ہونا، (محاورۃً) دل نرم ہونا، مائل ہونا۔

دُوَيُم (duúyum) [بُر] دیکھیے دُوَيَس (duúyas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

د ـ ہ

دِہقان (dihqáan) [ف] دیکھیے دیقان (diiqáan)۔

دُہَکِنَس (duhákinas) [بُر۔مص] سیکھنا، خود کو واقف کرنا (۲) تجربہ حاصل کرنا۔

دُہَکِنُم (duhákinum) دیکھیے دُہَکِنَس (duhákinas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

د ـ ء

دُئسَس (dúysas) [بر۔مص] (جمع غائب کے لیے) نکالنا (لوگوں اور بعض چیزوں کے لیے)۔

د ـ ی day, diy, duy

دَی (day) [بُر] مجھے جگاؤ۔

دُی (duy) [بُر] دیکھیے دئسَس (dúysas) جس کا یہ امر ہے۔

دِیار (diyáar) [ہ۔اسم] چیڑ کی قسم کا ایک اونچا درخت، دیودار کی قسم کا ایک درخت۔

دِیارُڈَس (diyáarċas) [بُر۔مص] برسنا، بارش ہونا۔

دِیارُڈُم (diyáarċum) [بُر] دیکھیے دِیارُڈَس (diyáarċas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِیارِک (diyáarin) [بُر۔اسم] دیکھیے دِیار (diyáar) جس کی یہ جمع ہے۔

دُیالْت (duyáalt) [بر] دیکھیے دُیالْتَس (duyáaltas) جس کا یہ امر ہے۔

دُیالْتَس (duyáaltas) [بر۔مص] ڈھل جانا، دھل کر پاک ہونا (۲) بے قصور ثابت کرنا۔

دُیالْتُم (duyáaltum) [بر] دیکھیے دُیالْتَس (duyáaltas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دِیانَت (diyaanát) [ع۔اسم] ایمانداری، راست بازی، سچائی۔

دِیانَتدار (diyaanát dáar) [عف۔صف] ایماندار۔

دِیانتداری/دِیانتداریٔ (diyaanatdaarí) [عف۔اسم] دیکھیے دِیانَتدار (diyaanát dáar) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دِیایِ (diyáaẏ) [بُر] دیکھیے دِیایَس (diyáaẏas) جس کا یہ امر ہے۔

دِیایَس (diyáaẏas) [بُر۔مص] برقرار ہونا، قرار پکڑنا (۲) مالی حالت بہتر ہونا۔

دِیایُم (diyáaẏum) [بُر] دیکھیے دِیایَس (diyáaẏas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِیاآمر (diyaámar) [اسم] شمالی علاقہ جات میں ایک ڈسٹرکٹ کا نام جس کا ہیڈ کوارٹر چلاس ہے۔

دُیَر (duyár) [بر] دیکھیے دُیَرَس (duyáras) جس کا یہ امر ہے۔

دُیَرَس (duyáras) [بر۔مص] چرنا، گھاس کھانا، پرورش پانا۔

دُیَرُم (duyárum) [بر] دیکھیے دُیَرَس (duyáras) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دِیَرَیِ (diyáraẏ) [بُر] دیکھیے دِیَرَیَس (diyáraẏas) جس کا یہ امر ہے۔

دِیَرَیَس (diyáraẏas) [بُر۔مص] تاپنا، آگ یا دھوپ کی گرمی لینا۔

دِیَشِم (diyáśim) [بر] دیکھیے دِیَشِیَس (diyáśiyas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دِیَشِیَس (diyáśiyas) [بر۔مص] قابو میں آنا، باز آنا، رُک جانا۔

دُیَشِیَس (duyáśiyas) [بر۔مص] رُکنا، قابو میں آنا (۲) دیکھیے یَشِیَس (yáśiyas) جس کا یہ لازم ہے۔

دِیَگیَس (diyágaẏas) [بُر۔مص] پہاڑ یا چٹان سے مٹی یا پتھر گرتے رہنا۔

دِیَگیِسک (diyágaẏasin) [بُر] وہ جگہ جہاں مٹی یا پتھر گرتے رہتے ہیں۔

دِیَگیم (diyágaẏum) [بُر] دیکھیے دِیَگیَس (diyágaẏas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دَیو (dayó) [بُر۔اسم] دیکھیے دَن (dan) جس کی یہ جمع ہے۔

دَیوَر (dayór) [ش، بر۔اسم] گلگت کے شمالِ مشرق میں ایک قصبے کا نام جس کا جدید نام دینور ہے۔

دَیوَرُم ہُکرے گوَن اِمَنَس

(dayórum húke goón imánas) [بر۔مثل] دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا۔

دَیوَری (dayorí) [شنا، بر۔صف] دینور سے متعلق، دینور کا، دینور کا رہنے والا۔

دَیوَک (dayók) [بر۔اسم] پتھراؤ، سنگ باری۔

دَیوَک بِشاَیَس (dayók bišáyas)

[بر۔محاورہ] پتھراؤ کرنا۔

دَیوَک دیلَس (dayók délas) [بر۔محاورہ]

پتھر مارنا (۲) تلخ جواب دینا۔

دَیوَئک (dayóyk) [بر] دیکھیے دَیو (dayó) آخر میں ک علامتِ تبعیض ہے۔

دَیُوث (dayúus) [ع۔صف] عربی لفظ دیُّوث کا محرّف، وہ شخص جس کی بیوی زانیہ اور بدکار ہو اور وہ اس کی بدکاری سے دیدہ دانستہ چشم پوشی کرے، جورو کا بھڑوا (۲) بے غیرت، بے شرم (۳) بزدل۔

دَیُوث اِمَنَس (dayúus imánas)

[ع+بر۔محاورہ] بے غیرت ہونا، بزدل ہونا، نیز دیکھیے دَیُوث (dayúus)۔

دَیُوثی (dayuusí) [ع، بُر۔اسم] دیکھیے دَیُوث (dayúus) جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔

دَیُوثی ایتَس (dayuusí étas) [ع+بر۔محاورہ] بے غیرتی کا مظاہرہ کرنا، بزدلی دکھانا۔

دِیَیَس (díyaẏas) [بر۔مص] برقرار ہونا، بچنا، ٹکنا، ٹھکانے پر رہنا (۲) مضبوط ہونا (۳) مرنے سے بچنا۔

دِیَیُم (díyaẏum) [بر] دیکھیے دِیَیَس (díyaẏas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دِیَیُمَٹے ساَیو (díyaẏumaṭe sáaẏo)

[بر۔مثل] یک نہ شد دو شد، (آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا) ایک نقصان کے بعد دوسرا نقصان ہونے پر کہتے ہیں۔

دِیے (diyé) [بر] دیکھیے دِیئیَس (diyéyas) جس کا یہ امر ہے۔

دِییَم (diyém) [بر] دیکھیے دِیے یَس (diyéyas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دِیئیَس (diyéyas) [بر۔مص] کھڑا ہونا، استادہ ہونا (۲) بیدار ہونا، سونے کے بعد جاگ اٹھنا (۳)

کسی اقدام کے لیے تیار ہونا۔

di دیٔ

دیٔ (*di*) [بُر۔اسم] کتے کوحملہ کرنے کی دعوت دینا، وہ آواز جس کے ذریعے کتے کوحملہ کرنے کا اشارہ دیا جاتا ہے۔

دیٔ ایَتَس (*di étas*) [بُر۔محاورہ] کتے کوحملہ کرنے کا اشارہ دینا، حملہ کرانا (۲) کسی کے پیچھے لگانا (۳) کسی کو اُکسا کر فتنہ برپا کرانا۔

dii دی

دِیدار (*diidáar*) [ف۔اسم] بینائی، چہرہ، جلوہ، نظارہ (۲) ملاقات۔

دِیدار مَناس (*diidáar manáas*) [بر۔محاورہ] چہرہ نظر آنا، دیکھنا، ملاقات ہونا۔

دِیداری/دِیداریٔ (*diidaarí*) [ف۔اسم] نظارہ، مشاہدہ، ملاقات۔

دِیدال (*diidáal*) [بر۔اسم] برخاستگی، تھوڑا تھوڑا کر کے اٹھانا یا اٹھنا۔

دِیقان (*diiqáan*) [ف۔اسم] دہقان، کاشتکار، زمین میں کام کرنے والا، زمیندار۔

دِیقانی/دِیقانیٔ (*diiqaaní*) [ف،بر۔اسم] دہقانی، زمینداری۔

دِیقانیٔ ایَتَس (*diiqaaní étas*) [بر۔محاورہ] دہقانی کرنا، زمینداری کرنا۔

دِیقانۓ بَر: دِلکَر لوَق، گومُشَلَر لَمبوَق (*diiqáane bar: dílkar loq, gúumušalar lambóq*) [بر۔کہاوت] دہقان کا قول ہے کہ کھاد اُٹھاتے وقت چیتھڑا پہننا چاہیے اور میکے جاتے وقت ریشمی لباس پہننا چاہیے۔

دِیل دال (*diil dáal*) [بر۔صف] آہستہ آہستہ اٹھنا/اٹھانا (۲) سست، کاہل۔

دِیل دوَل (*diil doól*) دیکھیے دیل دآل (*diil daál*) جس کی یہ تصغیر ہے۔

دِیلِکیٔ (*díiliki*) [بر۔اسم] وہ کھاد جو فصل خاص طور پر سبزیوں کے اوپر ڈالا جاتا ہے۔

دِیم (*díim*) [بر] دیکھیے زُوَس (*zúwas*) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دِین (*díin*) [ع۔اسم] مذہب، دھرم (۲) نظامِ حیات (۳) عقیدہ، ایمان۔

دِینار (*diináar*) [ع۔اسم] سونے کا ایک سکہ جو بعض عرب ممالک میں رائج ہے۔

دِیندار (diindáar) [عف۔صف] دین رکھنے والا، مذہب کا پابند۔

دِینِنگ (díinin) [ع+بر] دیکھیے دِین (diin) جس کی یہ بطرزِ بُروشسکی جمع ہے۔

دینیات (diiniyáat) [ار،بر۔اسم] دینی کی جمع، وہ کتابیں یا مسائل جن کا مذہب سے تعلق ہو۔

دِیوار (diiwáar) [ف،ار۔اسم] مٹی، پتھر یا اینٹ سے لبائی ہوئی آڑ۔

دِیوان (diiwáan) [عف۔اسم] شاہی دربار (۲) عدالت (۳) محکمہ (۴) شاعر کے کلام کا مجموعہ (۵) رجسٹر۔

دیوان بیگی (diiwáan beegí) [ف،ت] ہونزا کے میری نظام میں ایک منصب جس کا حامل شخص ان افراد کو کاشغر، یارقند وغیرہ لے جا کر فروخت کرتا تھا جن کو نگر یا دوسرے علاقوں کے ساتھ ہونے والی لڑائیوں میں پکڑا جاتا تھا۔

دِیوانہ/دِیوانا (diiwaaná) [ف۔صف] پاگل، سودائی، مجنون (۲) عاشق۔

دِیوانی/دِیوانی (diiwaaní) [ف] دیکھیے دِیوانہ (diiwaaná) جس کی یہ تانیث ہے۔

دی diì

دِیَسقِس (diísqis) [بر] دیکھیے دِیَسقِسَس (diísqisas) جس کا یہ امر ہے۔

دِیَسقِسَس (diísqisas) [بر۔مص] کھچ جانا، لچک پیدا ہونا، لچکدار ہونا۔

دِیَسقِسُم (diísqisum) [بر] دیکھیے دِیَسقِسَس (diísqisas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دِیَل (diíl) [بر] دیکھیے دِیَلَس (diílas) جس کا یہ امر ہے۔

دِیَل دآل (diíl daál) [بر۔صف] سُست، کاہل، نیم معذور۔

دِیَل دوٗل مَناس (diíl doōl manáas) [بر۔محاورہ] آہستہ آہستہ چلنا، آہستہ ایک دوسرے کے قریب آنا (۲) کوئی کام آہستہ آہستہ کرنا۔

دِیَلَس (diílas) [بر۔مص] بھیگنا، تر ہونا، گیلا ہونا۔

دِیَلُم (diílum) [بر] دیکھیے دِیَلَس (diílas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دـيِ

دَيِ (day) [بر۔صف] فربہ، موٹا تازہ۔

دَيِ اِمَنَس (day imánas) [بر] دیکھیے دَيِ

ایِتَس (daẏ étas) جس کا یہ لازم ہے۔

دَيِ ایِتَس (daẏ étas) [بر۔محاورہ] فربہ بنانا، موٹا بنانا۔

دَيِ مَناس (daẏ manáas) [بر] دیکھیے دَيِ اِمَنَس (daẏ imánas)۔

دَیاَر (daẏaár) [بر۔صف] فربہی، موٹاپا۔

دَیُو (daẏú) [بر۔اسم] ناپ تول، پیمائش۔

دَیُو ایِتَس (daẏú étas) [بر۔محاورہ] ناپنا، تولنا، پیمائش کرنا۔

دَیُو یَنَس (daẏú yánas) [بر۔محاورہ] ناپ لینا، پیمائش کرنا۔

دَیُوس (daẏúus) [بر۔صف] دیکھیے دَیُوث (dayúus) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

دے de

دیِپِن (dépipin) [بر] دیکھیے دیِپِنَس (dépipinas) جس کا یہ امر ہے۔

دیِپِنَس (dépipinas) [بر۔مص] دیکھیے دِپھِپِنَس (diphípinas) جس کا یہ متعدی ہے۔

دیَپَتَر (dépatar) [بر] دیکھیے دیَپَتَرَس (dépataras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیَپَتَرَس (dépataras) [بر] دیکھیے دُپَھتَرَس (duphátaras) جس کا یہ متعدی ہے۔

دیَپَٹَر (dépaṭar) [بر] دیکھیے دیَپَٹَرَس (dépaṭaras) جس کا یہ امر ہے۔

دیَپَٹَرَس (dépaṭaras) [بر] دیکھیے دُپَھٹَرَس (duphâṭaras) جس کا یہ متعدی ہے۔

دیَپَٹَرُم (dépaṭarum) [بر] دیکھیے دیَپَٹَرَس (dépaṭaras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیَپَکُم (dépakum) [بر] دیکھیے دیَپَکُوَس (dépakuwas) جس کا یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیَپَکو (dépako) [بر] دیکھیے دیَپَکُوَس (dépakuwas) جس کا یہ امر ہے۔

دیَپَکُوَس (dépakuwas) [بر۔مص] کھرچنا، کریدنا، تراشنا، کھودنا۔

دیَپَلت (dépalt) [بر] دیکھیے دیَپَلتَس (dépaltas) جس کا یہ امر ہے۔

دیَپَلتَس (dépaltas) [بر۔مص] دیکھیے دُپَھلتَس (duphâltas) جس کا یہ متعدی ہے۔

دیَپَلتُم (dépaltum) [بر] دیکھیے دیَپَلتَس (dépaltas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیَپَھٹَرَس (déphaṭaras) چھلکا اتار دینا، چھیل لینا۔

دیچِرُم (décirum) [بُر۔اسم] ہونزا کی ایک مخصوص غذا۔

دیچَقَر (décaqar) [بُر] دیکھیے دیچَقَرَس (décaqaras) جس کا یہ امر ہے۔

دیچَقُر (décaqur) [بُر] دیکھیے دیچَقُرَس (décaquras) جس کا یہ امر ہے۔

دیچَقَرَس (décaqaras) [بُر۔مص] پھیلانا، کشادہ کرنا، بکھیرنا۔

دیچَقُرَس (décaquras) [بُر۔مص] ٹھنڈا کرنا، سرد کرنا۔

دیچَقَرُم (décaqarum) [بُر] دیکھیے دیچَقَرَس (décaqaras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیچَقُرُم (décaqurum) [بُر] دیکھیے دیچَقُرَس (décaquras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیچَنَس (décanas) [بُر۔مص] ضرورت مند ہونا، حاجتمند ہونا، [اسم] ضرورت، حاجت۔

دیچَنَسَر اوسَس (décanasar óosas) [بُر۔محاورہ] ضرورت کے لیے بچا رکھنا۔

دیچَنُم (décanum) [بُر] دیکھیے دیچَنَس (décanas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیچھَقَر (déchaqar) [بُر] دیکھیے دیچَقَر (décaqar)۔

دیخَرُم (déqharum) [بُر] دیکھیے دیخَرَس (déqharas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے (واضح رہے کہ دیخَرَس (déqharas) سے اصولاً دیخَرُم (déqharum) ہوتا ہے مگر تلفظ میں اس کا خ ق سے بدل گیا ہے چنانچہ دیقَرُم (déqarum) ہی بولا جاتا ہے، دیخَرُم (déqharum) مستعمل نہیں)۔

دیخُلَن (déqhulan) [بُر] دیکھیے دیخُلَنَس (déqhulanas) جس کا یہ امر ہے۔

دیخُلَنَس (déqhulanas) [بُر۔مص] گوندھنا (۲) الجھانا، خلط ملط کرنا، نیز دیکھیے دیقُلَنَس (déqulanas) یہاں ق خ سے بدل گیا ہے۔

دیخُلَنُم (déqhulanum) [بُر] دیکھیے دیخُلَنَس (déqhulanas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیٔدۓ پیٔدۓ (déde péde) [بُر۔محاورہ] تگاپو، تگ ودو، کسی کام کے بارے میں جلدی کرنا یا جلدی سے انجام دینا۔

دیٔدۓ پیٔدۓ ایٔتَس (déde péde étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے دیٔدۓ پیٔدۓ (déde péde)۔

ڈیڈ (deċ) [بُر۔اسم] شمار،قدر،حساب۔

ڈیڈاَ (déċa) [بُر] دیکھیے ڈیڈَیَس (déċayas) جس کا یہ امر ہے۔

ڈیڈِر (déċir) [بُر] دیکھیے ڈیڈِرَس (déċiras) جس کا یہ واحدِ حاضر کے لیے امر ہے۔

ڈیڈِرَس (déċiras) [بُر۔مص] پکانا، پختہ کرنا۔

ڈیڈِرُم (déċirum) [بُر] دیکھیے ڈیڈِرَس (déċiras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ڈیڈِرِن (déċirin) [بُر] دیکھیے ڈیڈِرَس (déċiras) جس کا یہ جمع حاضر کے لیے امر ہے۔

ڈیڈَم (déċam) [بُر] دیکھیے ڈیڈَیَس (déċayas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ڈیڈِم (déċim) [بُر] دیکھیے ڈیڈِیَس (déċiyas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ڈیڈَن (déċan) [بُر] دیکھیے ڈیڈَنَس (déċanas) جس کا یہ واحدِ حاضر کے لیے امر ہے۔

ڈیڈِن (déċin) [بُر] دیکھیے ڈیڈِیَس (déċiyas) جس کا یہ جمع حاضر کے لیے امر ہے۔

ڈیڈَنَس (déċanas) [بُر۔مص] برابر کرنا، ناپ تول کر کے برابر کرنا، درست کرنا (۲) کسی کی حاجت روائی کرنا، ضرورت پوری کرنا۔

ڈیڈَنُم (déċanum) [بُر] دیکھیے ڈیڈَنَس (déċanas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ڈیڈَیَس (déċayas) [بُر۔مص] پانی کو بند کرنا (۲) پانی کو ایک طرف بند کر کے دوسری طرف کھولنا۔

ڈیڈِیَس (déċiyas) [بُر۔مص] آسانی سے راضی نہ ہونا، خودداری کرنا (۲) بند کرنا، جگہ تنگ کرنا۔

ڈیرِگِن (dérgin) [بُر] دیکھیے ڈیرِگِنَس (dérginas) جس کا یہ امر ہے۔

ڈیرِگِنَس (dérginas) [بُر۔مص] کتائی کرنا، کاتنے کا عمل۔

ڈیرِگِنُم (dérginum) [بُر] دیکھیے ڈیرِگِنَس (dérginas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ڈیسپَپَل (déspapal) [بُر] دیکھیے ڈیسپَپَلَس (déspapalas) جس کا یہ امر ہے۔

ڈیسپَپَلَس (déspapalas) [بُر۔مص] اڑانا، تیزی سے دوڑانا یا چلانا (۲) کسی کام کو بہت تیزی سے انجام دینا۔

ڈیسپَپَلُم (déspapalum) [بُر] دیکھیے ڈیسپَپَلَس (déspapalas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ڈیسپِپِن (déspipin) [بُر] دیکھیے ڈیسپِپِنَس (déspipinas) جس کا یہ امر ہے۔

ڈیسپِپِنَس (déspipinas) [بُر۔مص] دیکھیے

دِپھِپِنَس (diphípinas) جس کا یہ متعدی ہے۔

دیَسپِپِنُم (déspipinum) [بُر] دیکھیے دیَسپِپِنَس (déspipinas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیَسپَر (déspar) [بُر] دیکھیے دیَسپَرَس (désparas) جس کا یہ امر ہے۔

دیَسپَرَس (désparas) [بُر۔مص] زندہ کرنا، جان ڈالنا۔

دیَسپَرُم (désparum) [بُر] دیکھیے دیَسپَرَس (désparas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیَسپَس (déspas) [بُر] دیکھیے دیَسپَسَس (déspasas) جس کا یہ امر ہے۔

دیَسپَسَس (déspasas) [بُر۔مص] بچانا، باز رکھنا، باقی رکھنا۔

دیَسپَسُم (déspasum) [بُر] دیکھیے دیَسپَسَس (déspasas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیَستَل (déstal) [بُر] دیکھیے دیَستَلَس (déstalas) جس کا یہ امر ہے۔

دیَستَلَس (déstalas) [بُر۔مص] بیدار کرنا، جگانا (۲) آگاہ کرنا، باخبر کرنا۔

دیَستَلُم (déstalum) [بُر] دیکھیے دیَستَلَس (déstalas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیَستوٗ (désto) [بُر] دیکھیے دیَستُوَس (déstuwas) جس کا یہ امر ہے، واضح رہے کہ امر کے لیے عام طور پر ایَستوٗ (ésto) ہوتا ہے۔

دیَستُوَس (déstuwas) دیکھیے دیَستُیَس (déstuyas)۔

دیَستَي (déstaẏ) [بُر] دیکھیے دیَستَیَس (déstaẏas) جس کا یہ امر ہے۔

دیَستَیَس (déstaẏas) [بُر۔مص] برقرار رکھنا (۲) تقویت پہنچانا (۳) سنبھالنا (۴) ٹھہرانا۔

دیَستُیَس (déstuẏas) [بُر۔مص] پگھلانا، رقیق کرنا۔

دیَستَیُم (déstaẏum) دیکھیے دیَستَیَس (déstaẏas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیَستُیُم (déstuẏum) [بُر] دیکھیے دیَستُیَس (déstuẏas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیَسڈَل (désċal) [بُر] دیکھیے دیَستَل (déstal)۔

دیَسڈَلَس (désċalas) [بُر] دیکھیے دیَستَلَس (déstalas)۔

دیَسَر (désar) [بُر] دیکھیے دیَسَرَس (désaras) جس کا یہ امر ہے۔

دیَسَرَس (désaras) [بُر-مص] سیراب کرنا، کافی مقدار میں پانی فراہم کرنا۔

دیَسَرُم (désarum) [بُر] دیکھیے دیَسَرَس (désaras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیسقَٹ (désqat̩) [بُر] دیکھیے دیسقَٹَس (désqat̩as) جس کا یہ امر ہے۔

دیسقَٹَس (désqat̩as) [بُر-مص] چننا، منتخب کرنا (۲) چھان بین کرنا (۳) چھان کر صاف کرنا۔

دیسقَٹُم (désqat̩um) [بُر] دیکھیے دیسقَٹَس (désqat̩as) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیسقُل (désqul) [بُر] دیکھیے دیسقُلَس (désqulas) جس کا یہ امر ہے۔

دیسقُلَس (désqulas) [بُر-مص] انگاروں کو راکھ میں دفنا کر محفوظ کرنا (۲) مکھن کو پگھلا کر گھی بنانا۔

دیسقُلُم (désqulum) [بُر] دیکھیے دیسقُلَس (désqulas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیسقُن (désqun) [بُر] دیکھیے دیسقُنَس (désqunas) جس کا یہ امر ہے۔

دیسقَنڈر (désqand̩ar) [بُر] دیکھیے دیسقَنڈَرَس (désqand̩aras) جس کا یہ امر ہے۔

دیسقَنڈَرَس (désqand̩aras) [بُر-مص] ٹیڑھا بنانا، کج بنانا، دُغَنڈَرَس (dug̈ánd̩aras) کا متعدی۔

دیسقُنَس (désqunas) [بُر-مص] فصل، پھل وغیرہ کو پکنے تک چھوڑ دینا، پکنے دینا (۲) دُغُنَس (dug̈únas) کا متعدی، (محاورۃً) مضبوط بنانا، خوب سوچ بچار کرنا، صلاح مشورہ کرنا۔

دیسقُنُم (désqunum) [بُر] دیکھیے دیسقُنَس (désqunas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیسکَٹ (déskat̩) [بُر] دیکھیے دیسکَٹَس (déskat̩as) جس کا یہ امر ہے۔

دیسکُٹ (déskut̩) [بُر] دیکھیے دیسکُٹَس (déskut̩as) جس کا یہ امر ہے۔

دیسکَٹَس (déskat̩as) [بُر-مص] پھنسانا، اٹکانا (۲) گلے میں ہڈی وغیرہ کا پھنسنا (۳) بحث میں لاجواب کرنا۔

دیسکُٹَس (déskut̩as) [بُر-مص] کمزور کرنا، لاغر کرنا، ضعیف کرنا۔

دیسکَٹُم (déskat̩um) [بُر] دیکھیے دیسکَٹَس (déskat̩as) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیسکِر (déskir) [بُر] دیکھیے دیسکِرَس (déskiras) جس کا یہ امر ہے۔

دیسکِرَس (déskiras) [بُر-مص] گھٹانا، کم کرنا۔

دیِسکِرُم (déskirum) [بُر] دیکھیے دیِسکِرَس (déskiras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیِسکَرَیْ (déskaraẏ) [بُر] دیکھیے دیِسکَرَیَس (déskaraẏas) جس کا یہ امر ہے۔

دیِسکَرَیَس (déskaraẏas) [بُر۔مص] گرم کرنا، گرمی پہنچانا، (محاورۃً) جوش دلانا، غصہ دلانا، ہمت دلانا۔

دیِسکَرَیُم (déskaraẏum) [بُر] دیکھیے دیِسکَرَیَس (déskaraẏas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیِسکُم (déskum) [بُر] دیکھیے دیِسکُوَس (déskuwas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیِسکوٗ (désko) [بُر] دیکھیے دیِسکُوَس (déskuwas) جس کا یہ امر ہے۔

دیِسکُوَس (déskuwas) [بُر۔محاورہ] اتارنا، نیچے لانا (۲) دام کم کرنا (۳) کوئی شرمناک کام کرنا۔

دیِسکُیَس (déskuyas) [بُر] دیکھیے دیِسکُوَس (déskuwas)۔

دیِسِل (désil) [بُر] دیکھیے دیِسِلَس (désilas) جس کا یہ امر ہے۔

دیِسَلَٹ (désalaṭ) [بُر] دیکھیے دیِسَلَٹَس (désalaṭas) جس کا یہ امر ہے۔

دیِسَلَٹَس (désalaṭas) [بُر۔محاورہ] سمیٹنا، سنبھالنا (۲) اپنے قبضے میں کرنا (۳) اکھٹا کرنا۔

دیِسِلَس (désilas) [بُر۔مص] بھگونا، تر کرنا، گیلا کرنا۔

دیِسِلُم (désilum) [بُر] دیکھیے دیِسِلَس (désilas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیِسمِل (désmil) [بُر] دیکھیے دیِسمِلَس (désmilas) جس کا یہ امر ہے۔

دیِسمِلَس (désmilas) [بُر] دیکھیے ایِسمِلَس (ésmilas)۔

دیِسمَن (désman) [بُر] دیکھیے دیِسمَنَس (désmanas) جس کا یہ امر ہے۔

دیِسمَنَس (désmanas) [بُر۔مص] بنانا، تعمیر کرنا، عملدرآمد کرنا، (محاورۃً) بگاڑنا، خراب کرنا۔

دیِسمَنَس ڈوٗم ایِقُشَلَس بےِ ڈوٗم (désmanas ḍoóm, équšalas be ḍoóm) [بُر۔کہاوت] بنانا مشکل بگاڑنا آسان ہے۔

دیِسمَنُم (désmanum) [بُر] دیکھیے دیِسمَنَس (désmanas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیِسمَیَس (désmaẏas) [بُر۔مص] برابر کرنا منظم کرنا (۲) دوستی کرانا (۳) برابر تقسیم کرنا۔

دیسمَہُم (*désmayum*) [بُر] دیکھیے دیسمَہَس (*désmayas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دیسی (*dési*) [بُر۔اسم] قدر، قیمت، اہمیت۔

دیشا (*déśa*) [بُر] دیکھیے دیشَیَس (*déśayas*) جس کا یہ امر ہے۔

دیشاشَل (*déśaśal*) [بُر] دیکھیے دیشاشَلَس (*déśaśalas*) جس کا یہ امر ہے۔

دیشاشَلَس (*déśaśalas*) [بُر۔مص] بکھیر دینا، پھیلانا (۲) زلفوں کو پریشان کرنا۔

ڈوَڈوَق (ḍoḍóq) [بُر] دیکھیے ڈَڈَق (ḍaḍáq) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈوَڈوَک (ḍoḍók) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ڈوَک ڈوَک (ḍokḍók) جس کا یہ مخفف ہے۔

ڈوَڈوَک (ḍóḍoṅ) [بُر۔محاورہ] بھگانا،حقارت کے ساتھ بھگا کر لے جانا۔

ڈوَڈوَمُڈ (ḍóḍomuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈوَڈوَ (ḍóḍo) جس کی یہ جمع ہے۔

ڈوَر (ḍor) [بُر۔اسم] ایک چوبی صندوق جسے دیسی چکی کے پاٹ پر آویزاں کیا جاتا ہے جس میں پسنے والا غلہ ڈالا جاتا ہے (۲) سالم غلہ،بغیر توڑے۔

ڈوَر ڈوَر (ḍor ḍor) [بُر] دیکھیے ڈَر ڈَر (ḍar ḍar) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈوَر رَبوَک (ḍor rabóṅ) [بُر۔اسم] بغیر چھلکے کے لوبیہ۔

ڈوَر کھَن (ḍor khan) [بُر۔اسم] ہونزا کے ایک گاؤں کا نام جو حیدرآباد اور علی آباد کے درمیان واقع ہے۔

ڈوَر مَناس (ḍor manáas) [بُر۔محاورہ] فوراً حاضر ہونا (۲) تیز دیکھیے ڈَر مَناس (ḍar manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈوَرَنڈ (ḍoránċ) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈوَر (ḍor) معنی نمبر۱ جس کی یہ جمع ہے۔

ڈوَرو (ḍóro) [بُر۔صف] قرص نما کوئی بھی شے،چھوٹی

گول شے۔

ڈوَس (ḍos) [بُر۔اسم] سخت مٹی کا تودہ جو سطحِ زمین سے بلند ہو۔

ڈوَشَنْڈ (ḍośánc) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈوَس (ḍos) جس کی یہ جمع ہے۔

ڈوَغُر (ḍóġur) [بُر۔اسم] پولو کھیلتے وقت گول کرنے کے بعد گیند کو ہوا میں اچھال کر بلّے سے مارنا۔

ڈوَغُر دِڈَس (ḍóġur díċas) [بُر] دیکھیے ڈوَغُر دیلَس (ḍóġur délas)۔

ڈوَغُر دیلَس (ḍóġur délas) [بُر] دیکھیے ڈوَغُر (ḍóġur) (۲) بری طرح لات مارنا۔

ڈوَق (ḍoq) [بُر] دیکھیے ڈَق (ḍaq) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈوَق ایتَس (ḍoq étas) [بُر] دیکھیے ڈُوَق ایتَس (ḍwaq étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈوَق ایتس (ḍoq éetas) [بُر۔محاورہ] توڑنا، خاص طور پر قلیل مقدار میں گری اخروٹ وغیرہ کو توڑنا۔

ڈوَق ڈوَق (ḍoqḍóq) [بُر] دیکھیے ڈَق ڈَق (ḍaqḍáq) معنی نمبرا جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈوَق ڈوَق مَناس (ḍoqḍóq manáas) [بُر] دیکھیے ڈَق ڈَق مَناس (ḍáqḍaq manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈوَقو (ḍóqo) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈُوَقو (ḍwáqo) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈوَک (ḍok) [بُر] دیکھیے ڈَک (ḍak) جس کی یہ تصغیر ہے (۲) ایک سابقہ جو بعض افعال سے پہلے آتا ہے، مثلاً ڈوَک دال ایتَس (ḍok dáal étas) وغیرہ۔

ڈوَک ایتَس (ḍok étas) [بُر] دیکھیے ڈَک ایتَس (ḍak étas) جس کی یہ تصغیر ہے (۲) کسی کو کسی سے ملانا۔

ڈوَک دال ایتَس (ḍok dáal étas) [بُر] دیکھیے ڈوَک یَنَس (ḍok yánas)۔

ڈوَک مَناس (ḍok manáas) [بُر] ملنا۔

ڈوَک یَنَس (ḍok yánas) [بُر۔محاورہ] حفاظت سے اٹھالینا، احتیاط سے اٹھالینا۔

ڈوَک ڈوَک (ḍokḍók) [بُر] دیکھیے ڈوَک (ḍok) جس کی یہ تکرار ہے۔

ڈوَکو (ḍóko) [بُر۔اسم] چھوٹا سا عصا یا لاٹھی۔

ڈوَکْ (ḍoṅ) [بُر۔صف] ابھار، سطح سے بلند (۲) ناہموار (۳) ابھرا ہوا۔

ڈوَکْ دَرایو (ḍoṅ daráayo) [بُر۔صف] ناہموار، وہ زمین جس کی سطح ہموار نہ ہو۔

ڈوَکْ قم (ḍoṅqám) [بُر] دیکھیے ڈوَکْ

دَراپو (doṅ daráayo)۔

ڈوَک قَم مَناس (doṅqám manáas) [بُر۔محاورہ] ناہموار ہونا، سطح برابر نہ ہونا۔

ڈوَک ہَر (dóṅhar) [بُر۔اسم] سرسوں۔

ڈوَکنڈ (doṅánċ) [بُر۔صف] دیکھیے ڈوَک (doṅ) جس کی یہ جمع ہے۔

ڈوَم (dom) [بُر۔صف] آوارہ، باغی، بھگوڑا (۲) ڈھیر، تودہ۔

ڈوَم ایتَس (dom étas) [بُر۔محاورہ] بھگانا (۲) ڈھیر بنانا۔

ڈوَم بُش (dom buś) [بُر۔صف] آوارہ بلی۔

ڈوَم مَناس (dom manáas) [بُر] دیکھیے ڈوَم ایتَس (dom étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ڈوَم ہُک (dom huk) [بُر۔صف] آوارہ کتا۔

ڈوَماَ ڈوَم (domadóm) [بُر۔صف] آوارہ، دربدر، باغی۔

ڈوَماَ ڈوَم ایتَس (domadóm étas) [بُر۔محاورہ] آوارہ کرنا، بھگانا، دربدر کرنا (۲) بکھیرنا، منتشر کرنا۔

ڈوَماَ ڈوَم مَناس (domadóm manáas) [بُر] دیکھیے ڈوَماَ ڈوَم ایتَس (domadóm étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ڈوَمِسائل (domisáyl) [انگ۔اسم] جائے بود وباش، رہنے کا مقام۔ domicile

ڈوَمَنڈ (dománċ) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈوَم (dom) معنی نمبر ۲ جس کی یہ جمع ہے۔

ڈ-و doo

ڈوکو (dóoko) [بُر۔اسم] چھوٹا سا تالاب (۲) لکڑی کا چھوٹا سا صندوق۔

ڈ-وَ doó

ڈوَر (doór) [بُر] دیکھیے ڈآر (daár) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈوَر ڈوَر (doór doór) [بُر] دیکھیے ڈوَر (doór) جس کی یہ تکرار ہے۔

ڈوَک (doók) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈوَک ایتَس (doók étas)۔

ڈوَک ایتَس (doók étas) [بُر۔محاورہ] آہستہ آہستہ رکھنا، احتیاط سے رکھنا/بٹھانا۔

ڈوَک ڈوَک (doók doók) [بُر] دیکھیے ڈوَک (doók) جس کی یہ تکرار ہے۔

ڈُوم (*ḍoóm*) [بُر۔صف] باہمت، بہادر، چست (۲) مشکل، دشوار۔

duu ڈ-و

ڈُو (*ḍúu*) [بُر۔صوت] بھونرے کی آواز، بھڑ کی آواز۔

ڈُوڈُوکَر (*ḍuuḍuúṅar*) [بُر۔متعلقِ فعل] لحظہ بہ لحظہ، وقفہ وقفہ سے۔

ڈُون (*ḍúuṇ*) [بُر۔صوت] بھڑ وغیرہ کی آواز۔

ڈُون ڈُون ایتَس (*ḍúuṇ ḍúuṇ étas*) [بُر۔محاورہ] بھونرے کا بولنا، بھڑ کا آواز نکالنا۔

duú ڈ-وٗ

ڈُوٗپ (*ḍuúp*) [بُر۔صوت] ڈھول یا دف کی ایک مخصوص آواز (۲) ٹُم (*ṭum*) کا لاحقہ۔

ڈُوٗر (*ḍuúr*) [بُر] دیکھیے ڈآر (*ḍaár*) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈُوٗر ڈُوٗر (*ḍuúr ḍuúr*) [بُر] دیکھیے ڈُوٗر (*ḍuúr*) جس کی یہ تکرار ہے۔

ڈُوٗک (*ḍuúṅ*) [بُر۔متعلقِ فعل] قدرے دیر تک، تھوڑی دیر تک (۲) بڑھاپے کی چال۔

ڈُوٗک دیلَس (*ḍuúṅ délas*) [بُر] دیکھیے ڈُوٗک مَناس (*ḍuúṅ manáas*)۔

ڈُوٗک ڈُوٗک (*ḍuúṅ ḍuúṅ*) [بُر۔متعلقِ فعل] لحظہ بہ لحظہ، وقفہ وقفہ سے۔

ڈُوٗک ڈُوٗکَر (*ḍuúṅ ḍuúṅar*) [بُر۔متعلقِ فعل] پل پل میں، لحظہ بہ لحظہ (۲) بار بار (۳) مزید۔

ڈُوٗک ڈُم ڈُوٗک (*ḍuúṅ cum ḍuúṅ*) [بُر۔متعلقِ فعل] لحظہ بعد لحظہ (۲) بتدریج، آہستہ آہستہ۔

ڈُوٗک کَرے (*ḍuúṅ ke*) [بُر۔متعلقِ فعل] اور بھی (۲) مزید دیر تک (۳) کچھ اور وقت۔

ڈُوٗک مَناس (*ḍuúṅ manáas*) [بُر۔محاورہ] جھک جھک کر چلنا، بڑھاپے کی چال چلنا (۲) حاجت طلبی کی وجہ سے در در پھرنا۔

ڈُوٗک ہُرُٹَس (*ḍuúṅ hurúṭas*) [بُر۔محاورہ] قدرے آرام کرنا، تھوڑی دیر کے لیے بیٹھنا۔

ڈُوٗم (*ḍuúm*) [بُر۔صوت] ڈھول کی ایک مخصوص آواز۔

ڈُوٗم ڈُوٗم (*ḍuúm ḍuúm*) [بُر] دیکھیے ڈُوٗم (*ḍuúm*) جس کی یہ تکرار ہے۔

ڈ ـ ی diiɁ

ڈِیو ڈآو (ḍiiwḍaáw) [بُر] دیکھیے ڈِو ڈو (ḍiwḍáw) جس کی یہ تصغیر اور تقلیل ہے۔

ڈ ـ یٓ dií

ڈیٓ ڈآر (ḍií ḍaár) [بُر] دیکھیے ڈِیر ڈآر (ḍiír ḍaár) جس کا یہ مخفف ہے۔

ڈیٓ ڈوٓک (ḍií ḍoók) [بُر۔محاورہ] آہستہ آہستہ قدم رکھنا (۲) کسی چیز کو آہستہ آہستہ دوسری چیز پر رکھنا (۳) کسی کام کو معمولی طریقے سے انجام دینا۔

ڈِیر (ḍiír) [بُر] دیکھیے ڈآر (ḍaár) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈِیر ڈآر (ḍiír ḍaár) [بُر] آہستہ آہستہ لڑھکانا یا گھمانا۔

ڈِیر ڈِیر (ḍiír ḍiír) [بُر] دیکھیے ڈآر ڈآر (ḍaár ḍaár) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈِیس (ḍiís) [بُر۔اسم] مَس، دو چیزوں کا آپس میں مَس کرنا (۲) پانی کا کھیت کے آخری سرے تک پہنچنا (۳) مکمل کرنا/ ہونا۔

ڈِیس ایتَس (ḍiís étas) [بُر۔محاورہ] کسی چیز کا دوسری چیز سے مَس کرنا۔

ڈِیس ایتَس (ḍiís éetas) [بُر۔محاورہ] مکمل کرنا، انجام دینا (۲) پانی کو کھیت کے آخری سرے تک پہنچانا۔

ڈِیس مَناس (ḍiís manáas) [بُر] دیکھیے ڈِیس ایتَس (ḍiís éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

ڈِیک ڈوٓک (ḍiík ḍoók) [بُر] آہستہ آہستہ قدم رکھنا یا کوئی چیز رکھنا، آہستہ آہستہ کوئی کام کرنا۔

ڈِیک ڈِیک (ḍiík ḍiík) [بُر] دیکھیے ڈوٓک ڈوٓک (ḍoók ḍoók) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈِیٹ (ḍiíṅ) [بُر۔محاورہ] نظر آنا، نمایاں ہونا (۲) بلند ہونا۔

ڈِیٹ ڈآٹ (ḍiíṅ ḍaáṅ) [بُر] دیکھیے ڈِٹ ڈوَٹ (ḍiṅ ḍwaṅ) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ڈِیل ڈآل (ḍiíl ḍaál) [بُر] دیکھیے دِیل دآل (diíl daál)۔

ڈِیل ڈوٗل مَناس (ḍiíl ḍuúl manáas) [بُر] دیکھیے ڈُل ڈُل مَناس (ḍúlḍul manáas) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ڈِیم (ḍiím) [بُر] رعب کے ساتھ قدم رکھتے ہوئے چلنا۔

ڈِیم دیلَس (ḍiím délas) [بُر] دیکھیے ڈِیم مَناس (ḍiím manáas)۔

ڈِیم ڈِیم (ḍiím ḍiím) [بُر] دیکھیے ڈِیم (ḍiím) جس کی یہ تکرار ہے۔

ڈِیم مَناس (ḍiím manáas) [بُر۔محاورہ] رعب کے ساتھ قدم رکھتے چلنا، طاقت کا مظاہرہ کرتے چلنا۔

ڈ۔ ے۲ de

ڈیسک (ḍesk) [انگ۔اسم] چپٹے سلائی دار ڈھکنے والا، عموماً خانہ دار بکس نما فرنیچر جو بطور میز لکھنے کے کام کے کام آتا ہے۔ desk

ڈیمپ (ḍemp) [انگ۔صف] ذخیرہ، ڈھیر۔ dump

ڈَینٹِسٹ (ḍenṭisṭ) [انگ۔اسم] معالجِ دندان، دندان ساز۔ dentist

ڈینٹل (ḍénṭal) [انگ۔صف] دانتوں کا، دندانی۔ dental

ڈ۔ ے dee

ڈے بُک (ḍée buk) [انگ۔اسم] کچا کھاتہ، روکڑ۔ day book

ڈیٹ (ḍéeṭ) [انگ۔اسم] مہینے کا کوئی دن جسے عدد سے ظاہر کیا جائے، تاریخ۔ date

ڈیڈی (ḍeeḍí) [انگ۔اسم] باپ، ابا، ابو۔ dady

ڈیش (ḍées̈) [انگ۔اسم] تحریر یا چھپائی میں وقفے وغیرہ کی لکیر۔ dash

ڈیکوریشَن (ḍeekureéšan) [انگ۔اسم] تزئین و آرائش (۲) کوئی شے جو باعثِ زینت ہو۔ decoration

ڈینِمُو (ḍeeynimúu) [انگ۔اسم] برق آفرین۔ dynamo

ڈ۔ ے۳ deé

ڈیک (ḍeék) [بُر۔اسم] دیگ، سالن پکانے کا برتن۔

ڈیک ڈُم بَلوسٖے اِغرا اُیَم
(ḍeék ċum balóoṣe igára uyám)
[بُر۔کہاوت] دیگ کے مقابلے میں پتھر کی دیگ (بَلوس (balóoṣ)) کا سالن لذیذ ہوتا ہے۔

ڈیکُڈ (ḍeékuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈیک (ḍeék) جس کی یہ جمع ہے۔

ڈیلی (ḍeéli) [انگ۔صف] روزانہ (۲) مستقل، باقاعدہ۔ daily

ذ۔ا

ذات (*záat*) [ع۔اسم] اصلیت، جوہر، سرشت (۲) قوم، گوت (۳) پیدائش، خاندان، نسل (۴) ہستی، وجود۔

ذات پات (*záat páat*) [اُر۔اسم] 'پات' تابع مہمل ہے، قوم، قبیلہ، ذات۔

ذاتی/ذاتیؔ (*zaatí*) [ار۔صف] اصلی، حقیقی (۲) شخصی، نجی کا۔

ذاتی مَناس (*zaatí manáas*) [ار+بُر۔محاورہ] اپنا ہونا، شخصی ہونا۔

ذاکِر (*zaakír*) [ع۔صف] ذکر کرنے والا (۲) منبر پر بیٹھ کر واقعاتِ کربلا بیان کرنے والا۔

ذ۔ب

ذَبح/ذَباؔ (*zába*) [ع۔اسم] شرعی طور پر حلال کرنا، گلا کاٹنا۔

ذ۔خ

ذَخِیرہ/ذَخِیراؔ (*zaqhiirá*) [ع۔اسم] خزانہ، گودام۔

ذ۔ر

ذُریہ/ذُریاؔ (*zuryá*) [ع+بُر۔اسم] عربی لفظ ذُرِّیت کا بگاڑ، اولاد، نسل، تخم۔

ذُرِّیت (*zurriyyát*) [ع۔اسم] نسل، تخم۔

ذ۔ک

ذِکر (*zikr*) [ع۔اسم] تذکرہ، چرچا (۲) یاد کرنا، بیان کرنا، خدا کی یاد زبان و دل سے کرنا۔

ذِکرِ جَلی (zíkri jalíi) [ع-اسم] بآوازِ بلند ذکر کرنا۔

ذِکرِ خَفی (zíkri qhafíi) [ع-اسم] دل میں مخفی طور پر ذکر کرنا۔

ذِکرِ کَثیر (zíkri kasíir) [ع-اسم] خدا کو بہت زیادہ یاد کرنا۔

ذ۔گ

ذِگر (zígir) [ع،بُر-اسم] دیکھیے ذِکر (zikr) جس کا یہ بروشسکی تلفظ ہے۔

ذ۔ل

ذَلالَت (zalaalát) [ع-اسم] رسوائی، خواری (۲) ہتک (۳) کمینہ پن۔

ذِلّت (zillát) [ع-اسم] رسوائی، خواری۔

ذَلیل (zalíil) [ع-صف] خوار (۲) خستہ، کمینہ۔

ذَلیل اِمَنَس (zalíil imánas) [ع+بُر-محاورہ] خوار ہونا، رسوا ہونا، شرمندہ ہونا۔

ذَلیل اِیتَس (zalíil étas) [ع+بُر-محاورہ] خوار کرنا، رسوا کرنا، شرمندہ کرنا۔

ذَلیل مَناس (zalíil manáas) [ع+بُر] دیکھیے ذَلیل اِیتَس (zalíil étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ذ۔م

ذِمَوار (zimawáar) [عف،بُر-صف] دیکھیے ذِمه دار (zimadáar)۔

ذِمَوار مناس (zimawáar manáas) [بُر-محاورہ] ذمہ دار ہونا۔

ذِمَواری/ذِمَواریٔ (zimawaarí) [عف،بُر-صف] دیکھیے ذِمه داری (zimadaarí)۔

ذِمه/ذِمآ (zimá) [ع-اسم] ضمانت، کفالت، ضامنی (۲) عہد (۳) سپردگی (۴) جوابدہی [متعلق فعل] قبضے میں (۵) ذمہ کی تخفیف۔

ذِمه اِیتَس (zimá étas) [ع+بُر-محاورہ] ضامن بنانا، تحویل میں دینا۔

ذِمه دار (zimadáar) [عف-صف] ضامن، کفیل (۲) جوابدہ۔

ذِمه داری/ذِمآ داریٔ (zimadaarí) [عف-صف] کفالت، جوابدہی۔

ذِمه گَنَس (zimá gánas) [ع+بُر-محاورہ]

ضامن بننا، ضمانت لینا۔

ذِمه مناس (zimá manáas) [ع+بُر۔محاورہ] دیکھیے ذِمه ایتَس (zimá étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ذُ۔و

ذُوالفِقار (zulfiqáar) [ع۔اسم] حضرت علیؓ کی تلوار جس کی پیٹھ پر مہریں بنے ہوئے تھے، مہروں والی تلوار۔

ذُوالقَرنَین (zulqarnayn) [ع۔اسم] دوقرنوں والا، دوسینگوں والا، دوگیسوؤں والا (۲) سکندر بادشاہ۔

ذ۔ه

ذَہین (zahíin) [ع۔صف] وہ شخص جس کا ذہن تیز ہو۔

ڈ-اؔ

ڈاؔ (ċa) [بُر-صف] استادہ، کھڑا (۲) رکا ہوا (۳) ڈٹ (ċaṭ) کا مخفف۔

ڈاؔ دُغُئی (ċa duġúy) [بُر-اسم] عین دوپہر، نصف النہار۔

ڈاؔ دُغُئی مَناس (ċa duġúy manáas) [بُر-محاورہ] دوپہر ہونا، سورج بلند ہونا۔

ڈاؔدیِیَس (ċa déyas) [بُر-محاورہ] استادہ کرنا، کھڑا کرنا، نیز دیکھیے ڈَٹ دیِی یَس (ċaṭ déyyas) جس کا یہ مخفف ہے۔

ڈاؔ دیِی یَسّ (ċa déyyas) [بُر-محاورہ] دیکھیے ڈاؔدیِیَس (ċa déyas)۔

ڈاؔ ڈَپاؔ ڈَپ (ċáċapa ċap) [بُر] دیکھیے ڈَپ ڈَپ اِمَنَس (ċápċap imánas) جس میں یہ شدت کے معنی پیدا کرتا ہے۔

ڈ-ا

ڈاٹ (ċáaṭ) [بُر-صف] روشن، تابان، منور۔

ڈاٹ ایتَس (ċáaṭ éetas) [بُر-محاورہ] روشن کرنا، تابان کرنا، منور کرنا۔

ڈاٹ مَناس (ċáaṭ manáas) [بُر-محاورہ] دیکھیے ڈاٹ ایتَس (ċáaṭ éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

ڈادر (ċaadár) [بُر-اسم] دیکھیے چادر(ċaadár) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

ڈ-آ

ڈآپ (ċaáp) [بُر] ہاتھ لگانا، کسی چیز کو آہستہ ہاتھ لگانا (۲) بہت آہستہ آہستہ چلنا یا کام کرنا (۳) باضمہ کی بیماری معلوم کرنے اور اس کا علاج کرنے کا ایک قدیم اور فرسودہ طریقہ، نیز دیکھیے ڈپ

(ċap) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ڈآپ ایتَس (ċaáp étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ڈآپ (ċaáp) معنی نمبر ۱،۳۔

ڈآپ مَناس (ċaáp manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ڈآپ (ċaáp) معنی نمبر ۲۔

ڈآٹ (ċaáṭ) [بُر۔اسم] قدرے توقف، قدرے ٹھہراؤ، نیز دیکھیے ڈَٹ (ċaṭ) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ڈآٹ ایتَس (ċaáṭ éetas) [بُر۔محاورہ] قدرے روکنا، ذرا ٹھہرانا۔

ڈآٹ مَناس (ċaáṭ manáas) [بُر۔محاورہ] قدرے رکنا، قدرے باز رہنا، ذرا ٹھہرنا۔

ڈآر (ċaár) [بُر۔اسم] قدرے شگاف پڑنا یا ڈالنا، کھلنا، کُھلنا یا کھولنا، نیز دیکھیے ڈر (ċar) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ڈآر ایتَس (ċaár étas) [بُر۔محاورہ] شگاف ڈالنا (۲) کشادہ کرنا، کھول کر الگ الگ کرنا (۳) مویشیوں کا گھنی گھاس یا فصل کو اکھیڑ اکھیڑ کر کھانا (۴) درندوں کا کسی مردار کو چیر چیر کر کھانا (۵) گندم کا دلیہ بنانے کے لیے گندم کو پیسنا۔

ڈآر پآر (ċaár paár) [بُر۔اسم] نوچ نوچ کر رکھنا، نوچ کر کھانا، نوچ نوچ کر رکھنے کا عمل۔

ڈآر پآر ایتَس (ċaár paár étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ڈآر پآر (ċaár paár)۔

ڈآر ڈآر (ċaár ċaár) [بُر] دیکھیے ڈآر (ċaár) جس کی یہ تکرار ہے۔

ڈآر مَناس (ċaár manáas) [بُر۔محاورہ] کھل جانا (کلی وغیرہ کا) (۲) خاندان کا علیحدہ ہونا (۳) الگ ہونا، جدا ہونا، شگاف پڑنا۔

ڈآک (ċaák) [بُر۔اسم] گشت، ٹہل (۲) [فعل کی صورت میں] دیکھیے ڈک (ċak) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے (۳) ٹھہرانا، روکنا۔

ڈآک ایتَس (ċaák étas) [بُر۔محاورہ] کسی چھوٹے بچے کو اٹھا کر آہستہ آہستہ گشت کرانا (۲) تھوڑی دیر کے لیے روکنا، موقوف رکھنا۔

ڈآک مَناس (ċaák manáas) [بُر۔محاورہ] انتظار میں ٹہلنا، گشت کرنا (۲) رکنا، توقف کرنا۔

ڈآو (ċaáw) [بُر۔اسم] گرمی کی جلن (۲) اچانک سردی لگنے کی وجہ سے یخ بستہ ہونا (۳) واغنا۔

ڈآو ایتَس (ċaáw étas) [بُر۔محاورہ] گرمی کی شدت سے جلانا مثلاً گوشت وغیرہ (۲) شدید سردی کی وجہ سے یخ بستہ ہونا (۳) واغنا۔

ڈآو مَناس (ċaáw manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ڈآو ایتَس (ċaáw étas) جس کا یہ

لازم ہے۔

ڈ۔پ

ڈَپ (ċap) [بُر۔اسم] چھونا، ہاتھ لگانا۔

ڈَپ اِمَنَس (ċap imánas) [بُر۔محاورہ] ہاتھ پہنچنا (۲) معلوم کرنا، سراغ لگانا، راز معلوم کرنا۔

ڈَپ ایَتَس (ċap étas) [بُر۔محاورہ] ہاتھ لگانا (۲) مارنا، سزا دینا۔

ڈَپ ڈَپ (ċap ċap) [بُر۔اسم] ٹٹولنا (۲) چھوتے چھوتے رہ جانا (۳) ڈَپ (ċap) کی تکرار۔

ڈَپ ڈَپ اِمَنَس (ċap ċap imánas) ضرورت کے وقت کوئی چیز نہ ملنے پر ٹٹولتے رہ جانا (۲) چیز میسر نہ آنا (۳) گفتگو میں الفاظ نہ ملنے پر سوچتے رہ جانا (۴) نظر کی کمزوری یا روشنی کی کمی کی وجہ سے دیوار یا کسی سہارے کو چھوتے ہوئے چلنا۔

ڈَپ ڈَپ (ċapċáp) [بُر] ہاتھ لگانا، چھونا، ٹٹولنا۔

ڈَپ ڈَپ ایَتَس (ċapċáp étas) [بُر۔محاورہ] ٹٹولنا، کسی چیز کا ہاتھ لگا کر جائزہ لینا۔

ڈَپ ڈَپ نےِ غَراس (ċapċáp ne ġaráas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ڈَپ نےِ غَراس (ċap ne ġaráas)۔

ڈَپ غَسَپ (ċap ġaṣáp) [بُر۔صف] اچانک، فوراً، جلدی میں۔

ڈَپ غَسَپ نےِ (ċap ġaṣáp ne) [بُر۔متعلق فعل] اچانک سے، جلدی میں، فوری طور سے۔

ڈَپ نےِ (ċap ne) [بُر۔متعلق فعل] اچانک، فوراً (۲) چھان بین کیے بغیر (۳) چھوکر۔

ڈَپ نےِ باَ ایَتَس (ċap ne ba étas) [بُر۔محاورہ] کسی چیز کو تبرک کا ہاتھ لگا کر بوسہ لینا، استلام۔

ڈَپ نےِ غَراس (ċap ne ġaráas) [بُر۔محاورہ] سوچے سمجھے بغیر بولنا (۲) جھوٹ بولنا۔

ڈِپ (ċip) [بُر] دیکھیے ڈَپ (ċap) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈِپ ڈےِ (ċípċe) [بُر۔متعلق فعل] پل بھر میں، لمحہ لمحہ۔

ڈِپ ڈےِ کرےِ (ċípċe ke) [بُر] دیکھیے ڈِپ ڈےِ (ċípċe)۔

ڈُپ (ċup) [بُر۔اسم] ایک انگلی کے برابر جیسے چار انگلیوں کے ناپ کو وَلْ ڈُپ (wálċup) کہا جاتا ہے۔

ڈُپ ڈَپ (ċupċáp) [بُر۔اسم] ٹٹولنا، نظر نہ آنے کی

وجہ سے چیزوں کو ہاتھ لگاتے چلنا۔

ڈُپ ڈِے (*ċúpċe*) [بُر] دیکھیے ڈِپ ڈِے (*ċípċe*)۔

ڈُپُم (*ċupúm*) [بُر] دیکھیے زُپُم (*zupúm*) جو زیادہ رائج ہے۔

ڈَپَن (*ċapán*) [بُر] دیکھیے ڈَپَنس (*ċapánas*) جس کا یہ امر ہے۔

ڈَپَنَس (*ċapánas*) [بُر۔مص] سینا۔

ڈَپَنُم (*ċapánum*) [بُر] دیکھیے ڈَپَنس (*ċapánas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ڈَپَنِن (*ċapánin*) [بُر] دیکھیے ڈَپَنس (*ċapánas*) جس سے یہ جمع کے لیے امر ہے۔

ڈَپِی (*ċápi*) [بُر۔اسم] چمٹی، چھوٹا چمٹا۔

ڈَپِی مِنگ (*ċápimiṅ*) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈَپِی (*ċápi*) جس کی یہ جمع ہے۔

ڈ ـ ٹ

ڈَٹ (*ċaṭ*) [بُر۔اسم] رکا ہوا، موقوف (۲) استادہ، کھڑا (۳) [امر] رکو۔

ڈَٹ ایتَس (*ċaṭ étas*) [بُر۔محاورہ] روکنا، ٹھہرانا۔

ڈَٹ بُشَئی (*ċaṭ buṣáy*) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈَک بُشَئی (*ċak buṣáy*)۔

ڈَٹ دِیئیَس (*ċaṭ diyéyas*) [بُر۔محاورہ] استادہ ہونا، کھڑا ہونا (۲) رکنا۔

ڈَٹ دیِی یَس (*ċaṭ déyyas*) [بُر۔محاورہ] استادہ کرنا، کھڑا کرنا (۲) روکنا۔

ڈَٹ ڈَٹ (*ċaṭ ċaṭ*) [بر] دیکھیے ڈَٹ (*ċaṭ*) جس کی یہ تکرار ہے۔

ڈَٹ دُغُئی (*ċaṭ duġúy*) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈَآ دُغُئی (*ċa duġúy*)۔

ڈَٹ دُغُئی مَناس (*ċaṭ duġúy manáas*) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ڈَآ دُغُئی مَناس (*ċa duġúy manáas*)۔

ڈَٹ کُش (*ċáṭkuṣ*) [بُر۔اسم] توقف، ٹھہراؤ۔

ڈَٹ مَناس (*ċaṭ manáas*) [بُر] رک جانا، بند ہونا، نیز دیکھیے ڈَٹ ایتَس (*ċaṭ étas*) جس کا یہ لازم ہے۔

ڈَٹ مناس کُش (*ċáṭ manáas kuṣ*) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ڈَٹ کُش (*ċáṭkuṣ*)۔

ڈ ـ ڈ

ڈَڈَپ (*ċáċap*) [بُر۔محاورہ] کسی چیز کو ہاتھ لگتے لگتے رہ

جانا، ہاتھ پہنچتے پہنچتے رہ جانا۔

ڎَڎَپ اِمَنَس (ċáċap imánas) [بُر۔محاورہ] کسی چیز کی کمی ہونا (۲) اخراجات پورا نہ ہونا، نیز دیکھیے ڎَڎَپ (ċáċap)۔

ڎَڎَپیَش (ċaċapeéś) [بُر۔اسم] کسی سے دوچار ہونا، قلت پیش آنا (۲) ہاتھ نہ لگنا۔

ڎَڎَپیَش اِمَنَس (ċaċapeéś imánas) [بُر۔محاورہ] کسی چیز میں کمی یا قلت پیش آنا، اخراجات پورا نہ ہونا (۲) ہاتھ نہ آنا (۳) بینائی کی کمزوری یا اندھیرے کی وجہ سے دیوار یا کسی سہارے کو چھوتے ہوئے چلنا۔

ڎَڎَٹ (ċáċaṭ) دیکھیے ڎَٹ ڎَٹ (ċaṭ ċaṭ) جس کا یہ مخفف ہے۔

ڎَڎَر (ċáċar) [بُر۔اسم] کپڑا وغیرہ پھٹنے/پھاڑنے کی آواز۔

ڎَڎَر مناس (ċáċar manáas) [بُر۔محاورہ] کپڑا پھٹنے/پھاڑنے کی آواز آنا (۲) گرم تیل میں پانی کے چھینٹے گرنے سے پیدا ہونے والی آواز آنا۔

ڎَڎَر (ċaċár) [بُر] چیر پھاڑ۔

ڎَڎَر ایتَس (ċaċár étas) [بُر۔محاورہ] چیرنا، پھاڑنا، لخت لخت کرنا۔

ڎَڎَر ایرس (ċaċár éeras) [بُر۔محاورہ] چیرنا پھاڑنا۔

ڎَڎَر نِیَس (ċaċár níyas) [بُر۔محاورہ] جگہ جگہ سے پھٹ جانا، جگہ جگہ شگاف پڑنا (۲) فرسودہ ہونا۔

ڎِڎِر (ċiċír) [بُر] دیکھیے ڎِر ڎِر (ċir ċir) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڎُڎُر (ċúċur) [بُر] دیکھیے ڎَڎَر (ċáċar) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڎُڎُر (ċuċúr) [بُر] دیکھیے ڎَڎَر (ċaċár) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڎُڎُرو (ċuċuróo) [بُر۔اسم] نوچی ہوئی چیز مثلاً اُون وغیرہ، (محاورۃً) کمزور شخص، نکما۔

ڎُڎُرو ایتَس (ċuċuróo étas) [بُر۔محاورہ] نوچ نوچ کر چھوڑنا (خاص طور پر اُون وغیرہ کو)۔

ڎُڎُرومِݣ (ċuċuróomiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے ڎُڎُرو (ċuċuróo) جس کی یہ جمع ہے۔

ڎَڎَق (ċáċaq) [بُر۔اسم] زبان اور تالو کی حرکت کے ذریعے منھ سے آواز نکال کر تعجب، افسوس یا حیرت کا اظہار کرنا، نیز دیکھیے ڎوَق ڎوَق (ċoq ċoq) جو زیادہ مستعمل ہے۔

ڎَڎَک (ċáċak) [بُر۔اسم] دیکھیے ڎَک ڎَک

(cákċak) جس کا یہ مخفف ہے۔

ڎڎک اِمَنس (ċáċak imánas) [بُر۔محاورہ] تذبذب کا شکار ہونا (۲) قدم رک جانا۔

ڎڎک مَناس (ċáċak manáas) [بُر۔محاورہ] تذبذب میں ہونا، گومگو کی حالت میں ہونا (۲) کسی وجہ سے رُک رُک کر قدم اٹھانا۔

ڎڎک (ċaċák) [بُر۔اسم] دیکھیے ڎک ڎک (ċakċák) جس کا یہ مخفف ہے۔

ڎڎک ایتَس (ċaċák étas) [بُر۔محاورہ] روئی کو سالن میں بار بار بھگونا۔

ڎڎِک (ċáċak) [بُر۔اسم] دیکھیے ڎڎک (ċakċák) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڎڎمَٹ (ċaċamáṭ) [بُر۔اسم] گہما گہمی، دھوم دھام (۲) ہنگامہ، ہائے ہو، زور شور۔

ڎڎمَٹ مَناس (ċaċamáṭ manáas) [بُر۔محاورہ] گہما گہمی ہونا، دھوم دھام ہونا (۲) ہنگامہ ہونا، ہائے ہو ہونا۔

ڎُڎوَر (ċuċór) [بُر] دیکھیے ڎُڎوَرَس (ċuċóras) جس کا یہ امر ہے۔

ڎُڎوَرَس (ċuċóras) [بُر۔مص] نوچنا، چیر چیر کر الگ کرنا (۲) مویشیوں کا نوچ نوچ کر فصل وغیرہ کھانا (۳) درندوں کا نوچ نوچ کر گوشت کھانا۔

ڎُڎوَرُم (ċuċórum) [بُر] دیکھیے ڎُڎوَرَس (ċuċóras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ڎ۔ر

ڎَر (ċar) [بُر۔اسم] شگاف، درز، چیرا (۲) سنتری، نگہبان۔

ڎَر ایتَس (ċar étas) [بُر۔مص] چیرنا، پھاڑنا (۲) کھیت کو کیاریوں میں تقسیم کرنا۔

ڎَر ایرَس (ċar éeras) [بُر] شگاف ڈالنا، درز ڈالنا (۲) حفاظت یا نگہبانی کے لیے کسی کو بھیجنا۔

ڎَر دِوسَس (ċar díwsas) [بُر۔محاورہ] شگاف بنانا (۲) چیرنا (۳) سنتری بٹھانا۔

ڎَر ڎَر ایتَس (ċarċár étas) [بُر۔محاورہ] تقسیم در تقسیم کرنا (۲) توڑنا (۳) چیرنا پھاڑنا۔

ڎَر گوئن (ċar guyn) [بُر۔اسم] نگران، سنتری، تیز دیکھیے ڎَر (ċar) معنی نمبر ۲۔

ڎَر مَناس (ċar manáas) [بُر۔مص مر] شگافتہ ہونا، پھٹ جانا۔

ڎَر نِیَس (ċar níyas) [بُر۔محاورہ] شگاف پڑنا، درز پڑنا۔

ڎَر ہُرُٹس (ċar hurúṭas) [بُر۔محاورہ] رکھوالی

کرنا، نگہبانی کرنا۔

ڈِر (ċir) [بُر] دیکھیے ڈَر (ċar) معنی نمبر۲ جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈِر ایتَس (ċir étas) [بُر] دیکھیے ڈَر ایتَس (ċar étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈِرڈِر (ċir ċir) [بُر] دیکھیے ڈِر (ċir) جس کی یہ تکرار ہے۔

ڈُر (ċur) [بُر] دیکھیے ڈَر (ċar) معنی نمبر۱ جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈُر ایتَس (ċur étas) [بُر] دیکھیے ڈَر ایتَس (ċar étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈُر بُر (ċurbúr) [بُر۔اسم] تقسیم، برابر کی تقسیم (۲) تقسیم در تقسیم۔

ڈُر بُر ایتَس (ċurbúr étas) [بُر۔اسم] تقسیم کرنا، برابر کی تقسیم کرنا (۲) تقسیم در تقسیم کرنا۔

ڈُر بُرمَناس (ċurbúr manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ڈُر بُر ایتَس (ċurbúr étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ڈَرُم ڈَر (ċārum ċar) [بُر۔متعلق فعل] چیر پھاڑ، تقسیم در تقسیم۔

ڈَرُم ڈَر ایتَس (ċārum ċar étas) [بُر۔محاورہ] چیر پھاڑ کرنا، تقسیم در تقسیم کرنا۔

ڈُرُم ڈُر (ċúrum ċur) [بُر۔صف] تقسیم در تقسیم، نیز دیکھیے ڈَرُم ڈَر (ċārum ċar) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈُرو (ċúro) [بُر۔اسم] حصہ، ٹکڑا، وہ حصہ جو چیر کر الگ کیا ہو۔

ڈَریی (ċaréy) [بُر۔اسم] نگرانی، رکھوالی۔

ڈَریی ایتَس (ċaréy étas) [بُر۔محاورہ] نگرانی کرنا، رکھوالی کرنا۔

ڈَرے شِکاری (ċáre šikáari) [بُر۔اسم] فوجی چوکی جہاں سے سنتری نگرانی کرتا ہے۔

ڈ۔ق

ڈِق (ċiq) [بُر۔اسم] دانتوں کی شقوں سے دباؤ کے ساتھ لعاب نکلنے کی آواز، دانتوں کے شگافوں سے تھوک یا پانی نکالنا۔

ڈِق ایتَس (ċiq étas) [بُر۔محاورہ] دانتوں کی شگافوں سے دباؤ کے ساتھ لعاب یا پانی نکالنا۔

ڈِق ایتَس (ċiq éetas) [بُر۔مص] دیکھیے ڈِق ایتَس (ċiq étas) جس کا یہ متعدی ہے۔

ڈِق تُھو (ċiq thúu) [بُر۔محاورہ] دانتوں کی شقوں سے دباؤ کے ساتھ لعاب نکال کر تھوکنا۔

ڈَق ڈمُلَٹ (ċaq ċamulát̤) [بُر۔اسم] خلط ملط، گڈمڈ (۲) ہجوم، جمگھٹ۔

ڈ۔ک

ڈَک (ċak) [بُر۔اسم] بند، وہ بند جس کے ذریعے نہر کے پانی کا رُخ تبدیل کرتے ہیں (۲) قلم کو سیاہی میں ڈبونا (۳) کسی مائع چیز میں روٹی ڈبوڈبو کر کھانا (۴) مکمل، پورا (۵) رک جانا، کھڑا رہنا، انتظار کرنا (۶) مَس، چھونا، چھوانا۔

ڈَک ایتَس (ċak étas) [بُر۔محاورہ] روٹی کے ٹکڑوں کو کسی مائع چیز میں ڈبوڈبو کر کھانا (۲) روکنا۔

ڈَک ایتَس (ċak éetas) [بُر۔محاورہ] مکمل کرنا (۲) چھوانا۔

ڈَک بِشاَیَس (ċak biśáyas) [بُر۔محاورہ] پانی کا بند باندھنا، پانی کا رخ تبدیل کرانا (۲) روکنا، بند کرنا۔

ڈَک بُشَئی (ċak buṣáy) [بُر۔اسم] ایک خیالی بستی جس کا ذکر لوک کہانیوں میں آتا ہے۔

ڈَک ڈَک (cákċak) [بُر۔اسم] تذبذب میں پڑنا، رک رک کر چلنا۔

ڈَک ڈَک اِمَنَس (ċákċak imánas) [بُر۔مص] رک جانا (۲) تذبذب میں پڑنا۔

ڈَک ڈَک (ċakċák) [بُر۔اسم] کسی مائع چیز میں روٹی کا نوالہ ڈال کر کھانا۔

ڈَک ڈَک ایتَس (ċakċák étas) [بُر۔محاورہ] کسی مائع چیز میں روٹی ڈبوڈبو کر کھانا۔

ڈَک مَناس (ċak manáas) [بُر۔محاورہ] مکمل ہونا، پورا ہونا (۲) فوراً رک جانا، فوراً بند ہونا۔

ڈِک (ċik) [بُر] دیکھیے ڈَک (ċak) معنی نمبر ۲، ۳ جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈِک ایتَس (ċik étas) [بُر] دیکھیے ڈَک ایتَس (ċak étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈِک ڈَک (cíkċak) [بُر۔اسم] تذبذب، گومگو، توقف۔

ڈِک ڈَک (ċikċák) [بُر۔اسم] کسی چیز کو ادھر اُدھر پانی میں تر کرنا۔

ڈِک ڈِک (ċikċík) [بُر] دیکھیے ڈَک ڈَک (ċakċák) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈِک ڈَک مَناس (ċikċák manáas) [بُر۔محاورہ] رکنا، ٹھہر ٹھہر کر چلنا یا کام کرنا

(۲) تذبذب میں پڑنا، گومگو میں مبتلا ہونا۔

ڈُک ڈَک (ċukċák) [بُر] دیکھیے ڈِک ڈَک (ċikċák)۔

ڈُک ڈَک اِمَنَس (ċukċák imánas) [بُر] دیکھیے ڈِک ڈَک اِمَنَس (ċikċak imánas)۔

ڈَکِچَک (ċakíċaṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈَک (ċak) معنی نمبرا جس کی یہ جمع ہے۔

ڈَکوٗ (ċakoó) [بُر۔اسم] سہارا، ایک چیز کو دوسری چیز کا سہارا بنانا (۲) کسی کام کو نامکمل طور پر انجام دینا۔

ڈَکوٗ ایتَس (ċakoó étas) [بُر۔اسم] کسی چیز کے لیے دوسری چیز کا سہارا بنانا (۲) کسی کام کو نامکمل طور پر انجام دینا، معمولی طریقے سے انجام دینا۔

ڈَکوٗ مَناس (ċakoó manáas) [بُر] ہاتھ بٹانا، مدد کرنا، نیز دیکھیے ڈَکوٗ ایتَس (ċakoó étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ڈِکِیِ ڈَکوٗ (ċikií ċakoó) [بُر۔اسم] جوڑ جوڑ کر بنانا، معمولی طریقے سے انجام دینا (۲) مشکل سے انجام دینا، سر سے ہٹانا۔

ڈِکِیِ ڈَکوٗ ایتَس (ċikií ċakoó étas) دیکھیے ڈِکِیِ ڈَکوٗ (ċikií ċakoó)۔

ڈ ـ ک

ڈَنکوٗر (ċaṅkór) [بُر۔اسم] مورچہ یا عسکری چوکی۔

ڈَنکوٗرِک (ċaṅkóriṅ) دیکھیے ڈَنکوٗر (ċaṅkór) جس کی یہ جمع ہے۔

ڈ ـ م

ڈَم (ċam) [بُر] یہ ایک سابقہ ہے جو فوراً، اچانک وغیرہ کے معنی دیتا ہے۔

ڈُم (ċum) [بُر۔حرف ربط] سے۔

ڈَم ڈاٹ (ċam ċáaṭ) [بُر] یک دم سے روشن ہونا۔

ڈَم ڈاٹ ایتَس (ċam ċáaṭ éetas) [بُر۔مص] ایک دم روشن کرنا (۲) فوراً زیادہ روشن کرنا۔

ڈَم ڈاٹ مناس (ċam ċáaṭ manáas) دیکھیے ڈَم ڈاٹ ایتَس (ċam ċáaṭ éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

ڈَم ڈَٹ (ċam ċaṭ) [بُر] اچانک رک جانا (۲) مکمل طور پر رک جانا۔

ڈَم ڈَک (ċam ċak) [بُر۔اسم] پورا، کامل، مکمل (۲) اچانک رک جانا، کسی گھبراہٹ اور خوف کی وجہ

سے رک جانا۔

ڈَم ڈَک ایتَس (ċam ċak éetas) [بُر۔محاورہ] پورا کرنا، مکمل کرنا، صحیح طریقے سے انجام دینا۔

ڈَم ڈَک مَناس (ċam ċak manáas) [بُر] دیکھیے ڈَم ڈَک ایتَس (ċam ċak éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

ڈَمِک (ċamík) [بُر۔اسم] آمیزہ، محلول، مکسچر۔

ڈَمِک ایتَس (ċamík étas) [بُر۔محاورہ] کسی چیز، مثلاً گری، اخروٹ وغیرہ کو پیسنے کے بعد پانی کے ساتھ ملا کر محلول بنانا۔

ڈَمِک مَناس (ċamík manáas) [بُر۔محاورہ] کسی سالن وغیرہ میں پانی کی زیادتی کی وجہ سے ڈَمِک (ċamík) جیسا ہونا۔

ڈَمِکچِک (ċamíkiċiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈَمِک (ċamík) جس کی یہ جمع ہے۔

- ڈِموٗ (-ċimo) [بُر۔حرف ربط] سے۔

ڈ۔ن

ڈَناٗ (ċaná) [بُر۔اسم] کڑاہ، لوہے کا ایک بڑا برتن جو زیادہ تر دیسی غذائیں بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

ڈَناٗمُڈ (ċanámuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈَناٗ (ċaná) جس کی یہ جمع ہے۔

ڈَنڈُراٗ (ċandúra) [بُر۔اسم] سوموار، ہفتے کا دوسرا دن، دوشنبہ۔

- ڈَنَس (-ċanas) [بُر۔مص] حاجت براری کرنا (۲) درست کرنا، برابر کرنا، ٹھیک کرنا (واضح رہے کہ یہ علامتِ ضمیر یعنی دیے، دوٗ، دَماٗ وغیرہ کے ساتھ آتا ہے)۔

ڈ۔و ċaw, ċiw, ċuw

ڈَو (ċaw) [بُر۔صوت] کسی گرم چیز پر پانی کے قطرے گرنے سے نکلنے والی آواز۔

ڈَومَناس (ċaw manáas) [بُر] دیکھیے ڈَوڈَو مَناس (ċaw ċaw manáas)۔

ڈَوڈَو (ċaw ċaw) [بُر] دیکھیے ڈَو (ċaw) جس کی یہ تکرار ہے۔

ڈَوڈَومَناس (ċaw ċaw manáas) [بُر۔محاورہ] گرم لوہا وغیرہ پر پانی کے قطرے گرنے سے آواز نکلنا۔

ڈِو (ċiw) [بُر۔اسم] بٹیر کی جسامت کا ایک سیاہ آبی پرندہ جو بار بار پانی میں ڈبکیاں مارتا رہتا ہے (۲) کنایۃً

کالاشخص،سیاہ فام (۳) ڎَو (ċaw) کی تصغیر۔

ڎِوایِتَس (ċiw étas) [بُر] دیکھیے ڎَوایِتَس (ċiw étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڎِوڎِو (ċiw ċiw) [بُر] دیکھیے ڎَوڎَو (ċaw ċaw) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڎِوشوَ (ċíwiśo) [بُر۔اسم] دیکھیے ڎِو (ċiw) جس کی یہ جمع ہے۔

ڎِومُڎ (ċíwmuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے ڎِوشوَ (ċíwiśo)۔

ڎـوَ ċo

ڎوَٹ (ċoṭ) [بُر۔اسم] کوئی مرغن چیز کھانے کی وجہ سے اشتہا جاتے رہنا (۲) بے ہوشی کی کیفیت طاری ہونا (۳) مست ہونا۔

ڎوَٹ اِمَنَس (ċoṭ imánas) [بُر] دیکھیے ڎوَٹ ایِتَس (ċoṭ étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ڎوَٹ ایِتَس (ċoṭ étas) [بُر] دیکھیے ڎوَٹ (ċoṭ)۔

ڎوَڎوَرَس (ċoċóras) [بُر۔مص] دیکھیے ڎُڎوَرَس (ċuċóras)۔

ڎوَڎوَک (ċoċók) [بُر] دیکھیے ڎَڎَک (ċaċák) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڎوَق (ċoq) [بُر۔محاورہ] زبان اور دانتوں کے ذریعے آواز نکال کر انکار، تعجب یا ناراضگی کا اظہار کرنا [صوت] بھیڑ بکریوں کو بلانے کی آواز۔

ڎوَق ایِتَس (ċoq étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ڎوَق (ċoq) (۲) بھیڑ بکریوں کو بلانے کے لیے آواز نکالنا۔

ڎوَق ڎوَق (ċoq ċoq) [بُر] دیکھیے ڎوَق (ċoq) جس کی یہ تکرار ہے۔

ڎوَق ڎوَق ایِتَس (ċoq ċoq étas) [بُر] دیکھیے ڎوَق ایِتَس (ċoq étas)۔

ڎوَک (ċok) [بُر] دیکھیے ڎَک (ċak) معنی نمبر ۲، ۳ جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڎوَک ایِتَس (ċok étas) [بُر] دیکھیے ڎَک ایِتَس (ċak étas) معنی نمبر ۱ جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڎوَک ڎوَک (ċokċók) [بُر] دیکھیے ڎَک ڎَک (ċakċák) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڎوَن (ċon) [بُر۔اسم] غلام۔

نُورانیِ سَاَ گور نوکر ایَس دَلتَس ہَلَنڎ اُنرِ ڎوَن گور بَرچِیِ بِلاَ لرِ اَسمان سُلطان مُحَمّد شا

دیوانِ نصیری (بُروشسکی)، ص۸۱۔

ترجمہ: اے حضرت امام سلطان محمد شاہ ! آفتابِ نوراور حسین وجمیل ماہتاب (باطنی ہدایت کے تحت) تیرے فرمان بردار ہیں (جس کے باعث وہ اور دیگر انجم ظاہری دنیا میں بھی اور مقامِ ازل پر بھی اپنے طلوع وغروب کے ذریعے کاملین اور عارفین کے لیے اسرارِ غیب منکشف کرتے ہیں، اسی طرح) ظاہری اور باطنی آسمان بھی دونوں مقامات پر تیرے اطاعت گزار ہیں۔

ڈوِنسکُم (ċóniskum) [بُر] دیکھیے ڈوِنسکیِ (ċóniski)۔

ڈوِنسکیِ (ċóniski) [بُر۔متعلق فعل] غلام کی طرح، غلام کی مانند۔

ڈوِنسکیِ دُروٗ نےِ تَھمِسکیِ سِیِ (ċóniski duró ne thámiski ṣi) [بُر۔کہاوت] غلام کی طرح کام کرو اور بادشاہ کی طرح کھاؤ۔

ڈونوٗ کوٗ (ċonóṅo) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈوٗن (ċón) جس کی یہ جمع ہے۔

ڈوٗنیِی (ċonéy) [بُر۔اسم] غلامی۔

ڈوٗنیِی ایٹَس (ċonéy étas) [بُر۔محاورہ] غلامی کرنا۔

ڈُ۔وٗ cuú

ڈُوپ ڈآپ (ċuúp ċaáp) [بُر۔صف] سست رو (۲) آہستہ آہستہ کام کرنے والا (۳) کم دیکھنے والا۔

ڈُوٗر (ċuúr) [بُر] دیکھیے ڈآر (ċaár) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈُوٗر ایٹَس (ċuúr étas) [بُر] دیکھیے ڈآر ایٹَس (ċaár étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈُوٗر مَناس (ċuúr manáas) [بُر] دیکھیے ڈآر مَناس (ċaár manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈُوٗرپُوٗر (ċuúr puúr) [بُر] دیکھیے ڈآر پآر (ċaár paár) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈُوٗرپُوٗر ایٹَس (ċuúr puúr étas) [بُر] دیکھیے ڈآر پآر ایٹَس (ċaár paár étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈُوک ڈآک (ċuúṅ ċaáṅ) [بُر۔صف] سُست، کاہل۔

ڈ۔ی ċay, ċiy, ċuy

- ڈیَٹُم (-ċíyaṭum) [بُر۔اسم] موت کے بعد ادا کرنے

والی رسومات۔

- ڈِیَٹُم ایِتَس (-ćíyaṭum étas) [بُر۔محاورہ] موت کے بعد کی رسومات ادا کرنا۔

- ڈِیَٹے (-ćíyaṭe) [بُر۔متعلقِ فعل] پیچھے (۲) بعد میں۔

- ڈِیَس (-ćíyas) [بُر۔مص] دبانا (۲) کسی کے ساتھ ناانصافی کرنا۔

ڈ۔یَ ći

- ڈیَ (-ći) [بُر۔متعلقِ فعل] ساتھ، کے ساتھ (۲) سے (۳) کو (۴) کے پیچھے۔

- ڈیَ ایِتَس (-ći étas) [بُر۔محاورہ] ساتھ ملانا، اپنا حامی بنانا (۲) سمیٹنا، سب کچھ لینا۔

- ڈیَ تیَس (-ći táyas) [بُر۔محاورہ] کے پیچھے پیچھے چلنا، تعاقب کرنا، پیروی کرنا، نقش قدم پر چلنا۔

- ڈیَ جرے ایِتَس (-ći jaré étas) [بُر۔محاورہ] سب کچھ ہضم کرنا، برداشت کرنا، تحمل کرنا۔

- ڈیَ خرَٹَس (-ći qharáṭas) [بُر۔محاورہ] ہم خیال ہونا (۲) ملا ہوا ہونا (۳) چپکنا۔

ڈیَ ڈَک (ćićák) [بُر] دیکھیے ڈِک ڈَک (ćikćák) جس کا یہ مخفف ہے۔

- ڈیَ غُریَس (-ći guráyas) [بُر۔محاورہ] کسی بچے کا پاخانہ چھوٹ جانا (۲) شلوار ہی میں پاخانہ چھوڑ دینا (۳) فضول اور بے تکی باتیں کرنا۔

- ڈیَ غساس (-ći gasáas) [بُر۔محاورہ] کسی کا مذاق اڑانا، تمسخر کرنا (۲) عزت لوٹنا، زنا کرنا۔

- ڈیَ یَنَس (-ći yánas) [بُر۔محاورہ] ساتھ لینا (۲) چرواہا یا سفر کے دوران ساتھ لینے والی روٹی۔

ڈ۔ی ćii

ڈِی (ćii) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈِیں (ćiiṇ)۔

ڈِی ڈآپ (ćii ćaáp) [بُر] دیکھیے ڈِیپ ڈآپ (ćiip ćaáp) جس کا یہ مخفف ہے۔

ڈِی ڈآٹ (ćii ćaáṭ) [بُر] دیکھیے ڈِیٹ ڈآٹ (ćiiṭ ćaáṭ) جس کا یہ مخفف ہے۔

ڈِی ڈآر (ćii ćaár) [بُر] دیکھیے ڈِیر ڈآر (ćiir ćaár) جس کا یہ مخفف ہے۔

ڈِی ڈآک (ćii ćaák) [بُر] دیکھیے ڈِی ڈآٹ (ćii ćaáṭ)۔

ڈِی ڈوٗر (ćii ćuúr) [بُر] دیکھیے ڈِیر ڈوٗر

-(ċiír ċuúr)

ڈِیں (ċiíṇ) [بُر۔محاورہ] پانی وغیرہ کا زور و شور سے اچھلنا یا ابلنا یا بہنا، پانی وغیرہ کا زبردست ریلا نکلنا (۲) جھنجھلانا، غصہ ہوجانا، ناراض ہونا، جوش میں آنا۔

ڈِیں ایتَس (ċiíṇ étas) [بُر] دیکھیے ڈِیں (ċiíṇ) معنی نمبر۲۔

ڈِیں غُوں ایتَس (ċiíṇ ġúuṇ étas) [بُر۔محاورہ] غصہ کرنا، جھنجھلانا، غضبناک ہونا، غرّانا۔

ڈِیں مَناس (ċiíṇ manáas) [بُر] دیکھیے ڈِیں (ċiíṇ) معنی نمبر۱ جس کا یہ لازم ہے۔

ڈ۔ی ċii

ڈِیپ (ċiíp) [بُر] نچوڑنا (۲) ڈآپ (ċaáp) کی تصغیر۔

ڈِیپ ایتَس (ċiíp étas) [بُر۔محاورہ] نچوڑ کر نکالنا (۲) نچوڑ کر پی لینا۔

ڈِیپ ڈآپ (ċiíp ċaáp) [بُر] ادھر ادھر چھونا (۲) سستی کا مظاہرہ کرنا (۳) فضول وقت ضائع کرنا۔

ڈِیپ ڈآپ ایتَس (ċiíp ċaáp étas) [بُر۔محاورہ] ٹٹولنا، ادھر ادھر چھو کر جائزہ لینا۔

ڈِیپ ڈآپ مَناس (ċiíp ċaáp manáas) [بُر۔محاورہ] سست روی اختیار کرنا، نہایت آہستہ کام کرنا یا چلنا۔

ڈِیپ مَناس (ċiíp manáas) [بُر۔محاورہ] نہایت آہستہ چلنا، نہایت آہستہ کام کرنا (۲) ناز دکھانا، نیز دیکھیے ڈآپ مَناس (ċaáp manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈِیٹ ڈآٹ (ċiíṭ ċaáṭ) [بُر۔اسم] رُک رُک کر قدم اٹھانا، ٹھہر ٹھہر کر چلنا یا کام کرنا۔

ڈِیر (ċiír) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈآر (ċaár) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈِیر ڈآر (ċiír ċaár) [بُر۔اسم] ادھر ادھر سے کھولنا، جگہ جگہ سے شگاف پڑنا، جگہ جگہ درز پڑنا (۲) جگہ جگہ سے نوچنا۔

ڈِیر ڈُوْر (ċiír ċuúr) [بُر۔اسم] دیکھیے ڈِیر ڈآر (ċiír ċaár) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈِیر ڈِیر (ċiír ċiír) [بُر] دیکھیے ڈآر ڈآر (ċaár ċaár) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ڈِیک ڈآک (ċiík ċaák) [بُر۔محاورہ] ٹہلنا، رک رک کر قدم اٹھانا، ٹھہر ٹھہر کر چلنا (۲) وقت گزارنا۔

ڈِیک ڈآک مَناس

(ciík caák manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ڈِیک ڈآک (ciík caák)۔

ڈے ce

ڈے (ce) [بُر۔حرفِ ربط] سے (۲) [متعلق فعل] میں (۳) کےساتھ (۴) کی بدولت (۵) کے پیچھے۔

ڈین (cen) [بُر۔اسم] پٹائی، مار، ضرب۔

ڈین اِمَنَس (cen imánas) [بُر۔محاورہ] پٹائی ہونا۔

ڈین ایتَس (cen étas) [بُر۔محاورہ] پیٹنا، مارنا، ضرب لگانا۔

ر

ر۔اَ

راَی (ray) [بُر۔اسم] مرضی، خواہش، آرزو، تمنا، نیز دیکھیے رَی (ray)، جو اس کے اِملا کی ایک اور صورت ہے۔

ر۔ا

رابَٹ (raabát) [انگ۔اسم] ربڑ، انگریزی لفظ Rubber کا بگاڑ۔

راتیِ (ráati) [بُر۔متعلق فعل] طور، بطور (۲) طرز، ڈھنگ، طرح، طریقہ۔

راجہ/راجاَ (raajá) [ہ۔اسم] راجا، بادشاہ، سلطان۔

راحت (raahát) [ع] آرام، خوش، آسائش، سکھ، خوشحال۔

راحَت مَناس (raahát manáas) [ع+بُر۔محاورہ] آرام پانا، آسائش ہونا، سکھ پانا (۲) دولت کی فراوانی ہونا، خوشحال ہونا۔

راحتِںک (raahátiṅ) [ع+بُر] دیکھیے راحت (raahát) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

راخیِ (ráaçi) [بُر۔اسم] موکّل، محافظ (۲) وہ فرشتہ جو کسی کام پر مقرر ہو، یہ لفظ دراصل راخوَ (ráaço) کی تانیث ہے مگر راخوَ (ráaço) بروشسکی میں مستعمل نہیں، ”راخیِ (ráaçi)“ ہی مستعمل ہے، راخوَ (ráaço) صرف ”بَغَر راخوَ (bağár ráaço)“ میں استعمال ہوتا ہے جو ”بَغَرک راخوَ (bağárk ráaço)“ کا مخفف ہے جس کے معنی وہ شخص جس کا موکّل شریر یا برا ہو۔

راخیِ بَساس (ráaçi basáas) [بُر۔محاورہ] فرشتگانہ صفات کا حامل ہونا، کسی کے لیے موکّل فرشتے کا مقرر ہونا۔

راخیِ پَیالیِ (ráaçi payáali) [بُر۔اسم] موکّل، محافظ، نگہبان۔

راخیِ دال مَناس (ráaçi dáal manáas)

[بُر۔محاورہ] دیکھیے راشیؤ نِیَس (ráaçi níyas)۔

راشیؤ کُیوٗ (ráaçikuyo) [بُر۔اسم] دیکھیے راشیؤ (ráaçi) جس کی یہ جمع ہے۔

راشیؤ کُیوے ہَنِک (ráaçikuyowe hánik) [بُر۔اسم] وہ طبق یا نیاز جو مؤکل یا فرشتے یعنی راشیؤ (ráaçi) کو راضی یا خوش کرنے کے لیے تیار کیا جاتا تھا۔

راشیؤ مُڈ (ráaçimuc) [بُر۔اسم] دیکھیے راشیؤ (ráaçi) جس کی یہ جمع ہے۔

راشیؤ نِیَس (ráaçi níyas) [بُر۔اسم] برکت اُٹھ جانا (۲) وقار ختم ہونا۔

راشیؤ ہُرُٹَس (ráaçi hurúṭas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے راشیؤ بَساس (ráaçi basáas)۔

راز (ráaz) [ف۔اسم] بھید، مخفی بات، بھید۔

رازدار (ráaz dáar) [ف۔صف] راز رکھنے والا، بھید چھپانے والا۔

رازدان (ráaz dáan) [ف۔صف] بھید سے واقف، محرم راز۔

رازق (raazíq) [ع۔صف] رزق دینے والا، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

راشَن (raaśán) [انگ۔اسم] مقررہ خوراک، رسد، راتب، فوجی کھانا۔

راضی/راضیؤ (raazí) [ع۔صف] شاد، خوش، رضامند (۲) صابر (۳) شاکر۔

راضی اِمَنَس (raazí imánas) [ع+بُر۔محاورہ] دیکھیے راضی ایتَس (raazí étas) جس کا یہ لازم ہے۔

راضی ایتَس (raazí étas) [ع+بُر۔محاورہ] خوش کرنا، رضامند کرنا۔

راضی بازی مَناس (raazí baazí manáas) [بُر۔محاورہ] مصالحت ہونا، اختلاف رفع دفع ہونا۔

راضی مَناس (raazí manáas) [ع+بُر۔محاورہ] دیکھیے راضی ایتس (raazí étas) جس کا یہ لازم ہے۔

راضی نامہ/راضیؤ ناماً (raazí naamá) [عف۔اسم] فریقین کے آپس میں رضامند ہونے کی تحریر، صلح نامہ۔

راضی نامہ ایتَس (raazí naamá étas) [بُر۔محاورہ] راضی نامہ تحریر کرنا (۲) صلح نامہ پر عمل کرنا۔

راکیٹ (raakét) [انگ۔اسم] ایک استوانی ساخت کا بارودی میزائل جو بڑی اونچائی تک داغا جا سکتا ہے، عموماً آتش بازی یا دور کے اشارات کے لیے مستعمل

ہے (۲) اسی طرح کا انجن جو اسی اصول پر چلتا ہے لیکن احتراق کے لیے ہوا اندر لینے کا محتاج نہیں ہوتا۔ rocket

رام (ráam) [ع،بُر] دیکھیے رَحم (rahm) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

رام ایِتَس (ráam étas) [ع+بُر۔محاورہ] ترس آنا، ہمدردی ہونا۔

رام دِل (ráamdíl) [عف،بُر۔صف] مہربان، ہمدرد، نرم دل۔

رام ژُوَس (ráam żúwas) [ع،بُر۔محاورہ] ترس کھانا، خوفِ خدا کرنا۔

رام سُوَس (ráam súwas) [ع،بُر] دیکھیے رام ایِتَس (ráam étas)۔

رام کِشْ (ráamkiṣ) [ع،بُر] دیکھیے رام دِل (ráamdíl)۔

رام کُشْ (ráamkuṣ) [ع،بُر] دیکھیے رام کِشْ (ráamkiṣ) جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔

ر۔ب

رَب (rab) [ع۔صف] پالنے والا، پروردگار، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

رُباب (rubáab) [ع۔اسم] ایک قسم کی سارنگی، موسیقی کا ایک آلہ۔

رُباب چی/رُباب چی (rubaabčí) [عف۔صف] ربابی، رباب بجانے والا۔

رُبابِچِک (rubáabičiṅ) [ع+بُر۔اسم] دیکھیے رُبابِک (rubáabiṅ)۔

رُبابِک (rubáabiṅ) [ع+بُر۔اسم] دیکھیے رُباب (rubáab) جس کی یہ جمع ہے۔

رَبِبَک (rabíbaṅ) [بُر۔اسم] ایک مخصوص چال کے ساتھ ادھر ادھر دوڑنا۔

رَبِبَک ایِتَس (rabíbaṅ étas) [بُر۔محاورہ] دوڑنا، بھاگنا (۲) سرگردان ہونا، چھان مارنا۔

رَبَٹ (rábaṭ) [بُر۔اسم] انکار، تکرار (۲) احتجاج (۳) ضد۔

رَبَٹ ایِتَس (rábaṭ étas) [بُر۔محاورہ] انکار کرنا، تکرار کرنا، جرح کرنا، ضد کرنا (۲) بات کو غیر ضروری طور پر طول دینا۔

رَبَل (rabál) [انگ۔اسم] اینٹ، پتھر کے ٹکڑے، روڑی، کنکر (۲) وہ دیوار جو ناتراشیدہ پتھروں سے بنائی گئی ہو جس میں گارا استعمال نہ ہوا ہو۔ rubble

رَبَل بَل (rabál bal) [بُر۔اسم] دیکھیے رَبَل (rabál) معنی نمبر۲۔

رَبوٗک (rabóṅ) [بُر۔اسم] لوبیا۔

رُبوٹ (rubóoṭ) [انگ۔اسم] مشینی آدمی، انسان نمایا انسانوں کے سے کام انجام دینے والی کل۔ robot

رِبیٖل (ribél) [انگ،بُر۔اسم] انگریزی لفظ Level کا بگاڑ، بمعنی افقی خط یا سطح (۲) آلۂ افق پیما۔

رِبیٖن (ribén) [انگ،بُر۔اسم] فیتہ، کپڑے کی پتلی پٹی خصوصاً لباس یا آرائش میں کام آنے والی۔ ribbon

ر۔پ

رَپ (rap) [بُر۔صوت] پُھر، پرندوں کے پر مارنے کی آواز (۲) پر کی مانند کسی باریک چیز کے جلدی سے ہلنے کی آواز۔

رَپ رَپ (rap rap) [بُر] دیکھیے رَپ (rap) جس کی یہ تکرار ہے۔

رِپ (rip) [بُر] دیکھیے رَپ (rap) جس کی یہ تصغیر ہے۔

رَپوٹ (rapóoṭ) [انگ،بر۔اسم] روئداد بیان کرنا (۲) کسی امر کی بابت سرکاری بیان جاری کرنا (۳) شکایت کرنا (۴) الزام عائد کرنا (۴) اطلاع دینا۔ report

رَپوٹ ایٹَس (rapóoṭ étas) [بُر] دیکھیے رَپوٹ (rapóoṭ)۔

رَپوٹ کاڈ (rapóoṭ káaḍ) [انگ۔اسم] وہ کارڈ جس پر طالب علموں کے امتحان کے نتیجے کی تفصیل درج ہوتی ہے۔ report card

رَپوٹَر (rapooṭár) [انگ۔اسم] وقائع نگار، نامہ نگار (۲) خبر یا اطلاع دینے والا۔ reporter

رُپیہ/رُپیاؔ (rupiyá) [انگ۔اسم] روپیہ، پاکستان اور ہندوستان کا سکہ۔ rupee

ر۔ت

رَت (rat) [بر۔صف] ہموار، سطح کی برابری۔

رَت ایٹَس (rat étas) [بُر۔محاورہ] ہموار کرنا (۲) بری طرح مارنا۔

رَت مَناس (rat manáas) [بُر۔محاورہ] ہموار ہونا، سطح برابر ہونا۔

رَتی/رَتیٔ (ratí) [ہ] آٹھ چاول کے دانے کے برابر کا وزن۔

ر۔ٹ

رَٹ (raṭ) [ہ۔اسم] کسی بات کا بار بار کہنا، تکرار، دہرانا۔

رَٹ ایتس (*raṭ étas*) [ہ+بُر۔محاورہ] رٹائی کرنا (حفظ کرنے کے لیے) رٹ کرنا، دہرانا، تکرار کرنا۔

رَٹ مَناس (*raṭ manáas*) [ہ+بُر] حفظ ہونا، زبانی یاد ہونا۔

رَٹاَ (*raṭá*) [بُر۔اسم] رٹا، رٹائی۔

رَٹاَ ایتَس (*raṭá étas*) [بُر] دیکھیے رَٹ ایتَس (*raṭ étas*)۔

رَٹاَ دیلَس (*raṭá délas*) [بُر] دیکھیے رَٹاَ ایتَس (*raṭá étas*)۔

رِٹائر (*riṭáyr*) [انگ۔فعل] ترکِ ملازمت یا ترکِ عہدہ، خصوصاً عمر کی بنا پر ملازمت سے سبکدوش ہونا، پنشن پانا۔ retire

ر ـ ج

رَجاَ کیِ (*rajaáki*) [بُر۔اسم] بغیر اجرت کے زبردستی لیا جانے والا کام، اگر یہ کام میر یا راجا کے لیے ہو تو اسے تھموٗ رجاَ کیِ (*thámo rajaáki*) کہتے ہیں (۲) علاقائی و قومی ترقیاتی کاموں کے لیے رضا کارانہ طور پر کیا جانے والا کام (رَجاَ کیِ کے لیے ہر گھر سے ایک مرد کی شرکت ضروری ہے ورنہ جرمانہ عائد کیا جاتا ہے تاہم مخصوص گھرانوں کے لیے یہ معاف بھی ہو سکتا ہے)۔

رَجاَ کیِ ایتَس (*rajaáki étas*) [بُر۔محاورہ] بغیر اجرت کے میر/راجا کا کام کرنا (۲) قومی ترقی کے لیے کام کرنا (۳) کسی کام کو بغیر دلچسپی کے کرنا، سر سے ہٹانا۔

رَجاَ کیِ دُواَ کیِ (*rajaáki duwaáki*) [بُر۔اسم] دُواَ کیِ (*duwaáki*) تابع مہمل ہے، کار بیگار، بغیر اجرت کے زبردستی لیا جانے والا کام۔

رَجسٹرار (*rajisṭráar*) [انگ۔اسم] سرکاری یادداشتوں اور دستاویزات کا محافظ آفیسر (۲) یونیورسٹی کا اعلیٰ انتظامی آفیسر۔ registrar

رَجِسٹری (*rajisṭrí*) [انگ،بُر۔اسم] دستاویزات کا محافظ خانہ (۲) رجسڑی، رجسٹر پر چڑھانے کا عمل۔ registry

رَجِسٹیر (*rajisṭér*) [انگ،بُر۔اسم] فہرست، دفتر، اندراجات کی کتاب۔ register

رَجمینٹ (*rajménṭ*) [انگ،بُر۔اسم] فوجیوں کی ایک بڑی تعداد جو کسی کرنل کے تحت ہوتی ہے۔ regiment

رُجُوع (*rujúu*) [ع۔اسم] واپسی، مڑنا، لوٹنا، توجہ۔

رُجُوع ایتَس (*rujúu étas*) [ع+بُر] واپس

ہونا (۲) متوجہ ہونا، راغب ہونا۔

رُجُوع مَناس (rujúu manás) [ع+بُر] دیکھیے رُجُوع ایتَس (rujúu étas) جس کا یہ لازم ہے۔

رِجیکٹ (rijékt) [انگ، بُر۔فعل واسم] رد کرنا، ترک کرنا، استعمال سے خارج کرنا، واپس کرنا، انکار کرنا۔ reject

رَجیم (rajíim) [ع۔صف] مردود، ہنکایا ہوا، پتھر مارا ہوا۔

ر۔چ

رَچھیَس (raćheeṣ) [بُر۔اسم] محافظت، نگہبانی، رکھوالی، نیز دیکھیے رَضیَس (raçheeṣ)۔

جا اَسرِ دوست کرے جِتییے یارعَقلِکرے باغِے نوبَہار
جِتییے رَچھیَسرِ ذُوالفِقَار مینن بای جا اِمام جُوَن

دیوانِ نصیری (بُروشسکی)، ص ۱۹۳۔

ترجمہ: وہ دونوں جہانوں میں میرے دل اور جان کا وفادار اور مددگار دوست ہے۔ وہ باغِ عقل و دانش کی بہارِ نو ہے۔ جانوں کی حفاظت و سلامتی کے لیے ذوالفقار ہے، میرے امامِ عالی مقام کا کوئی ثانی نہیں ہے۔

رَچھیَس اِمَنَس (raćheeṣ imánas) [بُر۔محاورہ] محفوظ ہونا، حفاظت میں رہنا۔

رَچھیَس ایتَس (raćheeṣ étas) [بُر۔محاورہ] محافظت کرنا، نگہداری کرنا (۲) سنبھالنا۔

رَچھیَس کُس (raćheeṣ kuṣ) [بُر] نگہبانی، محافظت۔

ر۔ح

رَحَت (rahát) [ع، بُر] دیکھیے راحَت (raahát) جس کا یہ بطرزِ بروشسکی مخفف ہے۔

رَحَت مَناس (rahát manáas) [ع، بُر] دیکھیے راحَت مَناس (raahát manáas)۔

رَحَتیِ (rahatí) [بُر۔اسم] آرام، آسائش (۲) خوشحالی، فارغ البالی۔

رَحل (rahíl) [ع۔اسم] لکڑی کی دو تختیوں سے بنی ہوئی قینچی نما چیز جس پر قرآنِ مجید رکھ کر پڑھتے ہیں۔

رِحلَت (rehlát) [ع۔اسم] انتقال، وفات۔

رِحلَت ایتَس (rehlát étas) [ع+بُر۔محاورہ] وفات پانا، انتقال کرنا۔

رَحِلِک (rahílin) [ع، بُر۔اسم] دیکھیے رَحِل (rahíl) جس کی یہ بطرزِ بروشسکی جمع ہے۔

رَحم (rahm) [ع۔اسم] مہربانی (۲) عفو (۳) بخشش

(۴) ترس، ہمدردی۔

رَحمان (*rahmáan*) [ع۔صف] مہربانی کرنے والا، رحیم، خداتعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

رَحمیت (*rahmét*) [ع،بُر۔اسم] کرم، مہربانی، کلمۂ تحسین، رحمت کا بگاڑ۔

رحمیت گور (*rahmét góor*) [ع،بُر۔دعا] تجھے رحمت ہو۔

رَحمیتیِ (*rahmetí*) [بُر۔صف] مرحوم، رحمت کیا گیا، بخشا گیا، مغفور، جنتی، متوفی۔

رَحِیم (*rahíim*) [ع۔اسم] رحم کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

[ع+بُر۔مص] وداع کرنا۔

رُخصَت گنَس (*ruqhsát gánas*) [ع+بُر۔مص] رخصت لینا، اجازت لینا، منظوری لینا۔

رُخصَت مَناس (*ruqhsát manáas*) [ع+بر] دیکھیے رُخصَت ایِتَس (*ruqhsát étas*) جس کا یہ لازم ہے۔

رُخصَتی/ رُخصَتیِ (*ruqhsatí*) [عف۔اسم] روانگی، وداع، دلہن کی روانگی (۲) وہ رقم جو دلہن کو وداع کرتے وقت دی جاتی ہے (۳) سلامی (۴) [صف] چھٹی پر۔

ر۔خ

رَخشیِ (*raqhší*) [بُر۔صف] آوارہ، من مانی۔

رَخشیِ ایِتَس (*raqhší étas*) [بُر۔محاورہ] آوارہ ہونا، من مانی کرنا۔

رَخشیِ مَناس (*raqhší manáas*) [بُر۔محاورہ] آوارہ ہونا، من مانی کرنا۔

رُخصَت (*ruqhsát*) [ع۔اسم] اجازت، منظوری، رضا (۲) [اُر] روانگی، کوچ (۳) وداع۔

رُخصَت ایِتَس (*ruqhsát étas*)

ر۔څ

رَڅ (*raç*) [بُر۔اسم] رکھوالی، حفاظت (۲) انتظار۔

رَڅ ایِتَس (*raç étas*) [بُر۔محاورہ] حفاظت کرنا، رکھوالی کرنا (۲) انتظار کرنا۔

رَڅ کوِئن (*ráçkuyn*) [بُر۔اسم] حفاظت کرنے والا، محافظ۔

رَڅ کُیوٗ (*ráçkuyo*) [بُر۔اسم] دیکھیے رَڅ کوِئن (*ráçkuyn*) جس کی یہ جمع ہے۔

رُڅ (*ruç*) [بُر۔اسم] فرمانبرداری (۲) ہشیاری۔

رُڅوٚ (rúço) [بُر۔اسم] فرمانبردار (۲) ہشیار۔

رُڅوے یُوّل غَقُوٚ/غُقُوٚ بَٹا یَٹِس غَقُوٚ

rúçuwe yuúl ġaqú/ġuqú, baṭáa yáṭis ġaqú) [بُر۔کہاوت] فرمانبردار،نفع پائے گا،نافرمان کوسزا ملے گی۔

رڅوٚنوٚ (raçoóno) [بُر۔اسم] محافظ،رکھوالا،اسے رڞوٚنوٚ (raçhoóno) بھی کہتے ہیں۔

رَڅوٚنوٚمُڅ (raçoónomuç) [بُر۔اسم] دیکھیے رَڅوٚنوٚ (raçoóno) جس کی یہ جمع ہے۔

رُڅیٚ (rúçi) [بُر] دیکھیے رُڅوٚ (rúço) جس کی یہ تانیث ہے۔

رڅییٚس (raçeéṣ) [اسم] محافظت،نگہبانی،رکھوالی،نیز دیکھیے رچھییٚس (racheeṣ) جوزیادہ مستعمل ہے۔

ر۔د

رَد (rad) [ع۔اسم] واپس کرنا،موڑنا (۲) دلیل توڑنا۔

رَد ایَتس (rad étas) [ع+بر۔محاورہ] رد کرنا، واپس کرنا،موڑنا (۲) دلیل توڑنا۔

رَدعَمَل (ráde amál) [عف،بر] ردِّعمل کا محرف،جوابی عمل۔

رَد مَناس (rad manáas) [ع،بر] دیکھیے رَد ایَتس (rad étas) جس کا یہ لازم ہے۔

رَداٚ/رَدا (radá) [ف۔اسم] دیوار کی اینٹوں کی ایک قطار (۲) اینٹ پر اینٹ یا مٹی کی تہہ پر تہہ رکھنا۔

رَداٚ اوسَس (radá óosas) [ف+بُر۔مص] دیکھیے رَداٚ (radá) معنی نمبر۲۔

رَداٚ دیَلس (radá délas) [ف+بُر۔مص] دیکھیے رَداٚ (radá) معنی نمبر۲۔

رَداٚمِںٛ (radámiṅ) [ف+بر۔اسم] دیکھیے رَداٚ (radá) جس کی یہ جمع ہے۔

رَدان (radáan) [بر] دیکھیے رَداٚ (radá) یہاں 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

رَدی/رَدیٚ (radí) [ع۔اسم] ناقص،خراب،نکما، بگڑا ہوا۔

رَدیف (radíif) [ع۔اسم] اصطلاحِ شعر میں وہ لفظ یا الفاظ کا مجموعہ جو کسی غزل،قصیدہ یا ابیات کے آخر میں قافیے کے پیچھے بار بار آئے۔

ر۔ڈ

رَڈیٚ (raḍí) [بُر۔اسم] بےکار،خراب،ناکارہ،نیز دیکھیے رَدی (radí) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

رَڈیٔ مَناس (raḍí manáas) [بُر۔محاورہ] بے کارہونا،خراب ہونا،ناکارہ ہونا۔

رَڈیٔ (ráḍi) [انگ،بُر۔اسم] تیار۔ ready

رَڈیٔ ایٔتَس (ráḍi étas) [انگ،بُر۔محاورہ] تیار کرنا۔

رَڈیٔ مَناس (ráḍi manáas) [انگ،بُر۔اسم] دیکھیے رَڈیٔ ایٔتَس (ráḍi étas) جس کا یہ لازم ہے۔

رَڈیٔ میڈ (ráḍi méeḍ) [انگ۔اسم] تیارشدہ۔ ready made

ر-ر

- رَر (-rar) [بُر۔اسم] داماد،دلہا۔

رَرَپ (rárap) [بُر۔صوت] رَپ رَپ (rap rap) کا مخفف، پھڑ پھڑانا،پھڑپھڑانے کی آواز۔

رَرَپ مَناس (rárap manáas) [بُر۔محاورہ] پرندوں کے پر مارنے کی آواز آنا (۲) کسی باریک چیز مثلاً کاغذ وغیرہ کے تیزی سے ہلنے کی آواز آنا۔

رِرِک (rírik) [بُر] دیکھیے رِک رِک (rik rik) جس کا یہ مخفف ہے۔

رِرِک مَناس (rírik manáas) [بُر۔محاورہ] بالکل آمادہ ہونا،بالکل تیار ہونا۔

رَرَم (ráram) [بُر۔اسم] دیوار وغیرہ کے گرنے کی آواز، کسی چیز کے ساتھ ہوا لگنے سے نکلنے والی آواز،کپڑے وغیرہ جھاڑنے سے آواز نکلنا (یہ رَم رَم (ram ram) کا مخفف ہے)۔

رَرَم مَناس (ráram manáas) [بُر۔محاورہ] دیوار وغیرہ گر کر آواز نکلنا،کسی چیز کے ساتھ ہوا لگنے کی وجہ سے آواز نکلنا،کپڑے وغیرہ جھاڑنے سے آواز نکلنا (۲) جمِ غفیر کے بھاگنے کی آواز آنا۔

رَرَم (rarám) [بُر۔اسم] جھاڑنا،دیوار گرانا۔

رَرَم ایٔتَس (rarám étas) [بُر۔مص] کپڑا وغیرہ جھاڑنا (۲) دیوار وغیرہ گرانا۔

رِرِم (ririm) [بُر] دیکھیے رَرَم (ráram) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ر-ز

رُزاؔ (ruzá) [ف،بُر۔اسم] فارسی لفظ روزہ کا بگاڑ،صوم۔

رُزاؔ اوسَس (ruzá óosas) [ف،بُر۔محاورہ] روزہ رکھنا۔

رُزاؔ اوینَس (ruzá óoyanas) [ف،بُر۔محاورہ] کھانا بروقت نہ دینا (۲) روزہ رکھنے کی ترغیب دلانا۔

رُزاَ پَھت ایَتَس (*ruzá phat étas*) [بُر۔محاورہ] افطار کرنا، روزہ کھولنا۔

رُزاَ تَق ایَتَس (*ruzá taq étas*) [بُر۔محاورہ] روزہ توڑنا۔

رُزاَ کُوَئن (*ruzá kuyn*) [ف، بُر۔صف] روزہ دار۔

رُزاَ گَنَس (*ruzá gánas*) [ف، بُر] دیکھیے رُزاَ اوسَس (*ruzá óosas*)۔

رِزائن (*rizáyn*) [انگ۔فعل] استعفیٰ دینا۔ resign

رِزِق (*ríziq*) [ع۔اسم] خوراک، اناج، روٹی، وظیفہ، روزی۔

رِزق ٹَھکٹ ایَتَس (*ríziq ṭhaṅ étas*) [بُر۔محاورہ] روزی بیزار، لگے روزگار/نوکری کو چھوڑنے والا، ناشکرا۔

رِزق دَپِسکیِ دیَلَس (*ríziq dápiski délas*) [بُر۔قول] روزی ٹھکرانا، نیز دیکھیے رِزق ٹَھکٹ ایَتَس (*ríziq ṭhaṅ étas*)۔

رِزق دیشُلَس (*ríziq déešulas*) [بُر۔محاورہ] رزق حاصل کرنا، روزی پیدا کرنا۔

رِزق دیغُر کَس (*ríziq déeġurkas*) [بُر۔محاورہ] روزی ملنا، کھانا ملنا۔

رِزقُ لوَ ضُر مَناس (*ríziqulo çhur manáas*) [بُر۔محاورہ] رزق کاٹنا، کسی کے نقصان کا باعث بننا۔

رِزق یَیَس (*ríziq yáyas*) [بُر] دیکھیے رِزق دیغُر کَس (*ríziq déeġurkas*)۔

رِزقَر یاَ سیَنَس (*ríziqar ya sénas*) [بُر] دیکھیے رِزق ٹَھکٹ ایَتَس (*ríziq ṭhaṅ étas*)۔

رِزِقےِ دَمَن خُدا باَی (*ríziqe damán khudáa bay*) [بُر۔قول] رزق کا مالک خدا ہے۔

رِزِقےِ ہُر مَناس (*ríziqe hur manáas*) [بُر۔محاورہ] بڑی مقدار میں مال و دولت آنا، پیسہ آنا، رزق کی فراوانی۔

رِزِقےِ ہُر وَلَس (*ríziqe hur wálas*) [بُر۔محاورہ] دیکھیے رِزِقےِ ہُر مَناس (*ríziqe hur manáas*)۔

رِزِقےِ یَرَس (*ríziqe yáras*) [بُر۔محاورہ] مال و دولت کی فراوانی ہونا، کسی خوش قسمت کو ہمیشہ رزق و روزی میسّر آتے رہنا۔

رِزلٹ (*rizált*) [انگ۔اسم] نتیجہ، انجام، حاصل۔ result

رُزیٔ (ruzí) [ف۔اسم] رزق،خوراک (۲) قسمت، مقدر،روزی کا بگاڑ۔

رُزیٔ کُڈے تُسپوٗر (ruzíkuċe tuspór) [بُر۔کہاوت] رُزیٔ کُڈ (ruzíkuċ) ایک خاندان کا نام ہے، کہتے ہیں کہ ان کے گھر میں لکڑی کا ایک ظرف تھا جس کے بیرونی سطح پر ہمیشہ چکناہٹ لگا کر رکھتے تھے تاکہ لوگوں کو یہ تاثر ملے کہ ان کے گھر میں گھی، گوشت وغیرہ کی فراوانی ہے۔

رُزیٔ کُڈے تُسپوٗرہوٗلِتَلیٔ ہَلیَل ایَتُم جُوَن (ruzíkuċe tuspór hólitali halél étum juwán) [بُر] دیکھیے رُزیٔ کُڈے تُسپوٗر (ruzíkuċe tuspór)۔

رُزیٔ بای (ruzíbaay) [ف،بُر] خوش نصیب خاتون۔

رُزیٔ کِش (ruzíkiṣ) [ف،بُر۔صف] روزی والا، ایسا شخص جو ہمیشہ فائدے میں رہے۔

رُزیٔ مَن (ruzíman) [بُر۔صف] روزی والا، نصیب والا۔

رَزیل (razíil) [ع۔صف] کمینہ، بے شرم، بے حیا، بدمعاش۔

رَزیِلشوٗ (razíilišo) [ع+بُر] دیکھیے رَزیل (razíil) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

ر۔س

رَس (ras) [ہ۔اسم] شیرہ،عرق،دودھ،جوہر۔

رِسالہ/ رِسالاً (risaalá) [ع۔اسم] نامہ،مکتوب (۲) چھوٹی کتاب (۳) آٹھ سو یا ہزار سواروں کا دستہ۔

رُستَم (rustám) [ف۔اسم] ایک ایرانی پہلوان (۲) مجازاً بہادر، دلیر۔

رِسرچ (risárċ) [انگ۔اسم] تحقیق،علمی تحقیق۔ research

رِسک (risk) [انگ۔اسم] خطرہ،نقصان یا برے نتائج کا امکان۔ risk

رَسُم (rásum) [ع،بُر۔اسم] نشان (۲) تحریر (۳) مذہبی شعار (۴) دستور،رواج (۵) طور طریقہ۔

رَسُم رواج (rásum riwáaj) [عف،بُر۔اسم] دیکھیے رَسُم (rásum) معنی نمبر ۴،۵۔

رَسُم مَناس (rásum manáas) [ع،بُر۔محاورہ] دستور ہونا،رواج پانا۔

رَسُمِک (rásumiṅ) [ع،بُر۔اسم] دیکھیے رَسُم (rásum) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

رَسمی/ رَسمیٔ (rasmí) [ع،بُر۔صف] رواجی،معمولی۔

رُسوا (ruswáa) [ف۔صف] ذلیل،خوار،بدنام،بے عزت،روسیاہ۔

رُسوا اِمَنَس (ruswáa imánas) [ف+بُر۔محاورہ] ذلیل ہونا،خوار ہونا،بدنام ہونا۔

رُسوا ایِتَس (ruswáa étas) [ف+بُر] دیکھیے رُسوا اِمَنَس (ruswáa imánas) جس کا یہ متعدی ہے۔

رُسوائی/رُسوائیِ (ruswaayí) [ف،بُر۔اسم] ذلت،خواری،بدنامی۔

رُسُوق (rusúuq) [ع،بُر۔اسم] عربی لفظ رُسُوخ کا بگاڑ،رسائی،پہنچ،ربط ضبط (۲) اعتبار،اعتماد۔

رَسُول (rusúul) [ع۔اسم] وہ پیغمبر جس پر خدا کی طرف سے آسمانی کتاب نازل ہوئی ہو۔

رُسُوم (rusúum) [ع] دیکھیے رَسْم (rásum) جس کی یہ جمع ہے۔

رُسوماتِک (rusuumáatiṅ) [عف+بُر۔اسم] دیکھیے رَسْم (rásum) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

رِسیپشَن (risépśan) [انگ۔اسم] پذیرائی، استقبال۔ reception

رَسِیت (rasíit) [ف،بُر] دیکھیے رَسید (rasíid) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

رَسید (rasíid) [ف۔اسم] تحریر جس میں کسی چیز کی وصولی کا اقرار ہو۔ receipt

رَسید گَنَس (rasíid gánas) [ف+بُر۔محاورہ] رسید حاصل کرنا،کسی چیز کی وصولی کی تحریر حاصل کرنا۔

رَسیدِک (rasíidiṅ) [ف+بُر۔اسم] دیکھیے رَسید (rasíid) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

رِسیس (risés) [انگ۔اسم] مدت کار میں وقفہ،عدالتی کاروائی اور اسکول میں پڑھائی کے دوران تفریحی وقفہ، آدھی چھٹی۔ recess

ر۔ش

رَش (raś) [بُر۔اسم] عکس،روشنی (۲) [انگ۔اسم] لوگوں کا ہجوم۔ rush

رَش بَلاس (raś balaas) [بُر۔محاورہ] عکس پڑنا، روشنی پہنچنا۔

رَش مَناس (raś manáas) [بُر۔محاورہ] روشنی ہونا (۲) ہجوم ہونا۔

رُش (ruś) [بُر۔اسم] پہاڑی بھیڑ/مینڈھا،یہ لفظ نر اور مادہ دونوں کے لیے مستعمل ہے مثلاً رُشِے بیلِس (rúśe bélis) یا رُشِے وَر (rúśe war)۔

رِشته/رِشتا (riśtá) [ف۔اسم] قرابت،تعلق۔

رِشتہ دار (*riśtadáar*) [ف۔اسم] قرابتی، بھائی بند، برادری۔

رِشتہ داری (*riśtadaarí*) [ف۔اسم] دیکھیے رِشتہ دار (*riśtadáar*) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

رُشَنڈ (*ruśánc*) [بُر۔اسم] دیکھیے رُش (*ruś*) جس کی یہ جمع ہے۔

رِشوَت (*riśwát*) [ع۔اسم] ناجائز نذرانہ (۲) کسی کی مجبوری سے فائدہ اٹھا کر مال حرام کھانا۔

رِشوَت اُچھیس (*riśwát ućhíyas*) [ع+بُر۔محاورہ] ناجائز نذرانہ دینا، رشوت دینا۔

-س ڈے پُھو چِیَس (-s ċe phu ċhíyas) [بُر۔محاورہ] غم میں مبتلا ہونا، صدمہ سے دوچار ہونا (۲) تیزابیت کی وجہ سے سینے میں جلن ہونا۔

-س ڈے پُھو لَم مَناس (-s ċe phu lam manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س ڈے پُھو چِیَس (-s ċe phu ċhíyas)۔

-س ڈے خَت دُوَنَس (-s ċe qhat duúnas) [بُر۔محاورہ] غم میں مبتلا ہونا، زیادہ عرصہ تک غم یا بیماری میں مبتلا رہنا۔

-س ڈے خَرَٹَس (-s ċe qharáṭas) [بُر۔محاورہ] سمجھ میں آنا، سیکھنا۔

-س ڈے دُوَنَس (-s ċe duúnas) [بُر۔محاورہ] غم یا رنج میں مبتلا ہونا، صدمہ پہنچنا (۲) حلق میں بلغم ہونے کی وجہ سے سانس لینے میں مشکل پیش آنا۔

-س ڈے زَک دُوَنَس (-s ċe zaṅ duúnas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س ڈے خَت دُوَنَس (-s ċe qhat duúnas)۔

-س ژُوَس / ژُوَیَس (- s żúwas/żúyas)

-س سَکؔ ایَتَس (-s saṅ étas) [بُر۔محاورہ] ہمت کرنا، جرأت کرنا (۲) امید پیدا ہونا۔

-س سَکؔ ایَتَس (-s saṅ étas) [بُر۔محاورہ] بیماری سے افاقہ ہونا (۲) خوش ہونا، راضی ہونا۔

-س سَکؔ ایتَس (-s saṅ éetas) [بُر۔محاورہ] خوش کرنا (۲) لسی یا میوہ وغیرہ کھانے سے دل تروتازہ ہونا۔

-س سَکؔ مَناس (-s saṅ manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س سَکؔ ایَتَس (-s saṅ étas) جس کا یہ لازم ہے۔

-س شوؔقُم ایَتَس (-s śóqum étas) [بُر۔محاورہ] دل کشادہ کرنا (۲) سخاوت کرنا (۳) بلند ہمتی کرنا۔

-س شوؔقُم مَناس (-s śóqum manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س شوؔقُم ایَتَس (-s śóqum étas) جس کا یہ لازم ہے۔

-س ساؔوَمَناس (-s ṣaáw manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س سَو مَناس (-s ṣaw manáas) جس میں یہ قدرے تخفیف ہے۔

-س سَڈَق مَناس (-s ṣaḍáq manáas) [بُر۔محاورہ] خوفزدہ ہونا، ڈرنا۔

-س سَومَناس (-s ṣaw manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س سَڈَق مَناس (-s ṣaḍáq manáas)۔

-س سِیَس (-s ṣíyas) [بُر۔محاورہ] بیزار کرنا (۲) تیزابیت کی وجہ سے سینے میں جلن ہونا۔

-س غُل مَناس (-s ġul manáas) [بُر۔محاورہ] تیل، گھی وغیرہ کھانے کے نتیجے میں کھانے کا اشتہا ختم ہونا، بھوک ختم ہونا۔

-س غَلِیس ایَتَس (-s ġalíis étas) [بُر۔محاورہ] دل مائل نہ ہونا، راضی نہ ہونا (۲) دل میں خدشہ رکھنا (۳) بے چین ہونا۔

-س غَلِیس مَناس (-s ġalíis manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س غَلِیس ایَتَس (-s ġalíis étas) جس کا یہ لازم ہے۔

-س غُنیکِس ایَتَس (-s ġunékiṣ étas) [بُر۔محاورہ] برا ماننا، ناراض ہونا۔

-س غُنیکِس مَناس (-s ġunékiṣ manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س غُنیکِس ایَتَس (-s ġunékiṣ étas) جس کا یہ لازم ہے۔

-س کَھپُن (-s khápun) [بُر۔اسم] سینے کے نچلے حصے میں وہ گڑھا جو معدہ کے منھ کے اوپر ہوتا ہے جہاں سینہ قدرے اندر کی طرف دھنسا ہوا نظر آتا ہے۔

-س کرے جِیِیرے کا (-s ke jiíye káa) [بُر۔محاورہ] بجان ودل، شوق سے، خوشی سے۔

-س گارُڈَس (-s gáarċas) [بُر۔محاورہ] بیزار ہونا، دل ٹوٹ جانا، دل برداشتہ ہونا۔

-س گٹ مَناس (-s gaṭ manáas) [بُر۔محاورہ] ہنس ہنس کر آنتوں میں بل پڑنا (۲) رو رو کر بے حال ہونا۔

-س گٹ وَلَس (-s gaṭ wálas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے۔ -س گٹ مَناس (-s gaṭ manáas)

-س گراس (-s guráas) [بُر۔محاورہ] نظر میں آنا (۲) پسند آنا (۳) راضی ہونا، خوش ہونا (۴) قانع ہونا۔

-س گِرَتَس (-s girátas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س ٹھِٹھِم مَناس (-s ṭhiṭhim manáas)۔

-س گرُرُم مَناس (-s garúrum manáas) [بُر۔محاورہ] دل میں محبت پیدا ہونا (۲) ہمدردی پیدا ہونا (۳) دوستی ہونا۔

-س گساس (-s gusáas) [بُر۔محاورہ] ڈر جانا (نگری بروشسکی)۔

-س گلَس (-s gálas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س گارڈس (-s gáarċas)۔

-سُ لُم بَر ایِتَس (-sulum bar étas) [بُر۔محاورہ] دل کی بات بتانا (۲) دوسرے کے خیال کے مطابق بولنا، بالکل وہی کہنا جو دوسرے کے دل میں ہو۔

-سُ لُم پَھیُوٗ گلَس (-sulum phaỳú gálas) [بُر۔محاورہ] دل کی آرزو پوری ہونا (۲) کام عین منشاء کے مطابق انجام پانا۔

-سُ لوٗ اَپَلَس (-sulo apálas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س ڈے اوٗقَرَٹَس (-s ċe oóqaraṭas)۔

-سُ لوٗ اِمَنَس (-sulo imánas) [بُر۔محاورہ] کسی کی یاد تازہ ہونا، بار بار یاد آنا۔

-سُ لوٗ اوسَس (-sulo óosas) [بُر۔محاورہ] دل میں رکھنا، زبان پر ظاہر نہ کرنا (۲) یاد رکھنا۔

-سُ لوٗ اے بِشاَیَس (-sulo éebiśayas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -سُ لوٗ بَلاس (-sulo baláas) جس کا یہ متعدی ہے۔

-سُ لوٗ ایِتَس (-sulo étas) [بُر۔محاورہ] یاد کرنا، یاد میں لانا۔

-سُ لوٗ اَیوسَس (-sulo ayóosas) [بُر۔محاورہ] دل میں نہ رکھنا (۲) کینہ وغیرہ صاف کرنا (۳) صاف صاف بتانا۔

-سُ لوٗ بَلاس (-sulo baláas) [بُر۔محاورہ]

دیکھیے -س ڈےے خَرَٹَس (-s ċe qharáṭas)

-سُ لوَ پُھوَن لَم مناس (-sulo phŭwan lam manáas) [بُر۔محاورہ] دل جلنا، دل میں آگ بھڑک اٹھنا (۲) غم میں مبتلا ہونا۔

-سُ لوَ خِلِنچ مَناس (-sulo qhilínć manáas) [بُر۔محاورہ] دل میں شبہ پیدا ہونا (۲) دل میں خدشہ ہونا۔

-سُ لوَ دو مَناس (- sulo dóo manáas) [بُر۔محاورہ] دل میں گرہ پڑنا (۲) کوئی خیال دل میں اٹک جانا (۳) گیس یا ہاضمے کی خرابی کی وجہ سے معدہ پر بوجھ پڑنا۔

-سُ لوَ دویَنَس (-sulo dóoyanas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -سُ لوَ دو مَناس (-sulo dóo manáas)۔

-سُ لوَ شوَق ایتَس (-sulo śoq éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -سُ لوَ شوَق مَناس (-sulo śoq manáas) جس کا یہ متعدی ہے۔

-سُ لوَ شوَق مَناس (-sulo śoq manáas) [بُر۔محاورہ] ناک میں دم ہونا، تنگ آنا، دق ہونا، عاجز ہونا۔

-سُ لوَ شیَک ایتَس (-sulo śek étas) [بُر۔محاورہ] دل میں شک کرنا، شبہ پیدا کرنا۔

-سُ لوَ شیَک مَناس (-sulo śek manáas) [بُر۔محاورہ] دل میں شک ہونا، شبہ ہونا۔

-سُ لوَ سَو مَناس (-sluo ṣaw manáas) [بُر۔محاورہ] دل میں لہر دوڑنا (۲) دل میں چھبنا (۳) ڈرنا، خوفزدہ ہونا۔

-سُ لوَ سَیک ایتَس (-sulo ṣek étas) [بُر۔محاورہ] دل میں بھرنا، طبیعت سیر ہونا۔

-سُ لوَ ڞُم مَناس (-sulo ċhum manáas) [بُر۔محاورہ] دل پر خیال گزرنا، کوئی بات سوچ میں آنا۔

-سُ لو گَرُرُم یَیَس (-sulo garúrum yáyas) [بُر۔محاورہ] دل میں ہمدردی پیدا ہونا (۲) محبت پیدا ہونا۔

-سُ لوَ گژُٹ مَناس (-sulo gużúṭ manáas) [بُر۔محاورہ] دل میں کھٹکنا (۲) دل میں خیال گزرنا (۳) خدشہ ہونا۔

-سُ لوَ گنَس (-sulo gánas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -سُ لوَ اوسَس (-sulo óosas)۔

-سُ لوَ مَناس (-sulo manáas) [بُر۔محاورہ] یاد میں ہونا (۲) کسی کی یاد آنا۔

-س مُخ مَناس (-s muç manáas)

[بُر-محاورہ] دل میں گرہ پڑنا (۲) شک پیدا ہونا (۳) نفرت پیدا ہونا (۴) دل کو اچانک صدمہ پہنچنا۔

-س مَلآق ایتَس (-s malaáq éetas) [بُر-محاورہ] جی متلانا، الٹی آنا (۲) کوئی بات وغیرہ پسند نہ آنا۔

-س مَلآق مَناس (-s malaáq manáas) [بُر-محاورہ] دیکھیے -س مَلآق ایتَس (-s malaáq éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

-س نِقَر (-s níqar) [بُر-محاورہ] دل کھول کر، کشادہ دلی سے۔

-س نِیَس (-s níyas) [بُر-محاورہ] کسی کام وغیرہ کرنے کو جی چاہنا، دل راضی ہونا (۲) ڈرنا، خوفزدہ ہونا۔

-س والَس (-s wáalas) [بُر-محاورہ] ہوش و حواس کھونا، حواس باختہ ہونا (۲) حیران و پریشان ہونا۔

-س یارُم ڈَکو مَناس (-s yáarum ḍáko manáas) [بُر-محاورہ] سہارا بننا، مددگار بننا۔

-س یارے بتیک دیلَس (-s yáare batéṅ délas) [بُر-محاورہ] بھوک برداشت کرنا۔

س-ا[۲]

-سآ (-sa) [بُر-اسم] حمل کی مدت (۲) امید، آس، توقع۔

-سآمُڈ (-sámuc) [بُر-اسم] دیکھیے -سآ (-sa) معنی نمبرا جس کی یہ جمع ہے۔

-سآمُڈ گِیآ یَس (-sámuc giyáyas) [بُر-محاورہ] حمل کی مدت پوری ہونا، نو ماہ کا عرصہ گزر جانا۔

سآ (sa) [بُر-اسم] سورج، دھوپ، دن۔

سآ اَسقُر (sa asqúr) [بُر-اسم] سورج مکھی۔

سآ اَسقُرِک (sa asqúriṅ) [بُر-اسم] دیکھیے سآ اَسقُر (sa asqúr) جس کی یہ جمع ہے۔

سآ اِشار نِیَس (sa iśáar níyas) [بُر-محاورہ] سورج کا برج سرطان میں داخل ہو جانا۔

سآ اِشار کرے جے شَرمار

(sa iśáar ke je śarmáar) [بُر-کہاوت] مطلب یہ ہے کہ برج سرطان کے بعد دھوپ کا زور ٹوٹ جاتا ہے۔

سآ اِغُنجَیَس (sa igúnjayas) [بُر-محاورہ] سورج کو گرہن لگنا۔

سآ بُوَر (sa buúr) [بُر-اسم] غروبِ آفتاب۔

سآ بُوّر مَناس (sa buúr manáas)
[بُر۔محاورہ] سورج غروب ہونا۔

سآ پَری (sa pári) [بُر۔متعلق فعل] غروب آفتاب سے ذرا پہلے (۲) طلوع آفتاب کے ذرا بعد میں۔

سآ پَھر مَناس (sa phar manáas)
[بُر۔محاورہ] سورج کا نصف النہار سے نیچے اترنا۔

سآ تَھپ (sa thap) [بُر۔متعلق فعل] دن رات، روز و شب۔

سآ تَھپ ایتَس (sa thap étas) [بُر۔محاورہ]
دن رات کام کرنا، جلدی کرنا، پوری ہمت سے کام کرنا۔

سآ تَھریَس غآ تَھریَس
(sa tharés ġa tharés) [بُر۔صف]
بے یارومددگار، بے سہارا، ماں باپ دونوں کی طرف سے یتیم۔

سآ تَھریَس غآ تَھریَس وَلَس
(sa tharés ġa tharés wálas) [بُر۔محاورہ]
بے یارومددگار ہونا، ماں باپ کا سایہ سر سے اٹھنا۔

سآ ٹَکر وَلَس (sa ṭáṅar wálas)
[بُر۔محاورہ] سورج کا بادلوں میں چھپ جانا۔

سآ ٹَھم (sa ṭham) [بُر۔متعلق فعل] دن بھر، تمام دن۔

سآ ٹَھم ایتَس (sa ṭham éetas) [بُر۔محاورہ]
دیر کرنا، تاخیر کرنا (۲) پورا دن صرف کرنا، پورا دن لگانا، دن بھر کام کرنا۔

سآ ٹَھم مَناس (sa ṭham manáas)
[بُر۔محاورہ] دیکھیے سآ ٹَھم ایتَس
(sa ṭham éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

سآ جِل مَناس (sa jil manáas) [بُر۔محاورہ]
سورج طلوع ہونا، سورج نکل آنا (۲) موقع ہاتھ آنا، کوئی فائدہ ملنا۔

سآ دَلنے ژُوَس (sa dálne żúwas)
[بُر۔محاورہ] دن چڑھنا (۲) دن لمبا ہونا۔

سآ دُوّسَس (sa duúsas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے
سآ جِل مَناس (sa jil manáas)۔

سآ غُسَنُم مَناس
(sa ġusánum manáas) [بُر۔محاورہ] دن لمبا ہونا۔

سآ غُوآ مَناس (sa ġúwa manáas)
[بُر۔محاورہ] دیکھیے سآ پَھر مَناس
(sa phar manáas)۔

سآ قُر ایتَس (sa qur éetas) [بُر۔محاورہ]
دیکھیے سآ ٹَھم ایتَس (sa ṭham éetas).

سآ کرے ہَلَنْڈ جُوَن (sa ke halánċ juwán)
[بُر۔تشبیہ] آفتاب و ماہتاب کی مانند، بہت خوبصورت،

حسین وجمیل۔

سا کُھٹ مَناس (sa khuṭ manáas)

[بُر۔محاورہ] دن کا چھوٹا ہونا۔

سا گوَن (sa gon) [بُر۔متعلق فعل] روزگار (۲) وقت،زمانہ۔

سا گوَن ایرَس (sa gon éeras) [بُر۔محاورہ] وقت گزارنا۔

سا مَرِش (samáriṣ) [بُر۔اسم] وہ لکڑی جو دریچہ یا روزن کے چاروں طرف لگائی جاتی ہے۔

سا نِم (sa nim) [بُر۔متعلق فعل] بے وقت،ناوقت، بعدِغروبِ آفتاب۔

سا نِیَس (sa níyas) [بُر۔محاورہ] سورج غروب ہونا (۲) دن ڈھل جانا،دن ختم ہونا۔

سا وَلَس (sa wálas) [بُر۔محاورہ] دھوپ پڑنا،کسی جگہ تک دھوپ پہنچنا (۲) بادلوں سے سورج نکل آنا (۳) کوئی نفع ہاتھ آنا۔

سا ہَرَلتَر وَلَس (sa haráltar wálas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سا ٹَہَر وَلَس (sa ṭáñar wálas)۔

سا ہَلاَ بوَئن (sa halá boyn) [بُر۔اسم] دیکھیے بوَئن (boyn) یہ دراصل سابوَئن (sa boyn) اور ہَلاَ (halá) یعنی بَلَنڈ (haláñc) چاند بوَئن (boyn) ہے،بوَئن روشنی کو بھی کہا جاتا ہے اور یہ کچھ قدیم دیوتاؤں کے نام بھی ہیں۔

سائز (sayz) [انگ۔اسم] حجم،ناپ،پیمائش۔ size

سائن (sayn) [انگ۔اسم] نشان،علامت (۲) دستخط۔ sign

سائن بوڈ (sayn bóoḍ) [انگ،بُر۔اسم] وہ تختہ جس پر لکھتے ہیں اور اشتہار لگاتے ہیں اور دوکان سڑک وغیرہ کا نام لکھتے ہیں۔ signboard

س-ا

سا (sáa) [بُر۔متعلق فعل] سورج کا،سورج کے متعلق (۲) اے سورج !

سا اِچھقَرِک (sáa ich//áqarin) [بُر۔اسم] سورج کی شعاعیں۔

سا اِغَرِکِش (sáa igárikiṣ) [بُر] دیکھیے سا اِغَرِ کیَ (sáa igáriki)۔

سا اِغَرِکِش جُون (sáa igárikiṣ juwán) [بُر۔تشبیہ] دیکھیے سا اِغَرِ کیَ (sáa igáriki)۔

سا اِغَرِ کیَ (sáa igáriki) [بُر۔اسم] پرندوں کے

انڈوں میں سے وہ انڈہ جس سے بچہ نہ نکلے اور ضائع ہو۔

سا اِلچِن (*sáa ílčin*) [بُر۔اسم] وہ جگہ جہاں ہمیشہ یا اکثر دھوپ ہو، وہ جگہ جو دھوپ کے سامنے ہو۔

سا ایَپت (*sáa épat*) [بُر] دیکھیے سا اِلچِن (*sáa ílčin*)۔

ساپ (*sáap*) [بُر۔اسم] صاحب کا بگاڑ۔

سا تَھلیِ (*sáa thalií*) [بُر۔اسم] شفق، سورج کی پہلی یا آخری روشنی جو پہاڑ کی چوٹی پر نظر آتی ہے۔

ساجوٗ (*sáajo*) [بُر۔اسم] ثالث، ریفری۔

ساجوٗ مَناس (*sáajo manáas*) [بُر۔محاورہ] دو آدمیوں کے درمیان ثالث بننا، ریفری بننا۔

ساجوٗتِنگ (*sáajotiṅ*) [بُر۔اسم] دیکھیے ساجوٗ (*sáajo*) جس کی یہ جمع ہے۔

سا چھُوَس/چھُویَس (*sáa čhúwas/čhúyas*) [بُر۔محاورہ] دھوپ پڑنے کی وجہ سے رنگ تبدیل ہونا، رنگ خراب ہونا۔

سادات (*saadáat*) [ع۔اسم] سائد بمعنی سردار کی جمع الجمع (۲) کنایۃً حضرتِ علیؑ اور حضرتِ فاطمہؑ کی اولاد۔

سادَگی/سادَگیِ (*saadagí*) [ف،بُر۔اسم] صفائی، صاف دلی (۲) سیدھاپن (۳) بھولاپن (۴) بے تکلفی۔

سادہ/سادا (*saadá*) [ف،بُر۔صف] سادہ، بے نقش و رنگ، صاف (۲) بھولا بھالا۔

سا دیلَس (*sáa délas*) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سا چھُوَس (*sáa čhúwas*) (۲) سیب یا خوبانی کا پھل پکنے سے پہلے زرد ہو کر زمین پر گرنا۔

سا دیلُم (*sáa délum*) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سا دیلَس (*sáa délas*) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

ساڈُموٗ (*sáačumo*) [بُر۔متعلق فعل] دن کے وقت، دن کے دوران۔

سا ڈےَ (*sáa če*) [بُر۔متعلق فعل] دن بھر، دن کے وقت (۲) دھوپ میں۔

سا ڈےَ اِوَلَس (*sáa če iwálas*) [بُر۔محاورہ] بے یار و مددگار رہ جانا (۲) تنگ دست ہونا (۳) دن بھر دھوپ میں کام کرنا۔

سا ڈےَ گوَس (*sáa če gúwas*) [بُر۔محاورہ] سکھانے کے لیے دھوپ میں رکھنا۔

سا ڈےَ گِیَس (*sáa če gíyas*) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سا ڈےَ گوَس (*sáa če gúwas*) بعض چیزوں کے لیے گوَس (*gúwas*) اور بعض کے لیے گِیَس (*gíyas*) آتا ہے۔ مثلاً ژُوٗ سا

ڈے گوَس (žuú sáa ċe gúwas) اور
بٹیرِک سا ڈے گِیَس (batérin̈ sáa ċe gíyas)۔

سا ڈے وَشِیَس (sáa ċe wáŝiyas)
[بُر۔محاورہ] دیکھیے سا ڈے گوَس
(sáa ċe gúwas) جس کی یہ واحد ہے۔

سا ڈے وَلَس (sáa ċe wálas) [بُر۔محاورہ]
دیکھیے سا ڈے وشِیَس (sáa ċe wáŝiyas) جس کا یہ لازم ہے۔

سا ڈے ہُرُٹَس (sáa ċe hurúṭas)
[بُر۔محاورہ] دھوپ کھانا، دھوپ میں بیٹھنا۔

سا رَش (sáa raŝ) [بُر۔اسم] سورج کی شعاعیں،
کرن، روشنی۔

سارؤ (sáaro) [بُر۔صف] پھلا پھولا، خوب نشوونما پایا
ہوا (۲) طاقتور، استوار، مستحکم۔

سارؤ ایتَس (sáaro étas) [بُر۔محاورہ] طاقتور
بنانا، مضبوط بنانا (۲) پالنا، پرورش کرنا۔

سارؤتِک (sáarotin̈) [بُر۔اسم] دیکھیے سارؤ
(sáaro) جس کی یہ جمع ہے۔

سارؤ مُڈ (sáaromuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے
سارؤتِک (sáarotin̈)۔

سارؤمَناس (sáaro manáas) [بُر] دیکھیے
سارؤ ایتَس (sáaro étas) جس کا یہ لازم
ہے۔

ساری (sáari) [بُر] دیکھیے سارؤ (sáaro) جس
کی یہ تانیث ہے۔

ساز باز (sáaz báaz) [ف۔اسم] کسی کے خلاف
گٹھ جوڑ، کسی کے خلاف سازش۔

سازِش (saazíŝ) [ف۔اسم] کسی کے خلاف خفیہ جوڑ
توڑ۔

سازش ایتَس (saazíŝ étas) [بُر۔محاورہ] کسی
کے خلاف خفیہ جوڑ توڑ کرنا۔

سازِشی/سازِشی (saaziŝí) [ف،بُر۔صف]
سازش کرنے والا۔

ساسپَر (sáaspar) [بُر۔اسم] ایک بوٹی جو دوا کی
خاصیت رکھتی ہے، یہ دوا ہونزا کے پہاڑوں میں بہت
بلندی پر اگتی ہے اس کی جڑ دانت صاف کرنے کے
لیے مشہور ہے۔

ساسپَرِشؤ (sáaspariŝo) [بُر۔اسم] دیکھیے
ساسپَر (sáaspar) جس کی یہ جمع ہے۔

سا سَک (sáa san̈) [بُر] سورج کی روشنی۔

ساقی/ساقی (saaqíi) [ف،بُر۔اسم] پلانے والا
(۲) شراب یا حقہ پلانے والا۔

ساقِیۓ کوثر (saaqíye koosár) [ف۔اسم]

حضور پاک صلعم کا لقب، شیعوں کے نزدیک حضرت علیؑ کا لقب۔

سال (*sáal*) [بُر۔اسم] ایک سادہ آلہ جسے دھاگہ کے ذریعے آویزاں کر کے راج اور بڑھئی مطلوبہ جگہ کی نشاندہی کرتے ہیں یا دیوار کی کجی معلوم کرتے ہیں (۲) برس، بارہ مہینوں کا مجموعہ۔

سال ایِتَس (*sáal étas*) [بُر۔محاورہ] سال (*sáal*) (معنی نمبر۱) کو آویزاں کر کے مطلوبہ جگہ معلوم کرنا یا دیوار کی کجی معلوم کرنا۔

سالار (*saaláar*) [ف۔اسم] سردار، افسر، حاکم۔

-سالتِک (*-sáaltik*) [بُر۔صف] رقیب، حریف، ہم چشم (۲) مدِّ مقابل۔

سالِشوٗ (*sáališo*) [بُر۔اسم] دیکھیے سال (*sáal*) معنی نمبر۱ جس کی یہ جمع ہے۔

سالگِرہ/سالگِراَ (*saalgirá*) [ف،بُر۔اسم] سالانہ تقریب، ولادت، شادی وغیرہ کا سالانہ جشن۔

سالِنٔ (*sáaliṅ*) [بُر۔اسم] دیکھیے سال (*sáal*) معنی نمبر۲ جس کی یہ جمع ہے۔

ساماںٔ (*saamáaṅ*) [فا،بُر۔اسم] دیکھیے سامان (*saamáan*) جس کا یہ مبرّش ہے۔

ساماںٔے دُروٗ ایِچیۓ دَمَن دُپھوٗغرچیۓ (*saamáaṅe duró éci damán duphóǧurci*) [بُر۔محاورہ] کام کوئی اور کرے سہرا کسی اور کے سر۔

سامان (*saamáan*) [ف۔اسم] مال، اسباب (۲) ہتھیار (۳) آثار، علامت۔

سان (*sáan*) [بُر۔اسم] شراب کا مٹکا، گھڑا (۲) بڑی ہانڈی (۳) ایک سورج، 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

تھُم تھانۓ حَلال میِل دُمَنَس مُمکِن اَکوغَن
فِردوسۓ شَراب جا شُلۓ شاہ سانُ لوٗ ییِڈم
دیوانِ نصیری (بروشسکی)، ص۳۴۹۔

ترجمہ: (مرشدِ کامل کے سوا) کسی اور مقام پر حلال شراب (عشقِ سادی) کا تیار ہونا ممکن نہیں۔ میں نے بادۂ بہشت کو شہنشاہِ الفت کے سبو (کوزے) میں دیکھا۔

سان بَت (*sáan bat*) [بُر۔اسم] وہ بَت (*bat*) جو شراب کا خُم سان (*sáan*) بنانے کا کام آتا ہے۔

سان دَن (*sáan dan*) [بُر۔اسم] دیکھیے بَلوش دَن (*balóoṣ dan*)۔

سانیۓ (*sáani*) [بُر۔متعلق فعل] کچھ دن پہلے، کچھ عرصہ قبل۔

سائرن (*saayrán*) [انگ۔اسم] ایک آلہ جس سے آواز پیدا ہوتی ہے، بھونپو۔siren

سائرَن ایِتَس (*saayrán étas*) [بُر۔محاورہ] سائرن بجانا۔

سائرن مَناس (*saayrán manáas*) [بُر-محاورہ] دیکھیے سائرَن ایتَس (*saayrán étas*) جس کا یہ لازم ہے۔

سائنٹِفِک (*saaynṭifík*) [انگ-صف] علمی، عالمانہ، سائنسی اصول کے مطابق۔ scientific

سائنس (*sáayns*) [انگ-اسم] علم (۲) فن، وہ علم جس کی بنیاد تجربات اور مشاہدات پر ہو۔ science

سائنس دان (*sáayns dáan*) [انگ+ف-اسم] سائنس جاننے والا، سائنس کا ماہر۔ scientist

-سایَس (*-sáaẏas*) [بُر-مص] فراہم کرنا، فراوان مقدار یا تعداد میں فراہم کرنا۔

سایوٗ (*sáaẏo*) [بُر-صف] آسان، ایسی جگہ جہاں سے آسانی سے گزرنا ممکن ہو۔

سا یاریٖ (*sáa yaári*) [بُر-اسم] شفق، سورج کی کرن۔

سایوٗ (*sáayo*) [بُر-اسم] دیکھیے سان (*sáan*) معنی نمبر ۱،۲ جس کی یہ جمع ہے۔

س - آ

ساآت (*saát*) [ع، بُر-اسم] عربی لفظ ساعت کا بگاڑ، گھڑی، پل، لحظہ (۲) وقت (۳) آغاز۔

ساآت ایتَس (*saát éetas*) [ع+بُر-محاورہ] آغاز کرنا، شروع کرنا۔

ساآت کےٖ پاآچیٖ (*saát ke paáçi*) [بُر-محاورہ] نیک وقت اور صحیح موقع۔

ساآت کےٖ پاآچیٖ کا مَناس (*saát ke paáçi káa manáas*) [بُر-کہاوت] کوئی کام نیک وقت اور صحیح موقع پر انجام پانا۔

ساآت گوٗئن (*saát guyn*) [بُر-اسم] کام کا آغاز کرنے والا، نوٹ: ہونزا میں بعض کاموں کے آغاز کے لیے کسی خاص قبیلے کے کسی فرد کو مقرر کیا جاتا ہے، اسے ساآت گوئن (*saát guyn*) کہتے ہیں۔

ساآت مَناس (*saát manáas*) [بُر-محاورہ] آغاز ہونا، شروع ہونا (۲) نیک وقت ہونا۔

ساآتَر بَریٖنَس (*saátar barénas*) [بُر-محاورہ] ساعت بینی کرنا، ستاروں کی گردش کے حساب سے نیک نحس ساعت معلوم کرنا۔

ساآٹیٖ (*saáṭi*) [بُر-متعلق فعل] دیکھیے سانیٖ (*sáani*)۔

ساآٹیٖ کُھولتوٗ (*saáṭi khúulto*) [بُر-محاورہ] ان دنوں، آج کل (اردو میں پہلے آج یعنی کُھولتوٗ (*khúulto*) آتا ہے جبکہ بروشسکی میں پہلے کل

یعنی ساٹیِ (saáṭi) آتا ہے)۔

ساٹیِ موٗ (saáṭi mo) [بُر۔متعلق فعل] گزشتہ دنوں کا۔

ساٹیِ یاآبُلتوٗ (saáṭi yaábulto) [بُر۔متعلق فعل] گزشتہ دنوں، گزشتہ ایام میں۔

ساَر (saár) [بُر۔اسم] قدرے پھیلا ہوا پانی، نیز دیکھیے سر (sar) معنی نمبر۳،۴ جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ساَر ایٰتَس (saár étas) [بُر۔محاورہ] کوئی رقیق چیز پھیلانا، پانی کو زمین پر پھیلانا۔

ساَر ایتس (saár éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ساَر ایٰتَس (saár étas) جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

ساَر مَناس (saár manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ساَر ایٰتَس (saár étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ساَرکوٗ دُوآرکوٗ (saárko duwaárko) [بُر۔محاورہ] غیر متوقع طور پر، اچانک۔

ساَس (saás) [بُر۔عدد] ہزار، دس سو۔

ساَسَٹَر غاَ بَسار نِم جُوَن (saásaṭar ġa basáar nim juwán) [بُر۔مثل] ایسا شخص جو دن بھر باہر رہے اور صرف رات بسر کرنے کے لیے شام کو گھر لوٹے۔

ساَسَٹُموٗ (saásaṭumo) [بُر۔متعلق فعل] دن کے آخری حصے میں، شام کا / کو / کی۔

ساَسَٹے (saásaṭe) [بُر۔متعلق فعل] شام کو، دن کے آخری حصے میں۔

ساَسَٹے مَناس (saásaṭe manáas) [بُر۔محاورہ] دن ختم ہونا، شام آنا۔

ساَسے گش (saáse gaṣ) [بُر۔محاورہ] بے بہا، گران بہا (لفظی معنی وہ چیز جس کی قیمت ایک ہزار روپیہ ہو)۔

ساَ کٔ (saáṅ) [بُر] دیکھیے سَکٔ (saṅ) جس کی یہ تقلیل ہے۔

ساَ کٔ ایٰتَس (saáṅ étas) [بُر۔مص] دیکھیے سَکٔ ایٰتَس (saṅ étas) جس میں یہ تقلیل کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ساَ کٔ مَناس (saáṅ manáas) [بُر۔مص] دیکھیے سکٔ مناس (saṅ manáas) جس کی یہ تقلیل ہے۔

س ۔ ب

سباپ (sabáap) [بُر۔اسم] دیکھیے ثَباپ (sabáap)۔

سباپ ایتَس (sabáap étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ثَباپ ایتَس (sabáap éetas)۔

سباپ ژُوَس (sabáap żúwas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ثَباپ ژُوَس (sabáap żúwas)۔

سباپ مَناس (sabáap manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ثَباپ مناس (sabáap manáas)۔

سباپَر گِیَس (sabáapar gíyas) [بُر۔محاورہ] ثواب میں شامل ہونا، ثواب حاصل کرنا۔

سُبحان (subháan) [ع۔صف] تمام عیبوں سے پاک، خدا کا ایک بزرگ نام۔

سبحان اللّٰہ (subháan alláa) [بُر۔کلمۂ تحسین وتعجب] پاک ہے اللہ، میں اللہ کو پاکی سے یاد کرتا ہوں (۲) واہ واہ، آفرین۔

سُبَدوٗ (subádo) [بُر۔صف] چست (۲) لائق (۳) کارآمد، مفید۔

سُبَدوٗ اَبَدوٗ (subádo abádo) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سُبَدوٗ (subádo)، اَبَدوٗ (abádo) اس کی ضد ہے۔

سُبَدوٗ مُڈ (subádomuċ) [بُر] دیکھیے سُبَدوٗ (subádo) جس کی یہ جمع ہے۔

سَبُروٗموٗ (sáburumo) [بُر۔متعلق فعل] دن بھر کا۔

سَبُرے (sábure) [بُر۔متعلق فعل] دن بھر، دن کے دوران۔

سَبُرے بُوٗر (sábure buúr) [بُر] دیکھیے سَبُرے (sábure)۔

سَبُرے بوٗر ایتَس (sábure buúr éetas) [بُر۔محاورہ] پورا دن لگانا۔

سُبَش (subáś) [بُر۔اسم] راحت، آسایش (۲) فراوانی، سکھ، آسودگی، اَبَش (abáś) کی ضد۔

سُبَشِنگ (subáśiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سُبَش (subáś) جس کی یہ جمع ہے۔

سبق (sabáq) [ع۔اسم] درس کا وہ حصہ جو روزانہ پڑھایا جائے، تعلیم، درس، نصیحت۔

سبق اُچھیَس (sabáq uċhíyas) [ع+بُر۔محاورہ] درس دینا، تعلیم دینا۔

سَبَق اوٗئِکِنَس (sabáq óykinas) [ع+بُر] دیکھیے سبق اُچھیَس (sabáq uċhíyas)۔

سبق دیغُرکَس (sabáq déeġurkas) [ع+بُر۔محاورہ] سبق ملنا، عبرت حاصل ہونا۔

سبق گنَس (sabáq gánas) [ع+بُر۔محاورہ] سبق حاصل کرنا، عبرت حاصل کرنا (۲) کسی استاد سے علم حاصل کرنا۔

سبق غَتَنَس (*sabáq ġatánas*) [ع+بُر۔محاورہ] سبق پڑھنا، تعلیم لینا۔

سبق مَناس (*sabáq manáas*) [ع+بُر۔محاورہ] باعثِ عبرت ہونا، باعثِ پند ہونا۔

سبق ہیَنَس (*sabáq hénas*) [ع+بُر۔محاورہ] سبق سیکھنا، عبرت حاصل کرنا۔

سبق یاد ایَتَس (*sabáq yáad étas*) [ع+بُر۔محاورہ] سبق یاد کرنا۔

سبق یَیَس (*sabáq yáyas*) [ع+بُر۔محاورہ] دیکھیے سبق دیغُرکَس (*sabáq déeġurkas*)۔

سَبوٗ (*sábo*) [بُر۔صف] قوی، مضبوط (۲) چست، چالاک۔

سَبُوٗر (*sabuúr*) [بُر۔اسم] کل (گزرا ہوا دن)۔

سَبُوٗر موٗ (*sabuúr mo*) [بر۔متعلق فعل] کل کا/کی/کے۔

سُبوٗم (*suboóm*) [بُر۔صف] درست، صحیح، ٹھیک (۲) بنایا ہوا، ابوٗم (*aboóm*) کی ضد۔

س ۔ پ

سَپ (*sap*) [بُر۔اسم] نعل، گھوڑے کے سُم میں لگانے کا آہنی حلقہ (۲) گھاس کی ایک قسم جو بیابان میں اگتی ہے جس کے ریشے بالوں کی طرح لمبے ہوتے ہیں (۳) ایک جڑ جو دوا کی خاصیت رکھتی ہے۔

سَپ ایدِلَس (*sap éedilas*) [بُر۔محاورہ] نعل لگانا، گھوڑا وغیرہ کے سم میں نعل لگانا۔

سَپ دیَلَس (*sap délas*) [بُر۔محاورہ] تیار ہونا، کہیں جانے کے لیے بوریا بستر باندھنا۔

سَپ وَلَس (*sap wálas*) [بُر۔محاورہ] گھوڑا وغیرہ کے پیر سے نعل ختم ہو کر گر جانا۔

سِپ (*sip*) [بُر۔اسم] لوہے کی تاروں (جالی) سے بنائی ہوئی چھلنی، آٹا چھاننے کا آلہ۔

سُپاٗ (*supá*) [بُر۔اسم] مزہ، لذت، ذائقہ، زیادہ تر طنزاً استعمال کیا جاتا ہے۔

سِپارہ/سِپاراٗ (*sipaará*) [ف،بُر۔اسم] سی پارہ کا مخفف، قرآن کے تیس پارے یا ان میں سے ایک پارہ۔

سِپاس نامہ/سِپاس ناماٗ (*sipáas naamá*) [ف،بُر۔اسم] کسی کی خدمت کے اعتراف و تشکر میں پیش کی جانے والی تقریر۔

سِپاہی/سِپاہیٔ (*sipaahí*) [ف،بُر۔اسم] فوجی آدمی، پولیس، پیادہ۔

سِپای (sipáay) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے سِپاہی (sipahí)۔

سِپَت (sipát) [بُر] دیکھیے صِفَت (sifát) جس کا یہ بروشسکی تلفظ ہے۔

سَپُڎ (sápuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَپ (sap) جس کی یہ جمع ہے۔

سِپُڎ (sípuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سِپ (sip) جس کی یہ جمع ہے۔

سَپَر (sapár) [ع۔اسم] دیکھیے سفر (safár) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

سَپَر بُبارَک (sapár bubaarák) [بُر۔کلمۂ دعا] آپ کا سفر مبارک ہو۔

سَپَر میناَ (sapár miiná) [ار،بُر۔اسم] سرنگ لگانے اور راستہ صاف کرنے والا فوجی دستہ۔

سُپُراَ (supurá) [ع،بُر۔اسم] عربی لفظ سُفرَہ کا بگاڑ، دسترخوان (۲) وہ مخصوص کھانا جو شادی وغیرہ کے موقع پر اہتمام کے ساتھ کسی کے اعزاز میں پکایا جائے۔

سُپُراَ مُڎ (supurámuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سُپُراَ (supurá) جس کی یہ جمع ہے۔

سِپِرِٹ (sipirít) [انگ۔اسم] شراب کی روح جو ادویہ میں شامل کرنے اور جلانے کے کام آتی ہے۔ sipirit

سَپَر کیِ (sáparki) [بُر۔اسم] دھوپ میں رہ جانا، دھوپ میں جلنا (۲) سورج کی تابش۔

سَپَر کیِ وَلَس (sáparki wálas) [بُر۔محاورہ] دن بھر دھوپ میں رہ جانا، دھوپ میں جلنا۔

سَپَروٗ (sapáro) [بُر۔اسم] بعض ناموں مثلاً سفر بیگ، سفر خان وغیرہ کا مخفف اور بگاڑ۔

سَپَریِ (sapári) [بُر۔اسم] بعض مؤنث ناموں مثلاً سفر بی بی وغیرہ کا مخفف اور بگاڑ۔

سِپرے (siprée) [انگ۔اسم] پھوہار، چھڑکاؤ، پچکاری۔ spray

سُپَلوٗ (supálo) [بُر۔صف] نیک بخت، نیک قدم (۲) مبارک۔

سُپَلوٗ مَناس (supálo manáas) [بُر۔محاورہ] نیک بخت ہونا، مبارک ہونا۔

سُپُن (supún) [بُر۔صف] نیک، شریف (۲) بے ضرر۔

سُپَندُر (supándur) [بُر۔اسم] فارسی لفظ سپندیا اسفند کا بگاڑ، کالا دانہ جسے خوشبو کے لیے آگ میں ڈالا جاتا ہے۔

سُپندُرے گوٗن نُمَن جا جیِ شُلے پُھوَٹے غُلاس یِیشا
دَرُم کُلیِ اُن جَمِپ اوٗمن ژُوٗ جا ڈے نِرے گمَن جا با
دیوان نصیری (بُروشسکی) ص ۱۶۱۔

ترجمہ: میری جان "سپنڈر" (ہرمُل HARMUL=) کی طرح مقدس آتشِ عشق کی تپش پر بے قراری کے عالم میں سُلگ رہی ہے اور تُو میرے دل کی اس کیفیت سے خوب آگاہ ہے۔ اے میرے محبوب جان! تیرے لیے اس چاہت کے باوجود تو میرے لیے بیگانہ نہ بن جانا اور میری اس حالت پر رحم کرکے دیدارِ اقدس سے نوازنا۔

سُپَنڈُر وَشِیَس (supándur wáśiyas) [بُر۔محاورہ] سپندیا کالا دانہ کو آگ میں ڈال کر خوشبو پیدا کرنا (۲) نذر و نیاز کرنا۔

سُپَنڈُروٗ (supánduro) [بُر۔اسم] دیکھیے سُپَنڈُر (supándur)۔

سُپَنڈُروٗ گُوَس (supánduro gúwas) [بُر] دیکھیے سُپَنڈُر وَشِیَس (supándur wáśiyas)۔

سِپَنڈْ (sipánć) [بُر۔اسم] دیکھیے سِپ (sip) جس کی یہ جمع ہے۔

سَپُوٗ (sapú) [بُر۔اسم] نجیب، شریف، اعلیٰ خاندان کا فرد، قدیم زمانے میں میر کے بیٹوں کو سَپُوٗ ءِ اُسک (sapúwe usk) کہا جاتا تھا۔

سُپوٗت (supót) [بُر۔اسم] گھوڑا، گدھا اور خچر کا فضلہ۔

سَپوئیٗ (sapóoyi) [بُر۔صف] وہ عورت جس کا بچہ پیدا ہوا ہو۔

سَپوئیٗ تِک (sapóoyitiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَپوئیٗ (sapóoyi) جس کی یہ جمع ہے۔

سَپُوٗ ءِ اِسْک (sapúwe isk) [بُر۔محاورہ] شہزادہ، میر کا بچہ۔

سَپُوٗ ءِ اِسْک جُوَن (sapúwe isk juwán) [بُر۔تشبیہ] شہزادہ کی طرح، میر بچہ کی طرح۔

سِپہ سالار/سِپاٗ سالار (sipá saaláar) [ف، بُر۔اسم] فوج کا سب سے اعلیٰ آفیسر۔

سَپُیاٗر (sapuyaár) [بُر۔اسم] وہ خاندان جس میں افراد کی تعداد زیادہ ہو، بڑا کنبہ۔

سَپُیاٗر اِمَنس (sapuyaár imánas) [بُر۔محاورہ] کنبہ میں افراد کی تعداد زیادہ ہونا۔

سِپیچ (sipíić) [انگ۔اسم] تقریر، خطبہ، لیکچر (۲) گویائی، بولنے کی صلاحیت۔ speech

سِپیڈ (sipíiḍ) [انگ۔اسم] تیز رفتاری (۲) شرح رفتار۔ speed

سِپیَر پاٹ (sipíyar páaṭ) [انگ۔اسم] فالتو پرزہ۔ spear part

سپیس (spées) [انگ۔اسم] مسلسل وسعت، وسعت

مکانی جہاں کوئی چیز واقع ہو یا نہ ہو (۲) خالی جگہ۔ space

سپیشلِسٹ (speeśalíst) [انگ۔اسم] متخصص، کوئی شخص جو کسی علم یا پیشے میں خصوصی مہارت حاصل کرے۔ specialist

سپیَشَل (sipeéśal) [انگ۔صف و اسم] خصوصی، بہت عمدہ، خاص الخاص۔ special

سپیکر (spiikár) [انگ۔اسم] بولنے والا، مقرر، خطیب (۲) مجلس قانون ساز کا صدر (۳) لاؤڈ اسپیکر۔ speaker

سپیلنگ (sipelíṅ) [انگ۔اسم] ہجے کرنا، تلفظ کے ہجے۔ spelling

س ـ ت

سَت (sat) [بُر۔اسم] اون دھننے کی جگہ (۲) میدان (۳) پامال (۴) مویشوں کا فصل یا چارہ کو چٹ کر کھانا۔

سَت ایَتَس (sat étas) [بُر۔محاورہ] چٹ کر کھانا (۲) پامال کرنا (۳) ہموار کرنا (۴) بڑی تعداد میں درختوں کو کاٹنا، فصل کو کاٹ کر ویران کرنا۔

سَت بِشاَیَش (sat biśáyas) [بُر۔محاورہ] اون دھننے کے لیے زمین کو ہموار کر کے اس پر ریت پھیلانا۔

سُت (sut) [بُر۔اسم] سود کا مخفف اور بگاڑ بمعنی نفع۔

سُت اوٗت (sut oót) [بُر۔اسم] نفع و نقصان۔

سَتَر (sátar) [ع۔اسم] عورت یا مرد کے جسم کا وہ حصہ جس کا چھپانا شرعاً واجب ہے، شرمگاہ۔

سَتَر ایَتَس (sátar étas) [بر۔محاورہ] چھپانا، پوشیدہ رکھنا۔

سَترَنج (satránj) [بُر۔اسم] دری۔

سُتُری (suturí) [بُر۔اسم] ہندی لفظ ستلی کا بگاڑ، پٹ سن کی باریک رسی یا ڈوری۔

سُتُری مُڈ (suturímuć) [بُر۔اسم] دیکھیے سُتُری (suturí) جس کی یہ جمع ہے۔

۔سِتِنگ (-stiṅ) [بُر۔اسم] سسرال، بیوی کی طرف کا کنبہ۔

سِتَم (sitám) [ف۔اسم] ظلم، جور، تعدی۔

ستم ژُوَس (sitám żúwas) [ف+بُر۔محاورہ] مصیبت نازل ہونا، دکھ یا رنج سے دوچار ہونا۔

ستمبر (sitambár) [انگ۔اسم] نواں انگریزی مہینہ۔ september

سِتمگر (sitamgár) [ف۔اسم] ظالم، ستم کرنے والا۔

سَتُوٗ (satú) [ہ۔اسم] بھنے ہوئے جو کا آٹا، کسی بھنے

ہوئے اناج کا آٹا۔

سَتیاناس (satiyaanáas) [ہ۔اسم] تباہی، بربادی۔

سَتینک (satéñ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَت (sat) معنی نمبر ا،۲ جس کی یہ جمع ہے۔

س۔ٹ

سُٹ (suṭ) [بُر۔اسم] خط، سبزہ جو چہرے پر آیا ہو۔

سُٹ دِوسَس (suṭ díwsas) [بُر۔اسم] خط بنانا، حجامت بنانا۔

سِٹاپ (siṭáap) [انگ۔اسم] رُکنا، رُکنے کی جگہ۔ stop

سِٹاٹ (siṭáaṭ) [انگ۔فعل و اسم] شروع کرنا، آغاز کرنا (۲) مشین کا چالو ہونا۔ start

سِٹاٹَر (siṭaaṭár) [انگ۔اسم] پہل یا آغاز کرنے والا شخص یا شئے، گاڑی وغیرہ کا انجن چالو کرنے والا پرزہ (۲) ٹیوب لائٹ کو آن کرنے والا پرزہ۔ starter

سِٹار (siṭáar) [انگ، بُر۔اسم] ستارہ، تارہ، نجم۔ star

سِٹال (siṭáal) [انگ، بُر۔اسم] بازار میں یا کھلی جگہ پر فروخت کا ٹھکانا، بکری کا اڈا۔ stall

سِٹَڈی (siṭáḍi) [انگ، بُر۔اسم] مطالعہ، پڑھائی، معائنہ، تحقیق۔ study

سِٹِنک رُوم (siṭiñ rúum) [انگ۔اسم] بیٹھک۔ sitting room

سِٹوپ (siṭóop) [انگ، بُر۔محاورہ] کسی ایندھن یا بجلی سے جلنے والا بند چولہا۔ stove

سٹوڈینٹ (sṭuudénṭ) [انگ۔اسم] طالب علم۔ student

سٹوڈیو (sṭooḍiyóo) [انگ۔اسم] کسی مصور، فوٹوگرافر وغیرہ کی کارگاہ (۲) فلم سازی کا مرکز۔ studio

سٹور (sṭóor) [انگ۔اسم] ذخیرہ، کسی چیز کی محفوظ مقدار (۲) گودام۔ store

سِٹُول (siṭúul) [انگ۔اسم] اسٹول، مونڈھا، نیچی بینچ۔ stool

سِٹیزِین (siṭiizén) [انگ۔اسم] شہری، کسی ملک کا باشندہ۔ citizen

سَٹیش (saṭeéś) [بُر۔اسم] سجاوٹ (۲) آباد۔

سَٹیش اِیتَس (saṭeéś étas) [بُر۔محاورہ] سجانا، آباد کرنا (۲) تدفین کے لیے مردے کو تیار کرنا۔

سَٹیش کُس (saṭeéśkuṣ) [بُر۔اسم] سجاوٹ، آبادی۔

سَٹیِش گمیِش ایتَس
(saṭeéś gumeéś étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَٹیِش ایتَس (saṭeéś étas)۔

سِٹیشیِن (siṭiiśén) [انگ،بُر۔اسم] بس یا ریل گاڑی کے ٹھہرنے کا مقام (۲) نشریات سے تعلق رکھنے والا ادارہ یا عمارت۔ station

سِٹیِل (siṭíil) [انگ۔اسم] فولاد۔ steel

س۔ج

سَجدَݣ (sajdáṅ) [ع،بُر۔اسم] دیکھیے سَجدہ (sajdá) جس کی یہ جمع ہے۔

سَجدہ/سَجداؔ (sajdá) [ع،بُر۔اسم] پیشانی زمین پر ٹیکنا، سر جھکانا، نماز کا ایک رکن جس میں ماتھا ناک، کہنیاں، گھٹنے اور انگلیاں زمین پر لگتی ہیں۔

سَجدہ ایتَس (sajdá étas) [ع+بُر۔محاورہ] سجدہ کرنا۔

سجدہ گاہ/سجداؔ گا (sajdagáa) [ع+بُر۔اسم] سجدہ کرنے کی جگہ، مصلّیٰ۔

سَجِراؔ (sajirá) [ع،بُر۔اسم] شجرہ کا بگاڑ، نسب نامہ۔

سَجِراؔ ایتَس (sajirá étas) [ع،بُر۔محاورہ] نسب نامہ بیان کرنا۔

سَجِراؔ نَسَپ (sajirá nasáp) [ع،بُر۔اسم] شجرۂ نسب۔

سُجوَ (súǰo) [بُر۔صف] پاک، مقدس، معصوم۔

سُجوَ پُنَر (súǰo punár) [بُر۔اسم] ایک خوبصورت پھول جو اونچے پہاڑوں میں پایا جاتا ہے، یہ بنفشہ کی ایک اعلیٰ قسم ہے۔

سُجوَ پُنَرِݣ (súǰo punáriṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سُجوَ پُنَر (súǰo punár) جس کی یہ جمع ہے۔

سُجوَ پُنَرِکُرے پُھنڈے مُک عاشقِے شُلِے یُوَ جُوَن
موَ زاؔ نُکَن دیغشِیٔ نُورے بَرلتَن دِیارڈ
دیوان نصیری (بروشسکی)، ص ۲۵۱۔

ترجمہ: بنفشہ کے پھولوں پر موجود شبنم کے موتی عاشقِ صادق کے عاشقانہ آنسوؤں کی مانند ہیں۔ نورانی بارش کی نمی سے نور کی بارش برس کر اور علم کی۔ بارش برس کر ان کے حسن میں اور اضافہ ہوگا۔

سُجود (sujúud) [ع۔اسم] جھکنا، سجدہ کرنا۔

سُجُوَکُم (súǰukum) [بُر۔صف] پاک، مقدس، معصوم صفت۔

سُجوَن (suǰón) [بُر۔اسم] کھوج (۲) نشاندہی (۳) تحقیق۔

سُجوَن ایتَس (suǰón étas) [بُر۔محاورہ]

کھوج لگانا (۲) نشاندہی کرنا (۳) تحقیق کرنا۔

سُجوٗنوٗ (sujóno) [بُر۔اسم] تحقیق کرنے والا، کھوج لگانے والا۔

س۔ح

سَحر (sahár) [ع۔اسم] صبح، فجر، تڑکا۔

سَحری/سَحریٔ (saharí) [ع،بُر۔صف] علیٰ الصباح (۲) رمضان میں صبح ہونے سے قبل کھانے والی غذا تاکہ دن بھر روزہ رکھا جائے۔

س۔خ

سَخاوت (saqhaawát) [ع۔اسم] فیاضی، بخشش، خیرات۔

سَخت (saqht) [ف۔صف] مشکل، دشوار (۲) بے انتہا (۳) جس پر اثر نہ ہو (۴) کنجوس (۵) بہت، شدید (۶) مضبوط (۷) کسا ہوا۔

سَخت مَناس (saqht manáas) [بُر۔محاورہ] مشکل ہونا (۲) بخیل بننا (۳) بے رحم ہونا، سخت ہونا۔

سَختی/سَختیٔ (saqhtí) [ف،بُر] دیکھیے سَخت (saqht) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سَختی ایٹَس (saqhtí étas) [بُر۔محاورہ] سختی کرنا، تکلیف دینا۔

سَخی (saqhíi) [ع۔صف] فیاض، مخیّر، کریم۔

س۔څ

سُڅ (suç) [بُر۔اسم] اتفاق، مہر و محبت۔

سُڅ مناس (suç manáas) [بُر۔محاورہ] اتفاق ہونا، مہر و محبت ہونا۔

سَڅاٗ (saçá) [بُر۔اسم] بیداری، بیداری کی حالت۔

جا غِلتِریسوٗ نخرہ اُیَم مستیٔ دُماہس
مینِرِ اُوٗلجیٔ کرِ ایٹِڈس اِنرِ مُک جا سَڅاٗ یِیڈم

دیوان نصیری (بُروشسکی)، ص ۱۶۸۔

ترجمہ: میرے ناز پرور محبوب کی عشوہ گری میں شیرینی اور حسن و جمال کی مستی رونق افزا ہے، اُس گوہر یکدانہ کا جسے لوگ خواب میں بھی نہیں دیکھ سکتے (خوش نصیبی سے) مجھے ظاہری دیدار نصیب ہوا۔

سَڅاٗ اِمَنَس (saçá imánas) [بُر۔محاورہ] بیداری کی حالت میں ہونا۔

سَڅاٗ کُشیٔ (saçákuši) [بُر۔متعلق فعل] بیداری کی حالت میں۔

سَخَکْ (saçán) [بُر۔اسم] شکل،صورت (۲) خدوخال۔

سُخُمیٖی (suçuméy) [بُر۔اسم] شرافت (۲) مہر ومحبت۔

سَخوٗ (sáço) [بُر۔صف] آسان (۲) واضح،نمایاں۔

سَخوٗمِکْ (sáçomiṅ) [بُر] دیکھیے سَخوٗ (sáço) جس کی یہ جمع ہے۔

سَخوٗنوٗ (saçoóno) [بُر] دیکھیے سَخوٗ (sáço)۔

سُخیٖ (súçi) [بُر۔اسم] اتفاق،اتحاد،مہرومحبت۔

سُخیٖ ایتَس (súçi étas) [بُر۔محاورہ] اتفاق کرنا،اتحاد کرنا۔

سُخیموٗ (suçéeymo) [بُر] دیکھیے سُخیئموٗ (suçéymo)۔

سُخیئموٗ (suçéymo) [بُر۔صف] شریف (۲) فرمانبردار (۳) نیک سرشت۔

سُخیئموٗ مَناس (suçéymo manáas) [بُر۔محاورہ] شریف بننا (۲) فرمانبردار بننا۔

سُخیئموٗ مَنِش (suçéymo maniṣ) [بُر۔دعا] نیک شگون ہو،خیر ہو۔

سُخیئمیٖ (suçéymi) [بُر] دیکھیے سُخیئموٗ (suçéymo) جس کی یہ تانیث ہے۔

س ۔ د

سُداٗ (sudá) [بُر۔اسم] حیوان کا سم یا کُھر گھس کر چلنے کے قابل نہ رہنا۔

سُداٗ اِمَنَس (sudá imánas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سُداٗ (sudá)۔

سِدِر (sídir) [ع۔اسم] بیری،سدرہ۔

سُدُگِنَس (sudúginas) [بُر۔مص] مصروف رہنا (۲) تجربہ حاصل کرنا۔

سِدَم (sidám) [بُر۔صف] سادہ جس پر نقش ونگار نہ ہو۔

سَدَن نُکِرَت غُلامَر شَبَش (sadán nukírat ġuláamar ṣábaṣ) [بُر۔کہاوت] یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کام کوئی اور کرے مگر انعام یا نیک نامی کسی اور کو ملے۔

س ۔ ر

سَر (sar) [بُر۔اسم] دھاگہ (۲) ریشہ (۳) پھیلا ہوا پانی (۴) جھیل (۵) خرگوش۔

سِر (sir) [بُر۔اسم] معجزہ،کرامت، [ع۔اسم] راز، بھید۔

سُر (sur) [بُر۔اسم] کتر بیونت،نوچ کھسوٹ۔

سَر ایَتَس (sar étas) [بُر۔محاورہ] مکمل کرنا (۲) عبور کرنا۔

سَر ایلَس (sar élas) [بُر۔محاورہ] دھاگہ پرونا، سوئی کے ناکے سے دھاگہ نکالنا۔

سَر ایتَس (sar éetas) [بُر۔محاورہ] پانی بہانا، پانی بہا کر پھیلانا۔

سَر تَلیَن تلیَن موٓن یارَر

(sar talén talén mon yáarar) [بُر۔کہاوت] صرف ایک ہی چیز پر گزر بسر کرنا، تمام دارومدار صرف ایک چیز پر ہونا، واحد سہارا۔

سَر ٹَک اوتَس (sar ṭak óotas) [بُر۔محاورہ] نامزد کرنا، لڑکی کو کسی لڑکے کے لیے مخصوص کرتے ہوئے ہار یا انگوٹھی پہنانا۔

سَر ٹَک ایَتَس (sar ṭak étas) [بُر۔محاورہ] دھاگے کو باندھنا۔

سَر خَٹ نُماٗ مُک والَس

(sar çaṭ numá muk wáalas) [بُر۔مثل] کسی عزیز کی موت واقع ہونا (۲) کسی عزیز کی وفات کی وجہ سے تعلق ختم ہونا۔

سَر سِقاٗ (sar ṣiqá) [بُر۔اسم] گھاس کی ایک قسم۔

سَر سِقا فَیوٗ جُوَن

(sar ṣiqáa phayú juwán) [بُر۔تشبیہ] سَر سِقاٗ (sar ṣiqá) کے تنکے کی طرح، دبلا پتلا۔

-سَرک (-sárk) [بُر۔اسم] تھن، چوچی، دودھی، نیز دیکھیے۔ سَرکَس (-sárkas) جس کا یہ امر ہے۔

-سَرکَس (-sárkas) [بُر۔مص] وار کرنا، ضرب لگانا (۲) اجازت دینا (۳) آنے یا جانے دینا (۴) حیوان کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔

سَر گارڈَس (sar gáarċas) [بُر۔محاورہ] رشتہ ٹوٹ جانا (۲) بھیڑ بکریاں ختم ہونا۔

سَر گارڈِمیٔ میوٓن والِمیٔ

(sar gáarċimi mayón wáalimi) [بُر۔مثل] ہاتھ سے نکل جانا، ضائع ہونا۔

سَر گنَس (sar gánas) [بُر۔محاورہ] نشیبی زمین پر پانی جمع ہو کر پھیل جانا۔

سَرُلوٗ ایَتَس (sárulo étas) [بُر] دیکھیے سَرُلوٗ مَناس (sárulo manáas) جس کا یہ متعدی ہے۔

سَرُلوٗ مَناس (sárulo manáas) [بُر۔محاورہ] فرمانبردار بننا (۲) متحد ہونا، ہم خیال ہونا۔

سَر وَشِیَس (sar wáṡiyas) [بُر۔محاورہ] چہرے کے بالوں کو دھاگہ کے ذریعے صاف کرنا۔

سِراج (siráaj) [ع۔اسم] چراغ۔

سِراس (siráas) [بُر۔مص] کسی چیز کو کھانے کا شوق

ہونا (۲) انتقام کا جذبہ شدید ہونا (۳) دانتوں کا آمادہ ہونا۔

سَراسَر (saraasár) [ف۔صف] تمام، کل، اِس سرے سے اُس سرے تک۔

سُربَٹ (súrbaṭ) [بُر۔اسم] نوچ، نوچ کھسوٹ (۲) مار پیٹ۔

سُربَٹ ایَتَس (súrbaṭ étas) [بُر۔محاورہ] نوچنا، نوچ کھسوٹ کرنا (۲) بری طرح مارنا۔

سَربَر (sárbar) [ف۔صف] اختہ، خصی، خاص طور پر بیل جس کے خصے نکال دیے گئے ہوں۔

سَربَر ایَتَس (sárbar étas) [بُر۔محاورہ] خصی کرنا، بیل کے خصے نکالنا۔

سَربَراہ/سَربَرا (sarbaráa) [ف،بُر۔صف] منتظم، مہتمم۔

سَربَسَر (sarbasár) [ف۔متعلق فعل] سراسر، واضح، ایک سرے سے دوسرے سرے تک۔

سَربَسَر بیان ایَتَس
(sarbasár bayaán étas) [ف۔محاورہ] مفصل بیان کرنا، مکمل طور پر بیان کرنا۔

سُربُلاَ (sur bulá) [بُر۔اسم] ہونزا کے پہاڑوں میں رہنے والا ایک پرندہ جو چکور سے قدرے بڑا مگر رام چکور (بُلاَ(bulá)) سے چھوٹا ہوتا ہے۔

سُربُلاَمُڈْ (sur bulámuc) [بُر۔اسم] دیکھیے سُربُلاَ (sur bulá) جس کی یہ جمع ہے۔

سُرُپ (surúp) [بُر۔اسم] مزہ ولذت (۲) دم خم (۳) خوبی (۴) سدھار۔

سُرُپ ایَتَس (surúp étas) [بُر۔محاورہ] سدھارنا، درست کرنا (۲) مزہ ڈالنا، لذت پیدا کرنا۔

سَرپَرَست (sarparást) [ف۔صف] مربی، مددگار، نگران۔

سَرپَرَستی/سَرپَرَستیِ (sarparastí) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے سَرپَرَست (sarparást) جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔

سَرپَرَستی ایَتَس (sarparastí étas) [ف+بُر۔محاورہ] کسی کا مربی بننا، مددگار بننا، نگران ہونا۔

سَرٹِفکیٹ (sarṭifikéṭ) [انگ،بُر۔اسم] سند (۲) دلیل، ثبوت، تصدیق نامہ۔ certificate

سِرَٹرے اِوَلَس (sírate iwálas) [بُر۔محاورہ] کسی معجزے کا موافق آنا، کسی راز کی بات کا راس آنا۔

سِرَٹرے ایوَلَس (sírate eéwalas) [بُر۔محاورہ] کسی معجزے کا موافق نہ آنا، کسی راز کی بات کا راس نہ آنا۔

سَرجیَن (sarjén) [انگ۔اسم] جراح، آپریشن کرنے والا ڈاکٹر۔surgeon

سَرجینٹ (sarjénṭ) [انگ۔اسم] رنگروٹوں کو سکھانے والا، داروغہ۔ sergeant

سَرحَد (sarhád) [ف۔اسم] حدِ فاصل، کنارا، انتہا (۲) ایسا سرحدی علاقہ جہاں خنکی کی وجہ سے کچھ خاص قسم کی فصلیں اور پھل نہیں پک سکتے ہیں۔

سرحدی/سرحدیٔ (sarhadí) [ف،بُر۔اسم] منسوب بہ سرحد۔

سَردار (sardáar) [ف۔اسم] سرگروہ، سرغنہ، افسر۔

سَردارِشوٗ (sardáariśo) [بُر۔اسم] دیکھیے سَردار (sardáar) جس کی یہ بطرزِ بُروشسکی جمع ہے۔

سَرداری/سَرداریٔ (sardaarí) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے سَردار (sardáar) جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔

سَرزمِین (sarzamíin) [ف۔اسم] خطہ، ملک (۲) زمین کی سطح۔

سُرڇِن (sur çhin) [بُر۔اسم] چڑیوں کی ایک قسم جن کا رنگ بھورا ہوتا ہے، نر کی گردن پر سرخ بالوں کا حلقہ ہوتا ہے، یہ گندم کے خوشوں کو نوچتے ہیں اور خوبانی بھی کھاتے ہیں۔

سُرڇِیوٗ (sur çhíyo) [بُر۔اسم] دیکھیے سُرڇِن (sur çhin) جس کی یہ جمع ہے۔

سَرطان (sartáan) [ف۔اسم] کیکڑا، ایک برج کا نام جس میں بہت سے ستارے ملنے سے کیکڑے کی شکل بن جاتی ہے (۲) کینسر کی بیماری۔

سِرغِتِنَس (sirġítinas) [بُر۔مص] ناز نخرے کرنا (۲) عیش اڑانا۔

سُرغُن (súrġun) [بُر۔اسم] دُھند، کُہر۔

سُرغُن سوٗکَس (súrġun sókas) [بُر۔محاورہ] دھند چھا جانا، کہر کی وجہ سے اندھیرا چھا جانا۔

سَرغنہ/ سَرغناؔ (sarġaná) [اُر۔اسم] سرغنہ، کسی گروہ یا ٹولی کا سردار۔

سَرفِٹیک (sarfiṭék) [انگ۔اسم] دیکھیے سَرٹِفکیٹ (sarṭif ikéṭ) جس کا یہ بگاڑ ہے۔ certificate

سَرفکیٹ (sarfikéṭ) سرٹیفکیٹ کا بگاڑ۔

سَرَک (sarák) [بُر۔اسم] پتا، نشان، سراغ، علامت (۲) دَرَک (darák) کے ساتھ استعمال ہونے والا تابع مہمل۔

سَرَک مَناس (sarák manáas) [بُر۔محاورہ] اتا پتا ہونا، سراغ لگنا، علامت ظاہر ہونا۔

سَرکار (sarkáar) [ف۔اسم] حکومت، سلطنت۔

سَرکاری/ سَرکاریٔ (sarkaarí) [ف۔صف] دیکھیے سَرکار (sarkáar) جس سے یہ منسوب ہے۔

سَرکَس (sarkás) [انگ۔اسم] کھیل تماشا، جسمانی کرتب وغیرہ جس میں جنگلی جانوروں کے کھیل تماشے بھی دکھائے جاتے ہیں۔

سِرکُش (sírkuṣ) [بُر۔اسم] معجزہ، کرامت۔

سِرکُش مناس (sírkuṣ manáas) [بُر۔مص] معجزہ ہونا۔

سَرکَل (sarkál) [انگ۔اسم] دائرہ، کنڈل (۲) حلقہ (۳) احاطہ (۴) علاقہ۔ circle

سَرکُلَر (sarkulár) [انگ۔اسم] گشتی چِٹھی یا حکم۔ circular

سِرکہ/سِرکاؔ (sirká) [ف۔اسم] سرکہ، گنے یا انگور کا شیرہ جسے سڑا کر خمیر اُٹھا لیتے ہیں۔

سِرکہ بِشاؔیَس (sírká bišáyas) [بُر۔محاورہ] سرکہ بنانا، سرکہ تیار کرنا۔

سَرکےٓ (sarké) [بُر۔صف] واضح، عیاں، ظاہر، کھلا، آشکار۔

سَرکےٓ ایٔتَس (sarké étas) [بُر۔محاورہ] واضح کرنا، عیاں کرنا، ظاہر کرنا، کھلا کرنا، آشکار کرنا۔

سَرکےٓ مَناس (sarké manáas) [بُر] دیکھیے سَرکےٓ ایٔتَس (sarké étas) جس کا یہ لازم ہے۔

سِرکُیَک (sírkuyaṅ) [بُر] دیکھیے سِرکُش (sírkuṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

میٔنےٓ برےٓ ہیٔبان جیٔیےٓ مولا سِرکُیَک
نُورےٓ بِرکِشےٓ دینےٓ دانا سِرکُیَک

دیوانِ نصیری (بُروشسکی)، ص۲۵۶۔

ترجمہ: جان کے آقا کی (ظاہری اور باطنی) کرامات کو کوئی بیگانہ نہیں جانتا ہے۔ خزانۂ نور اور دانائے دین کے (گوناگون) معجزات ایسے ہیں کہ اُن تک کسی غیر کی رسائی ناممکن ہے۔

سَرکیٔمِک (sarkémiṅ) [بُر] دیکھیے سَرکےٓ (sarké) جس کی یہ جمع ہے۔

سِرگانےٓ (sirgáane) [بُر۔متعلقِ فعل] پستی، پست یا نیچی زمین (۲) نیچے سے۔

سَرگچی (sargačii) [بُر۔اسم] ایک پودا اور اس کا پھول جو ہونزا کے پہاڑوں میں ہوتا ہے۔

سَرگچی مِک/سَرگچِمِک (sargačiimiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَرگچی (sargačii) جس کی یہ جمع ہے۔

سَرگردان (sargardáan) [ف۔صف] حیران،

پریشان حال۔

سَرگردان مَناس (sargardáan manáas) [ف+بُر۔محاورہ] حیران ہونا، پریشان حال ہونا۔

سِرگن (sirgán) [بُر۔اسم] دیکھیے سِرگانے (sirgáane)۔

سِرگن دُوّس (sirgán duús) [بُر] ایک گالی جو کسی کو بے عزت کرنے کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے، نیز دیکھیے سِرگن دُوّسَس (sirgán duúsas) جس کا یہ امر ہے۔

سِرگن دُوّسَس (sirgán duúsas) [بُر۔محاورہ] مات کھانا، ہزیمت سے دوچار ہونا، عاجز آنا (۲) نیچے سے گزرنا۔

سِرَکْ (siráṅ) [بُر۔اسم] پہلا شکار۔

سِرَکْ بِشاٰیَس (siráṅ biśáyas) [بُر۔محاورہ] پہلی بار شکار کرنا۔

سُرُکْ (surúṅ) [ہ،بُر۔اسم] نقب، سوراخ (۲) زمین دوز راستہ (۳) وہ زمین دوز نلی جس میں بارود بھر کر دشمنوں کے قلعے وغیرہ کی دیوار اڑا دیتے ہیں (۴) مویشی خانہ۔

سُرُکْ ایتَس (surúṅ étas) [بُر۔محاورہ] سوراخ بنانا (۲) زمین دوز راستہ بنانا (۲) پتھر، سخت مٹی کا تودہ یا انتہائی سخت لکڑی کو توڑنے کے لیے بارود کے ذریعے دھماکہ کرنا۔

سِرَکْچِک (siráṅičiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سِرَکْ (siráṅ) جس کی یہ جمع ہے۔

سُرُکْچِک (surúṅičiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سُرُکْ (surúṅ) جس کی یہ جمع ہے۔

سِرُم (sirúm) [بُر] دیکھیے سِراس (siráas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

سَرمایہ/سَرمایاٰ (sarmaayá) [ف،بُر۔اسم] سرمایہ، پونجی، مایہ، اصل مول۔

سَرمُڈ (sarmúċ) [بُر۔اسم] چمڑے کا بڑا تھیلا جو غلہ وغیرہ اٹھانے کا کام آتا ہے (۲) سَرمُڈ (sarmúċ) میں بھرا ہوا غلہ۔

سَرمُڈِک (sarmúċiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَرمُڈ (sarmúċ) جس کی یہ جمع ہے۔

سَرمِک (sarmíṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَر (sar) نمبر ۳،۴ جس کی یہ جمع ہے۔

سَرمَلاٰ (sarmalá) [بُر۔اسم] دوپٹا، چادر (۲) سر پر دوپٹا ڈالنے کا ایک مخصوص انداز۔

سَرمَلاٰ وَشِیَس (sarmalá wáśiyas) [بُر۔محاورہ] سر پر ایک مخصوص انداز میں دوپٹا ڈالنا۔

سُرمَنَس (surmánas) [بُر۔مص] آغاز کرنا،

شروع کرنا (۲) چھیڑنا۔

سُرمَنُم (surmánum) [بُر] دیکھیے سُرمَنَس (surmánas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

سُرمَئس (surmáyṣ) [بُر۔اسم] مشک جسے پانی میں تیرتے وقت ڈوبنے سے بچنے کے لیے پیٹ کے نیچے رکھتے ہیں۔

سِرَن (síran) [بُر] دیکھیے سِر (sir) "ن" علامتِ وحدت اور تبعیض ہے۔

سِرَن مَناس (síran manáas) [بُر۔محاورہ] معجزہ ہونا، کرامت ہونا۔

سُرَنای (suranáy) [ف، بُر۔اسم] نفیری (۲) موسیقی کا ایک آلہ۔

سُرَنای چیِ (suranayčí) [بُر۔اسم] سُرَنای (suranáy) بجانے والا۔

سِرِنج (sirínč) [انگ۔اسم] پچکاری، خاص طور پر ٹیکہ لگانے کی پچکاری۔ syringe

سَروُ (saró) [بُر۔اسم] دیکھیے سَر (sar) معنی نمبر ۱، ۲، ۵ جس کی یہ جمع ہے۔

سَرو/سَروُ (sáro) [ف، بُر۔اسم] ایک مشہور درخت جو سیدھا اور مخروطی شکل کا ہوتا ہے۔

سَروِمِٹ (sáromiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَروُ (sáro) جس کی یہ جمع ہے۔

-سَرُوَس (-sáruwas) [بُر۔مص] پے در پے لانا یا لے جانا۔

سَروِس (sarwís) [انگ۔اسم] خدمت، کسی شخص یا ادارے کا کام انجام دینا۔ service

سَرَوسَرَو (saráw saráw) [بُر۔صوت] کسی باریک چیز کے ٹوٹنے کی آواز، کسی سخت مگر نازک چیز کو چبانے کی آواز۔

سَرُوم (sarúum) [بُر] دیکھیے سَرُووَس (sarúuwas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

سُروُموُ (suroómo) [بُر۔صف] آباد، خوشنما (۲) دیدہ زیب (۳) رونق۔

سَرُووَس (sarúuwas) [بُر۔مص] لانا، فراہم کرنا (۲) پے در پے لانا (۳) بڑی مقدار یا تعداد میں لانا۔

سُروئیِ (suróoyi) [بُر۔اسم] بُرشو گھر کے باہر کا دروازہ اور اندر کے دروازہ کا درمیانی احاطہ۔

سُروی (suróoy) [بُر۔اسم] دیکھیے سُروئیِ (suróoyi)۔

سَرُویَس (sarúuyas) [بُر۔مص] دیکھیے سَرُووَس (sarúuwas)۔

سَروینٹ (sarwéṇṭ) [انگ۔اسم] نوکر، خادم، ملازم۔ servant

سَروے (sarwée) [انگ۔اسم] جائزہ، پیمائش،

ناپ۔ servey

سَرْوے ایتَس (sarwée étas) [انگ+بُر۔محاورہ] جائزہ لینا، پیمائش کرنا، ناپنا۔

سَریٔ (sári) [بُر۔اسم] ایک قسم کی گھاس جس کی جڑیں زمین میں گہرائی تک جاتی ہیں اور فصل کی نشو ونما کو متاثر کرتی ہیں۔

سَریٔ او گِیَس (sári óogiyas) [بُر۔مص] سَریٔ (sári) اگانا۔

سَریٔ دُوئَسَس (sári dúysas) [بُر۔مص] سَریٔ (sári) نکالنا۔

سَرے/سَراَ بَلدَنْ (saré/sará baldáṅ) [بُر۔محاورہ] مسلسل بتائے جانے والے بوجھ، بار بار بتانے والا بوجھ۔

سَرے/سَراَ بَلدَنْ ایتَس (saré/sará baldáṅ étas) [بُر۔محاورہ] مسلسل بوجھلانا، بار بار بوجھلانا۔

سَرے ایکِمِنْ جُوَن (sáre ékimiṅ juwán) [بُر۔تشبیہ] خرگوش کے کلیجوں کی مانند (۲) الگ الگ چیزوں کا مجموعہ۔

سَرے چِل (sáre chil) [بُر۔اسم] جھیل کا پانی۔

سَرے دَنْ جُوَن (sáre daṅ juwán) [بُر۔تشبیہ] خوابِ خرگوش کی طرح۔

سَرے قُلیٔ (saréquli) [بُر۔اسم] سریقول سے منسوب، سریقول کا باشندہ۔

سَرے قُلیٔ ہُچو (saréquli húćo) [بُر۔اسم] موزوں کی ایک قسم جو سریقول سے لائے جاتے تھے۔

سَرے مُش (sáre muś) [بُر۔اسم] دھاگے کا سرا۔

سَرے ہَرپَن جُوَن (sáre harpán juwán) [بُر۔تشبیہ] خرگوش کی مینگنی کی طرح۔

سَرْیاَ (saryá) [اُر۔اسم] دھات کی سلاخ (۲) سرکنڈا۔

سَرْیاَ مُڅ (saryámuć) [بُر۔اسم] دیکھیے سَرْیاَ (saryá) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

سُرِیَس (súriyas) [بُر۔اسم] دیکھیے سُرِیَس دَس (súriyas das)۔

سُرِیَس دَس (súriyas das) [بُر۔اسم] ہونزا کریم آباد کا سب سے بڑا قبرستان۔

سُرِیَسُم ژُوٗ (súriyasum żuú) [بُر۔اسم] خوبانی کی ایک عمدہ قسم۔

سَرِیک (sariik) [بُر۔اسم] لکڑی کی چٹخنی، دروازے

کورو کنے کی چیز۔

سَرِیک ایَتَس (sariík étas) [بُر۔محاورہ] چٹخنی لگا کر دروازہ بند کرنا۔

سَرِیکُس (sariíkus) [بُر۔اسم] دیکھیے سَرِیک (sariík)۔

سَرِیکُس ایَتَس (sariíkus étas) [بُر۔مص] دیکھیے سَرِیک ایَتَس (sariík étas)۔

سَرِیکُس دیَلَس (sariíkus délas) [بُر۔مص] دیکھیے سَرِیکُس ایَتَس (sariíkus étas)۔

سَرِیکُس وَشِیَس (sariíkus wáśiyas) [بُر۔مص] دیکھیے سَرِیکُس ایَتَس (sariíkus étas)۔

سَرِیکُیَنڈ (sariíkuyanċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَرِیک (sariík) جس کی یہ جمع ہے۔

س ـ ز

سَزا (sazáa) [ف۔اسم] جزا، بدلہ، عوض (۲) تاوان، جرمانہ، قید (۳) موافق، مطابق۔

سَزا اِچھیَس (sazáa ichíyas) [ف+بُر۔محاورہ] سزا دینا، قید کرنا، جرمانہ کرانا۔

سَزا دیغُرکَس (sazáa déeġurkas) [ف+بُر۔محاورہ] سزا ملنا یا پانا۔

سَزا مَناس (sazáa manáas) [ف+بُر۔محاورہ] سزا مقرر ہونا۔

سَزاوار (sazaawáar) [ف۔صف] لائق، قابل، مستحق (۲) سزا کا مستحق۔

سَزا یَیَس (sazáa yáyas) [ف+بُر۔محاورہ] دیکھیے سَزا دیغُرکَس (sazáa déeġurkas)۔

سَزائے موت (sazáaye mawt) [ف+ع۔اسم] کسی جرم کے بدلے میں موت کے گھاٹ اتارنا، سولی پہ چڑھانا۔

س ـ س

-سَس (-sas) [بُر۔مص] بتانا، اطلاع دینا (۲) موت کی اطلاع دینا۔

سَس (sas) [بُر۔اسم] کسی ساز کی تاریں یا چمڑا وغیرہ کس کر بجنے کے قابل بنانا (۲) سزا، پاداش (۳) قلیل مقدار۔

سَس اِمَنَس (sas imánas) [بُر۔محاورہ] سزا پانا (۲) بجانے کے قابل ہونا (۳) سدھر جانا۔

سَس ایتَس (sas étas) [بُر۔محاورہ] کسی ساز کی تاریں یا چمڑا وغیرہ کَس کر بجنے کے قابل بنانا (۲) سُر ملانا (۳) سدھارنا۔

سَس مَناس (sas manáas) [بُر] دیکھیے سَس ایتَس (sas étas) جس کا یہ لازم ہے۔

سِس (sis) [بُر۔اسم] لوگ، انسان، خلقت۔

سِس بَندہ/سِس بَندا (sis bandá)

[ف+بُر۔محاورہ] لوگ، بہت سے انسان، خلقت۔

سِس بَندا نَسَن کرے اوۤمَنَس

(sis bandáa násan ke oómanas)

[بُر۔محاورہ] انسانیت سے عاری ہونا، انسانی صفات سے خالی ہونا (۲) کوئی بھی نظر نہ آنا، ایک شخص بھی حاضر نہ ہونا۔

سِس بندا نَس کرے اوۤمَنَس

(sis bandáa nas ke oómanas)

[بُر۔محاورہ] دیکھیے سِس بَندا نَسَن کرے اوۤمَنَس (sis bandáa násan ke oómanas)۔

سِس اَتیغُر کَس (sis atéeġurkas)

[بُر۔محاورہ] کوئی بھی انسان دستیاب نہ ہونا، آدمی کا فقدان ہونا۔

سِس ڈِرے اَتیغُر کَس (sis ċe atéeġurkas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سِس اَتیغُر کَس (sis atéeġurkas)۔

سُس (sus) [بُر۔صف] بےہوش، بےخبر (۲) بہت زیادہ ہنسی۔

سُس اِمَنَس (sus imánas) [بُر۔محاورہ] بےہوش ہونا، حواس باختہ ہونا (۲) ہنسی سے لوٹ پوٹ ہونا۔

سُس ایتَس (sus étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سُس اِمَنَس (sus imánas) جس کا یہ متعدی ہے۔

سُس بَٹ (sus baṭ) [بُر۔اسم] ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہونا (۲) تھکاوٹ (۳) دکھ، رنج، عذاب۔

سُس بَٹ اِمَنَس (sus baṭ imánas)

[بُر۔محاورہ] ہنسی میں لوٹ پوٹ ہونا (۲) خستہ و ماندہ ہونا (۳) دکھ پانا، رنج و عذاب میں مبتلا ہونا۔

سُس بَٹ ایتَس (sus baṭ étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سُس بَٹ اِمَنَس (sus baṭ imánas) جس کا یہ متعدی ہے۔

سُست (sust) [ف۔صف] کاہل، کام میں دیر لگانے والا، کمزور۔

سُست مَناس (sust manáas) [بُر۔محاورہ]

کاہل بننا۔

سَستا/سَستاؔ (sastá) [ف،بُر۔صف] کم قیمت،ارزان۔

سُستِشوٗ (sústiśo) [بُر۔اسم] دیکھیے سُست (sust) جس کی یہ جمع ہے۔

سُستی/سُستیۓ (sustí) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے سُست (sust) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سُستی ایٹَس (sustí étas) [ف+بُر۔محاورہ] کاہلی دکھانا،سستی کرنا۔

سِسٹم (sisṭám) [انگ۔اسم] قاعدہ،اصول،نظام۔ system

سَسَر مَناس (sásar manáas) [بُر۔محاورہ] پانی یا رطوبت کا سطح پر آ کر پھیل جانا۔

سَسَکٹ (sasáṅ) [بُر۔اسم] ایسی بلند دیوار جس کی پشت پر مٹی کا تودہ یا چٹان وغیرہ ہو،اسے سَسَن (sasán) بھی کہتے ہیں۔

-سُسُن (-súsun) [بُر۔محاورہ] کہنی،کلائی اور بازو کا جوڑ۔

سَسَن (sasán) [بُر] دیکھیے سَسَکٹ (sasáṅ)۔

سِسَن (sísan) [بُر] دیکھیے سِس (sis) 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

سِسِنَس (sisínas) [بُر۔مص] صاف ہونا،شفاف ہونا،پانی میں مٹی وغیرہ تہہ نشین ہو کر صاف و شفاف ہونا (۲) بادلوں سے آسمان صاف ہونا۔

سِسِنُم (sisínum) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سِسِنَس (sisínas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

سِسۓ کا ایٔمَنَس (síse káa eémanas) لوگوں سے تعلقات نہ رکھنے والا،گوشہ نشین (۲) لوگوں کے مزاج سے موافقت نہ ہونا۔

سِسۓ کا ہُرُٹَس (síse káa hurúṭas) [بُر۔محاورہ] لوگوں سے میل ملاپ رکھنا،تعلقات قائم کرنا۔

س۔غ

سَغَم (sagám) [بُر۔اسم] دریچہ،روزن،وہ روشن دان جو بُرُشوٗ گھر کی چھت کے وسط میں ہوتا ہے۔

سَغَم خاؔ وَلَس (sagám qha wálas) [بُر۔محاورہ] سَغَم (sagám) سے کسی چیز کا گرنا (۲) بغیر محنت کے کوئی چیز ملنا۔

سَغَمِچکٹ (sagámićiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَغَم (sagám) جس کی یہ جمع ہے۔

-سَغُن (-ságun) [بُر۔اسم] بھتیجا،بھتیجی (۲) بھانجا،بھانجی۔

سَغُوٗ (sağú) [دخی۔اسم] لکڑی کا ایک مٹکا نما ظرف جس میں لسی بناتے ہیں (۲) کنایۃً لمبا اور موٹا شخص۔

سَغُوٗمُڈ (sağúmuc) [بُر۔اسم] دیکھیے سَغُوٗ (sağú) جس کی یہ جمع ہے۔

سَغُوٗنُڈ (sağónc) [بُر۔اسم] دیکھیے سَغُوٗمُڈ (sağúmuc)۔

سُغَيِ (sugáy) [بُر۔صف] وہ شخص جو بائیں ہاتھ سے کام کرتا ہے، کھبا۔

سُغَيِ کُھوٗتوٗ (sugáy khúto) [بُر۔صف] دیکھیے سُغَيِ (sugáy)۔

س ۔ ف

سِفارَت خانه/سِفارَت خاناً (sifaarát qhaaná) [ع+ف۔اسم] کسی حکومت یا ملک کے سفیر کا دفتر جو کسی دوسرے ملک میں ہو۔

سفارش (sifaaríś) [ف۔اسم] کسی کے حق میں کلمۂ خیر (۲) وسیلہ، امداد۔

سفارش ایٔتَس (sifaaríś étas) [بُر۔محاورہ] وسیلہ بننا، امداد دینا، کسی کے حق میں کلمۂ خیر کہنا۔

سفارشی/سفارشیٔ (sifaariśí) [ف،بُر۔صف] وہ شخص جس کی سفارش کی جائے۔

سَفر (safár) [ع۔اسم] مسافرت، سیاحت (۲) کوچ، روانگی۔

سَفر ایٔتَس (safár étas) [بُر۔محاورہ] مسافرت اختیار کرنا، سیاحت کرنا (۲) مرجانا۔

سَفر خرچ (safár qharć) [اُر۔اسم] زادِراہ، سفر کا خرچ۔

سَفر دُوٗسَس (safár duúsas) [بُر۔محاورہ] سفر درپیش ہونا (۲) سفر پر روانہ ہونا۔

سَفر مُبارَک (safár mubaarák) [بُر۔دعا] آپ کا سفر مبارک ہو۔

سَفر نِیَس (safár níyas) [بُر۔محاورہ] سفر پر روانہ ہونا۔

سَفَرَٹے اِمَنَس (safárate imánas) [بُر۔محاورہ] سفر پر ہونا، گھر اور وطن سے باہر ہونا۔

سَفَرِکیٔ (safáriki) [بُر۔اسم] دیکھیے سفر خَرچ (safár qharć)۔

سُفره/سُفراً (sufrá) [ع،بُر۔اسم] دسترخوان، توشہ دان۔

سَفَری/سَفَریٔ (safarí) [ع،بُر۔صف] سفر سے منسوب و متعلق۔

سَفَرے پِھٹیٔ (safáre phíti) [بُر۔محاورہ] زادِ راہ، وہ پِھٹیٔ (phíti) جو برُشو اپنے ساتھ

سفر پر لے جاتے تھے۔

سفرے پھٹئ گیَر اوڈُوَبا
(safáre phíṭi guyár óoćuwabaa)
[بُر۔کہاوت] لفظی ترجمہ: میں نے تیرے لیے زادِ سفر پہلے ہی روانہ کیا ہے، یعنی میں نے لوگوں کے ساتھ بھلائی کی ہے اس کا بدلہ تجھے ملے گا۔

سَفَرے دَو (safáre daw) [بر۔اسم] چھوٹا توا جو سفر پر لے جاتے تھے۔

سفیر (safíir) [ع۔اسم] ایلچی، قاصد۔

س۔ق

سِق (siq) [بُر۔اسم] رقیق چیزوں کا ایک ناپ جو دو قطروں کے برابر ہوتا ہے (۲) سیخ کا بگاڑ (۳) (محاورۃً) پریشان کرنا یا ہونا۔

سِق اوتَس (siq óotas) [بُر] پریشان کرنا، تنگ کرنا۔

سِق ڈے کرے یُو (siq će ke yuú)
[بُر۔محاورہ] آنسوں کے ایک قطرے کے برابر، سِق (siq) کی نصف (۲) کسی قلیل چیز کو تقسیم در تقسیم کرنا۔

سِق ڈے کرے یُو ایتَس (siq će ke yuú étas) [بُر۔محاورہ] کسی قلیل چیز کو مزید تقسیم کرنا، کم چیز کو اور بھی کم کرنا (۲) نہایت کفایت شعاری کرنا۔

-سْقاٗ (-sqa) [بُر۔حرف] چت، پشت کے بل۔

سِقا (siqáa) [بُر۔صف] کھلا، کشادہ، وا۔

سِقا ایتَس (siqáa étas) [بُر۔محاورہ] کھولنا، کشادہ کرنا۔

سِقا مَناس (siqáa manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سِقا ایتَس (siqáa étas) جس کا یہ لازم ہے۔

سِقُڈ (síquć) [بُر۔اسم] دیکھیے سِقَنْڈ (siqánć)۔

سُقراط (suqráat) [ع۔اسم] ایک یونانی فلسفی جو افلاطون کے استاد تھے۔

سِقَنْڈ (siqánć) [بُر۔اسم] دیکھیے سِق (siq) معنی نمبر۲ جس کی یہ جمع ہے۔

سَقَو (saqáw) [بُر۔اسم] گھوڑے کی ایک بیماری جس میں اس کی ناک سے پانی آتا ہے، گھوڑے کا زکام۔

س۔ک

-سْک (-sk) [بُر۔اسم] بچہ، کسی حیوان کا بچہ (۲) مجازاً منافع، سود (اس معنی کے لیے صرف اِسک

(isik) ہی استعمال ہوتا ہے)۔

سِک (sik) [ہ۔اسم] سکھ کا بگاڑ۔

سِکَاَوٹ (sikáwṭ) [انگ،بُر۔اسم] ایک عالم گیر جماعت جس کا مقصد لوگوں میں خدمتِ خلق کا جذبہ پیدا کرنا ہے۔ scout

سَکَاَيِ (sákaẏ) [بر۔اسم] آلو ذخیرہ کرنے کے لیے گھر میں زمین کے اوپر بنائی جانے والی ایک مخصوص جگہ۔

سَکَاَيِ شوَ (sákaẏiŝo) [بر۔اسم] دیکھیے سکاَيِ (sákaẏ) جس کی یہ جمع ہے۔

سَکَاَيو (sákaẏo) [بر۔اسم] دیکھیے سکاَيِ (sákaẏ) جس کی جمع کی یہ بھی ایک صورت ہے۔

سِکالَر (sikaalár) [انگ۔اسم] عالم، فاضل، دانشمند۔ scholar

سِکالَرشِپ (sikaalarŝip) [انگ۔اسم] وظیفہ جو کسی طالب علم کو اس کی غیر معمولی ذہانت کی بنیاد پر دیا جاتا ہے۔ scholarship

سِکالَرشوَ (sikaaláriŝo) [بُر۔اسم] دیکھیے سِکالَر (sikaalár) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

سَکتَر (sakatár) [بُر۔اسم] دبیر، معتمد، منشی، secretary کا بگاڑ۔

۔سُکِر (-skir) [بُر۔اسم] سسر (۲) [بر۔امر] رنگو، رنگ کرو۔

سَکَرات (sakaráat) [بُر۔اسم] آغاز، اہتمام، آمادگی، [ع۔اسم] جان کنی کی تکلیف، نزع کی حالت۔

سَکَرات ایَتَس (sakaráat étas) [بُر۔محاورہ] اہتمام کرنا، آمادہ ہونا، آغاز کرنا، انتظام کرنا۔

سَکَرات ایتَس (sakaráat éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَکَرات ایَتَس (sakaráat étas) جس کا یہ متعدی ہے۔

سَکَراتِںگ (sakaráatiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَکَرات (sakaráat) جس کی یہ جمع ہے۔

سُکُرایوَ (sukuráaẏo) [بُر۔اسم] وقار، شان (۲) زیبندہ، زیب دینے والا، سجنے والا۔

سُکُرایوَ بَساس (sukuráaẏo basáas) [بُر۔محاورہ] زیب دینا، زیبندہ بننا، باوقار ہونا۔

سُکُرایوَ مَناس (sukuráaẏo manáas) [بُر۔محاورہ] زیب دینا، زیبندہ بننا۔

سِکَرین (sikiríin) [انگ۔اسم] پردہ، پٹی، آڑ، اوٹ۔ screen

سُکُچوَ (sukúco) [بُر۔اسم] قحط، نایابی، کمی۔

سُکُچیِ (sukúći) [بُر۔اسم] دیکھیے سُکُچو (sukúćo)۔

سُکُچیِ بَلاس (sukúći baláas) [بُر۔محاورہ] قحط پڑنا، نایاب ہونا، کمی واقع ہونا۔

۔سُکُس (-skus) [بُر۔اسم] سانس۔

۔سُکل (-skil) [بُر۔اسم] شکل، صورت۔

سِکِم (sikím) [بُر۔اسم] ریشم۔

سِکِم جُوَن شِغِشُم (sikím juwán ṣigíṣum) [بُر۔تشبیہ] ریشم کی طرح ملائم۔

سِکِم کےِ اِستَرَک (sikím ke istarák) [بُر۔اسم] ریشمی بستر، ریشمی فرش۔

سِکِم مَناس (sikím manáas) [بُر۔محاورہ] نرم ہونا، ملائم ہونا۔

سِکِمےِ اَٹ (sikímé aṭ) [بُر۔اسم] ریشم کا مُٹھا۔

سُکُوسَکاؑ (sukusaká) [بُر۔متعلق فعل] غیر متوقع طور پر، ناگہانی، اتفاقی۔

سِکُول (sikúul) [انگ،بُر۔اسم] مدرسہ، مکتب، درس گاہ، اسکول کا مخفف۔ school

سِکُولِک (sikúuliṅ) [انگ،بُر۔اسم] دیکھیے سِکُول (sikúul) جس کی یہ بطرزِ بروشسکی جمع ہے۔

سُکون (sukúun) [ع۔اسم] ٹھہراؤ، قرار (۲) امن، خاموش۔

سُکونَت (sukuunát) [اُر۔اسم] بودوباش، مستقل قیام، مسکن۔

سُکُوئن (sukúyn) [بُر۔اسم] ہم قبیلہ، خاندان کی شاخ کا کوئی فرد۔

سُکُوئن شَکْ ایمَنِس خا ہَمَل شکْ اِمائمیِ (sukúyn śaṅ eémaniṣ qhaa hamál śaṅ imáymi) [بُر۔کہاوت] ہم قبیلہ سے پہلے ہمسایہ آگاہ ہوگا، دکھ درد میں رشتہ دار سے ہمسایہ زیادہ شریک ہوتا ہے۔

سُکُوئن گٹ گوئن (sukúyn gaṭ guyn) [بُر۔کہاوت] قبیلہ والے زیادہ حسد کرتے ہیں۔

سِکّہ/سِکّاؑ (sikká) [ع،بُر۔اسم] ٹھپا، ضرب، چھاپ، ڈھلا ہوا (۲) سرکاری منقش زر جو ملک میں چلے۔

۔سُکیِ (-ski) [بُر۔متعلق فعل] یاد، حفظ، اَزبر۔

۔سُکیِ ژُوَس (-ski żúwas) [بُر] یاد آنا۔

سِکینٹ (sikénṭ) [انگ،بُر۔اسم] ثانیہ، لمحہ۔ second

سکیل (sikéel) [انگ۔اسم] ترازو (۲) پیمانہ۔ scale

سِکیم (sikíim) [انگ۔اسم] تجویز،منصوبہ،مصلحت، تدبیر۔ scheme

سُکُیوٗ (sukúyo) [بُر۔اسم] دیکھیے سُکوٗئن (sukúyn) جس کی یہ جمع ہے۔

س۔گ

سِگار (sigáar) [انگ۔اسم] بڑا سگریٹ جو تمبا کو کا پتا لپیٹ کر بنایا جاتا ہے۔ cigar

سِگریٹ (sigréeṭ) [انگ۔اسم] کاغذ میں لپٹی ہوئی تمباکو کی پتی سی چرٹ۔ cigarette

سِگنیل (signél) [انگ۔اسم] اشارہ (۲) وہ نشان جو ریل،طوفان وغیرہ کے آنے کی اطلاع دیتا ہے۔ signal

سُگوٗیوٗ (sugúuyo) [بُر۔اسم] زرخیز،بارآور۔

سُگوٗیوٗ ایتَس (sugúuyo étas) [بُر۔محاورہ] زمین کو زرخیز بنانا (۲) آباد کرنا،مالا مال کرنا۔

سُگوٗیوٗ مَناس (sugúuyo manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سُگوٗیوٗ ایتَس (sugúuyo étas) جس کا یہ لازم ہے۔

س۔ںگ

سَںگ (saṅ) [بُر۔اسم] روشن،اجالا،نور۔

سِںگ اِڈِیٹے ہَل تَم جُوَن (siṅ iċiyaṭe hal tam juwán) [بُر۔کہاوت] کاسہ لیسی کرنا،خوشامدی کرنا۔

سَںگ ایتَس (saṅ étas) [بُر۔محاورہ] روشن کرنا، چراغ جلانا،منور کرنا۔

سَںگ ایتَس (saṅ éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَںگ ایتَس (saṅ étas) جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

سَںگ مَناس (saṅ manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَںگ ایتَس (saṅ étas) جس کا یہ لازم ہے۔

سَںگ شِکَرک (saṅ ṣikárk) [بُر۔صفت] تیز زرد،پیلا۔

سَںگ کُش (sáṅkuṣ) [بُر۔اسم] روشنی، اجالا پن۔

سَںگ کِرے ڈُٹَںگرے ڈِر (saṅ ke ḍuṭáṅe ḍir) [بُر۔اسم] ایک خیالی حد جس کا ذکر بُروشسکی لوک کہانیوں میں آتا ہے۔

سَںگکُیَںگ (sáṅkuyaṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَںگ کُش (saṅ kuṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

سَںگلابیِ (saṅglaabí) [بُر۔اسم] فارسی لفظ

سگِ آبی کا بگاڑ، ایک آبی جانور جس کی شکل کتے کی سی ہوتی ہے۔

سَکگلابیِ مُڈ (sańglaabímuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَکگلابیِ (sańglaabí) جس کی یہ جمع ہے۔

سِکگرےِ (siṅgé) [بُر۔اسم] شیر (۲) (مجازاً) بہادر، دلیر، پہلوان۔

سِکگرےِ تِک (siṅgétiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سِکگرےِ (siṅgé) معنی نمبر۲ جس کی یہ جمع ہے۔

سِکگرےِ تَلیِنَس (siṅgé talénas) [بُر۔محاورہ] شیر بن جانا، دلیری کا مظاہرہ کرنا۔

سِکگرےِ مُڈ (siṅgémuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سِکگرےِ (siṅgé) معنی نمبر۱ جس کی یہ جمع ہے۔

شیر مَلَق ایرُم جوان! پالوَیو گم پالوان!
سِکگرےِ مُڈ اُخِسُم دَمان! بیَس بُرُٹو موَ بیرےِ چَپ

دیوان نصیری (بُروشسکی) ص، ۹۸۔

ترجمہ: (اے شاہِ مردان!) تو وہ جوان ہے جس نے شیر کو شکست دی (اور) وہ (بہادر) پہلوان ہے جس نے (بڑے) پہلوانوں کو ہرایا۔(اے) شیروں کو بھی ہلاک کرنے والے مالک! تو کیوں خاموش ہے اب یہ وقت (ان حقائق کو) چھپانے کا نہیں۔

سِکگرے مِنَس اَییتُم ہَلےِ مِنَس میِنےِ ایچان (siṅgée minás ayétum hále minás méne eċáan) [بُر۔کہاوت] شیر کا قصہ چھوڑ کر لومڑی کا قصہ کون سناتا ہے یعنی اہم کام چھوڑ کر غیر اہم کام کے پیچھے کون جاتا ہے۔

سِکرےِ مِنَس اَییتُم ہَلےِ مِنَس ایچاناؔ (síṅe minás ayétum hále minás ecáana) [بُر۔کہاوت] دیکھیے سِکگرےِ مِنَس اَییتُم ہَلےِ مِنَس میِنےِ ایچان (siṅgée minás ayétum hále minás méne eċáan)۔

سِکگرے ہاؔ ہَلےِ گَنُم جُوَن (siṅgée ha hále gánum juwán) [بُر۔کہاوت] نااہل کا کسی اہل کی جگہ پر قابض ہونا۔

س۔ل

سَل (sal) [بُر۔اسم] مصالحہ وغیرہ پیسنے کا پتھر (۲) پتھر یا برف کا لمبا چوڑا ٹکڑا (۳) چکی کے اوپر کا پاٹ۔

سَل دَن (sal dan) [بُر۔اسم] دیکھیے سَل (sal) (۲) وہ پتھر جو سَل بنانے کا کام آئے۔

سَل گیوس یارےِ گِیَس (sal guyóos yáare gíyas)

[بُر۔محاورہ] جی چرانا (۲) کام چور بننا (۳) ڈرکر چھپ جانا۔

سِلائس (siláys) [انگ۔اسم] روٹی، کیک یا گوشت کا تراشا ہوا ٹکڑا۔ slice

سَلات (saláat) [انگ،بُر۔اسم] دیکھیے سَلاد (saláad)۔

سَلاد (saláad) [انگ۔اسم] کچے ساگ اور ترکاریوں کا کچرایا کچالو جو کھانے کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔ salad

سَلام (saláam) [ع۔اسم] سلامتی (۲) تسلیم (۳) آداب (۴) نماز کے آخر میں دائیں بائیں جانب منھ پھیرنا۔

سَلام ایَتَس (saláam étas) [ع+بُر۔محاورہ] سلام کرنا (۲) آداب بجالانا۔

سَلام دُمَرَس (saláam dúmaras) [ع+بُر۔محاورہ] سلام کا جواب دینا۔

سَلام علیکم (saláam aléykum) [ع۔کلمۂ دعا] تم پر سلامتی ہو، مسلمان جب آپس میں ملتے ہیں تو ایک دوسرے کو یہ کلمہ کہہ کر دعا دیتے ہیں۔

سَلامَت (salaamát) [ع۔صف] محفوظ، ہر بلا سے بچا ہوا (۲) صحیح، تندرست، پورا (۳) زندہ۔

سَلامَتی/سَلامَتیِ (salaamatí) [ع،بُر۔اسم] خیریت، عافیت (۲) حفاظت، بچاؤ (۳) صحت، تندرستی (۴) زندگی۔

سَلامی/سَلامیِ (salaamí) [ع۔اسم] تسلیم (۲) سپاہ کا ہتھیار اٹھا کر تعظیم دینا (۳) بندوق وغیرہ داغنا (۴) نذرانہ پیش کرنا (۵) وہ رقم جو بوقت رخصتی دیتے ہیں (۵) ترچھا پن۔

سَلامی ایَتَس (salaamí étas) [ع+بُر۔محاورہ] بادشاہ یا حاکم کی آمد پر بندوق اور توپیں سر کرنا۔

سَلامی گَنَس (salaamí gánas) [ع+بُر۔محاورہ] سلامی لینا۔

سَلآٹ (salaáṭ) [بُر۔اسم] لپیٹ، پوشش، کوئی چادر وغیرہ گرداگرد لپیٹنا۔

سَلآٹ ایَتَس (salaáṭ étas) [بُر۔محاورہ] لپیٹنا، سمیٹنا۔

سِلِپَر (silipar) [انگ۔اسم] دیکھیے سِلیپیَر (siliipér)۔ slipper

سَلَت (salát) [بُر۔اسم] مونچھ، ہونٹوں کے اوپر کے بال (یہ شاید فارسی لفظ سبلت کا مخفف ہے)۔

سَلَت دیپِرڈَس (salát déepirċas) [بُر۔محاورہ] بطور سزا کسی کی مونچھ اکھیڑنا یا نوچنا۔

سَلَت کِش (salátkiṣ) [بُر۔صف] مونچھ والا۔

سَلَت مَراَق ایتَس

(salát maraáq étas) [بُر۔محاورہ] مونچھوں پر تاؤ دینا (۲) دبدبہ دکھانا۔

- سُلجَم (-suljam) [بُر] دیکھیے -سُلجَیَس (-suljayas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

سُلجَم (suljám) [بُر] دیکھیے سُلجَیَس (suljáyas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

- سُلجَیَس (-suljayas) [بُر۔مص] مالا مال کرنا، گنجائش سے زیادہ بھر دینا۔

سُلجَیَس (suljáyas) [بُر۔مص] نشوونما پانا، طاقتور ہونا، قوی ہونا، بڑھنا۔

سَلچ (salç) [بُر۔اسم] وہ لمبی باریک لکڑی جو بَل اور بَرپِٹ (barpíṭ) کو آپس میں جوڑتی ہے۔

- سِلدِر (-síldir) [بُر۔اسم] بہو کا باپ (۲) داماد کا باپ (واضح رہے کہ یہ لفظ بہو کے باپ اور داماد کے باپ دونوں کے لیے مستعمل ہے)۔

- سِلدِکْ (-síldiṅ) [بُر۔اسم] بہو کے باپ کا خاندان اور داماد کے باپ کا خاندان (بحالتِ جمع)۔

سِلَژِن (silažín) [بُر۔اسم] قبیلہ کی خاتون، بہن (عام معنی میں) کوئی بھی خاتون۔

سِلَژِن بَبَر بوٚ (silažín babár bo)

[بُر۔کہاوت] مطلب یہ ہے کہ عورت کی نظر میں سب برابر ہیں یعنی عورت جانب داری نہیں کرتی (۲) عورت کا لحاظ رکھنا سب پر لازم ہے (۳) عورت کی عزت کا خیال رکھنا سب پر لازم ہے۔

سِلَژِن ساجوٚ بوٚ (silažín sáajo bo)

[بُر۔کہاوت] مطلب یہ ہے کہ عورت ثالث کی حیثیت رکھتی ہے یعنی اس کی نظر میں سب برابر ہیں۔

سِلَژِن موٚ نَکْ سیٔنان

(silažín mo naṅ senáan)

[بُر۔کہاوت] عورت کی عزت کی حفاظت ہر چیز پر مقدم ہے۔

سِلَژِیوٚ (silažíyo) [بُر۔اسم] دیکھیے سِلَژِن (silažín) جس کی یہ جمع ہے۔

سِلسِلہ/سِلسِلاً (silsilá) [ع۔اسم] زنجیر، بیڑی (۲) قطار، لڑی (۳) خاندان (۴) ترتیب (۵) چاندی کا ایک زیور جو پیشانی پر سجایا جاتا ہے۔

سُلطان (sultáan) [ع۔اسم] بادشاہ، فرمان روا، حاکم۔

- سِلگَس (-sílgus) [بُر۔اسم] بہو کی ماں (۲) داماد کی ماں (۳) -سِلدِر (-síldir) کی تانیث۔

- سَلگِنَس (-sálginas) [بُر۔محاورہ] نامزد کرنا، اپنے نام پر مخصوص کرنا (۲) لڑکی کو منگنی کے ذریعے

کسی کے لیے مخصوص کرنا۔

سِلِکٹ دیَلَس (silíṅ délas) [انگ+بُر۔محاورہ] کمرے وغیرہ کی اندرونی چھت لگانا، چھت کی اندرونی سطح لگانا۔

سِلُم (silúm) [بُر۔اسم] سلیم کا بگاڑ (۲) ہونزا کے ایک حکمران کا نام۔

سُلَم (sulám) [بُر۔اسم] بالی کی سوئیاں جو گیہوں اور جو کے خوشوں کے اردگرد ہوتی ہیں (۲) گھوڑا وغیرہ کی دُم اور ایال کے بال (۳) سلما کا مخفف۔

سَلَم بیَکےِ دُروٗ ایَچِی جُوَر بیَک دُپھوٗغُرچِی (salám béke duró éċi juwár bek duphóġurċi) [بُر۔مثل] کام کوئی اور کرے سہرا کسی اور کے سر ہو۔

سُلَم دُوٗسَس (sulám duúsas) [بُر۔محاورہ] گندم اور جو کے خوشوں سے سوئیاں نمودار ہونا۔

سُلَما/سُلَمان (sulamáa/sulamáan) [بُر۔اسم] کشتی، زور آزمائی۔

سُلَما دُوٗنَس (sulamáa duúnas) [بُر۔محاورہ] کشتی لڑنا، زور آزمائی کرنا۔

سُلَمےِ گشُک (suláme gaśk) [بُر۔اسم] وہ رسی جو گھوڑا وغیرہ کی دم اور ایال کے بالوں سے بنی ہو۔

سَلَنڈ (salánċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَل (sal) جس کی یہ جمع ہے۔

سَلوٗ (saló) [بُر۔اسم] دیکھیے سَل (sal) جس کی جمع کی یہ بھی ایک صورت ہے۔

سُلُوٹ (sulúuṭ) [انگ۔اسم] سلام، آداب (۲) فوجی سلام۔ salute

سِلور (sílwar) [انگ۔اسم] چاندی، روپا۔ silver

سِلِیپیَر (siliipér) [انگ،بُر۔اسم] بغیر ایڑی کا جوتا۔ slipper

سِلِیپیَرِشوٗ (siliipériśo) [بُر۔اسم] دیکھیے سِلِیپیَر (siliipér) جس کی جمع کی یہ بھی ایک صورت ہے۔

سِلِیپیَرِنڈ (siliipérinċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سِلِیپیَر (siliipér) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

سِلیٹ (siléeṭ) [انگ۔اسم] پتھر یا لوہے کی تختی جس پر چونے یا پتھر کے قلم سے لکھتے ہیں۔ slate

سِلیٹیِ (sileeṭí) [انگ۔اسم] سلیٹ کے رنگ کا، سرمئی رنگ کا (۲) پتھر کا وہ قلم جس سے سلیٹ پر لکھا جاتا ہے۔

سَلِیس (saliis) [ع۔صف] آسان، روان، عام فہم۔

سِلیئمان (sileymáan) [ع،بُر۔اسم] دیکھیے

سُلیمان (*sulaymáan*)۔

سُلیمان (*sulaymáan*) [ع۔اسم] حضرتِ داؤد کے بیٹے اور بنی اسرائیل کے مشہور پیغمبر و بادشاہ۔

سَلینْسَر (*salensár*) [انگ۔اسم] آواز روک، شور روک۔ silencer

سلیپِنگ بیگ (*sliípiṅ béeg*) [انگ۔اسم] سفر یا مہم کے دوران استعمال کے لیے شب خوابی کے گدّے کا تھیلا۔ sleeping baig

س ۔ م

سَم (*sam*) [بُر۔اسم] سَغَم (*saġám*) کا مخفف، روزن، دریچہ جو بُروشو گھر کی چھت کے وسط میں ہوتا ہے (۲) حلق کا ابتدائی حصہ جو منہ میں کھلتا ہے۔

سَم ڈُم اَروا جُوَن (*sam ċum ʼarwáa juwán*) [بُر۔تشبیہ] قدیم ہونزا میں یہ عقیدہ تھا کہ گزرے ہوئے افراد خاص طور پر فوت شدہ ماں باپ وغیرہ کی ارواح شام کے وقت سَغَم (*saġám*) پر آتی ہیں اور گھر میں موجود زندہ افراد کے اچھے کاموں سے وہ خوش ہوتی ہیں اور برے کاموں سے ناراض ہوتی ہیں، اس مناسبت سے عمر رسیدہ افراد کو ان ارواح کی مانند یا مشابہ بنایا جاتا ہے۔

سَم سَنگ (*sam saṅ*) [بُر۔صف] منور، تابان، مکمل طور پر روشن۔

سَم سَنگ مَناس (*sam saṅ manáas*) [بُر۔محاورہ] مکمل طور پر روشن ہونا، منور ہونا، تابان ہونا۔

سِم (*sim*) [بُر۔اسم] سیم کا مخفف، چاندی یا لوہے کا تار۔

سُم (*sum*) [بُر۔اسم] مادہ حیوان (۲) پودے کی روئیدگی کی نوک۔

سُم دُوَسَس (*sum duúsas*) [بُر۔محاورہ] روئیدگی کے وقت پودے کی نوک نکلنا، پودے کی سوئی نمودار ہونا۔

سُم دُوَسُم (*sum duúsum*) [بُر] دیکھیے سُم دُوَسَس (*sum duúsas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

سُم سینُمَر سُمَن پھِٹِک گرگن سینُمَر گرگلی پھِٹِک (*sum sénumar sumán phiṭík gúrgan sénumar gurgalí phiṭík*) [بُر۔مثل] خوی بدرا بہانہ بسیار۔

سَما (*samáa*) [بُر۔اسم] پروگرام (۲) تیاری، ترتیب۔

سَماوار (*samaawáar*) [ف۔اسم] پانی گرم

کرنے کا دہرا برتن جو پیتل یا تانبے کا ہوتا ہے۔

سَماوارِشوٗ (samaawáarišo) [ف+بُر۔اسم] دیکھیے سَماوار (samaawáar) جس کی یہ بطرزِ بُروشسکی جمع ہے۔

سَمباؔ (sambá) [بُر۔اسم] سوچ، فکر، خیال (۲) رنج، غم (۳) غور، دھیان، توجہ۔

سَمباؔ ایتَس (sambá étas) [بُر۔محاورہ] سوچنا، غور و فکر کرنا، سوچ بچار کرنا۔

سَمباؔ کِش (sambákiṣ) [بُر۔اسم] سمجھدار، عقلمند، ہوشیار (۲) غور کرنے والا، سوچنے والا۔

سَمباؔ کِینڈ (sambákiyanċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَمباؔ کِش (sambákiṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

سَمباؔ مِک (sambámiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَمباؔ (sambá) جس کی یہ جمع ہے۔

سُمباؔ (sumbá) [بر۔اسم] سنگ تراشی میں استعمال ہونے والا لوہے کا آلہ۔

سَمبار وَلَس (sambáar wálas) [بُر۔محاورہ] سوچ میں پڑنا، غور کر لینا۔

سُمبایئ (sumbaayí) [بُر۔اسم] سنگ تراشی کی ایک قسم جس کے لیے سُمباؔ (sumbá) (سنگ تراشی کا ایک آلہ) استعمال ہوتا ہے (۲) باریک سنگ تراشی۔

سُمبایئ ایتَس (sumbaayí étas) [بُر۔محاورہ] سُمباؔ (sumbá) سے سنگ تراشی کرنا، نیز دیکھیے سُمبایئ (sumbaayí)۔

سَمباآل (sambaál) [بُر۔اسم] سنبھال کا بگاڑ، تھامنا، مدد کرنا، تیمارداری کرنا (۲) حفاظت سے رکھنا (۳) پرورش کرنا (۴) ذمہ داری اٹھانا۔

سَمباآل ایتَس (sambaál étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَمباآل (sambaál)۔

سَمبَر (sambár) [بُر۔اسم] ایک پھول کا نام۔

سَمبَرِک (sambáriṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَمبَر (sambár) جس کی یہ جمع ہے۔

سَمبَرے نَس پَھش میئمی شُواؔ بَرے نَس پَھش اوٗمائمی (sambáre nas phaṣ meéymi šuwá báre nas phaṣ oómaymi) [بُر۔کہاوت] مطلب یہ کہ پھول کی خوشبو جاتی ہے مگر اچھی بات کا اثر باقی رہتا ہے۔

سَمبُک (sambúṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَمباؔ (sambá) جس کی یہ جمع ہے۔

سَمبُل (sambúl) [عف۔اسم] سُنبل کا بگاڑ، ایک خوشبودار پودا یا گھاس جس کے ریشے زلفوں کی

طرح ہوتے ہیں، بالچھڑ، جٹاماسی۔

سَمبُلاً (sambulá) [بُر۔اسم] عربی لفظ سُنبلہ کا بگاڑ، خوشہ، گیہوں یا جو کی بالی (۲) آسمان کا چھٹا برج۔

سَمبُلِنْ (sambúlin) [عف،بُر۔اسم] دیکھیے سَمبُل (sambúl) جس کی یہ جمع ہے۔

سِمِٹ (simít) [انگ۔اسم] سیمنٹ کا مخفف، پیا ہوا پتھر جس سے اینٹوں اور پتھروں کو جوڑتے ہیں۔ cement

سُمُدُر (sumúdur) [بُر۔صف] شریف، بھلا مانس۔

سَمدَل (samdál) [وخی۔اسم] پاپوش جو چمڑے سے بنی ہوئی ہوتی ہے جسے بروشسکی میں ہُچو (húco) کہا جاتا ہے۔

سَمدَلِشو (samdáliso) [بُر] دیکھیے سَمدَل (samdál) جس کی یہ جمع ہے۔

سَمدَن (samdán) [ف،بُر۔اسم] فارسی لفظ سندان کا بگاڑ، اَہرَن جس پر لوہا یا دھات کی چیزیں کوٹتے ہیں (۲) لوہے کا بڑا ہتھوڑا جس سے پتھر توڑتے ہیں، مارتول۔

سَمدَیو (samdáyo) [بُر۔اسم] دیکھیے سَمدَن (samdán) جس کی یہ جمع ہے۔

سَمَرِش (samáriṣ) [بُر۔اسم] بروشو گھر کے سَغَم (sağám) کی چاروں طرف کی لکڑیوں میں سے کوئی ایک لکڑی۔

سِمُرغ (simúrğ) [ف۔اسم] فارسی لفظ سیمرغ کا مخفف، ایک خیالی پرندہ۔

سَمَرَنْ (samáraṅ) [بُر] دیکھیے سَمَرِش (samáriṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

سَمِسٹیر (samisṭér) [انگ،بُر۔اسم] نصف تعلیمی سال، میقات۔ semester

سُمَگل (sumágal) [انگ،بُر۔اسم] ناجائز درآمد و برآمد، چنگی یا محصول ادا کیے بغیر مال لے جانا یا لانا۔ smuggle

سُمَگلر (sumágalar) [انگ،بُر۔اسم] ناجائز درآمد و برآمد کرنے والا۔ smuggler

-سُمَل (-súmal) [بُر۔اسم] دُم، پچھلا حصہ (۲) کھلیان کی وہ سمت جہاں ہوا بھوسہ وغیرہ لے جاتی ہے۔

-سُمَل ڈے خُرڈ دِوسَس (-súmal ce qhúrc díwsas) [بُر۔محاورہ] دُم دبا کر بھاگنا۔

-سُمَلِشو (-súmaliso) [بُر۔اسم] دیکھیے -سُمَل (-súmal) جس کی یہ جمع ہے۔

سُمَلِک (sumalik) [بُر۔اسم] گلگت کا حکمران آزر جمشید کا بیٹا۔

سُمُلوٙ (sumúlo) [بُر۔صف] شریف، نجیب (۲) نہایت اعلیٰ۔

سُمُلوٙ مَناس (sumúlo manáas) [بُر۔محاورہ] شریف بننا۔

سُمُلوٙتِک (sumúlotiṅ) [بُر] دیکھیے سُمُلوٙ (sumúlo) جس کی یہ جمع ہے۔

سُمُلیٙ (sumúli) [بُر] دیکھیے سُمُلوٙ (sumúlo) جس کی یہ تانیث ہے۔

سُمُلیاٙر (sumulyaár) [بُر] شرافت، نجابت۔

سَمَن (samán) [انگ۔اسم] عدالت میں حاضر ہونے کا تحریری حکم، پروانۂ طلبی، بلاوا۔ summon

سُمَن (sumán) [بُر۔اسم] پودے کی روئیدگی کی نوک۔

سُمَن بَرکت! بَخت و دولت

(sumán barkát báqhtu dawlát) [بُر۔دعا] یہ ایک دعا ہے، کاشت یا کھلیان پر جانے والا سُمَن بَرکت (sumán barkát) کہتا ہے اور سننے والے اس کے جواب میں بخت و دولت (báqhtu dawlát) کہتے ہیں۔

سَمَنْدُر (samándur) [ف۔اسم] ایک خیالی جانور جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ آگ میں پیدا ہوتا ہے۔

سَمَندر (samandár) [ہ۔اسم] بحر، ساگر۔

سَمَندر جُوَن غُٹُم

(samandár juwán guṭúm) [بُر۔تشبیہ] سمندر کی طرح عمیق۔

سَمَندر مَناس (samandár manáas) [بُر۔محاورہ] پانی کی فراوانی ہونا (۲) فکر میں عمیق ہونا، عالم و فاضل ہونا (۳) سخی بننا۔

سَمَندری/سَمَندریٙ (samandarí) [ار] دیکھیے سَمَندر (samandár) جس سے یہ منسوب ہے۔

سَمَندری جہاز (samandarí jaháaz) [ہ+ع۔اسم] وہ بڑا جہاز جو سمندر میں چلتا ہے۔

سَمَندری ہَغُر (samandarí hagúr) [ہ+بُر۔اسم] سمندری گھوڑا۔

سِمَنْڈ (simánċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سِم (sim) جس کی یہ جمع ہے۔

سُمَنْڈ (sumánċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سُم (sum) جس کی یہ جمع ہے۔

سُمَنیٙ (sumáni) [بُر۔اسم] لفظی معنی زرخیز (۲) قدیم ہونزا کی بعض خواتین کا نام۔

سَموسه/سَموساٙ (samoosá) [ہ۔اسم] سموسا، ایک تکونی شکل کا پکوان جس میں ترکاری یا قیمہ بھر لیتے ہیں۔

سُمیت (suméet) [بُر۔صف] زرخیز، فصل دینے والی زمین۔

سُمَیَر (sumáyar) [بُر۔اسم] نگر کا ایک بڑا گاؤں جو ہونزا کے علاقے علی آباد، ڈورکھن، گریلت اور گنش کے آمنے سامنے ہے، قدیم زمانے میں یہ گاؤں ہونزا اور نگر کے درمیان ساجوٗ (sáajo) یعنی ثالث کی حیثیت رکھتا تھا، جب ہونزا سے کوئی سیاسی مجرم فرار اختیار کرکے سُمَیَر جاتا تھا تو اسے پناہ دی جاتی تھی اور اس کے تحفظ کا پورا پورا خیال رکھا جاتا تھا۔

س ۔ ن

- سَن (-san) [بُر۔اسم] ٹھوڑی (۲) تلی، طحال۔

سُنت (sunnát) [ع۔اسم] راستہ، طریقہ، چلن (۲) وہ کام جو نبی صلعم نے کیا ہو یا کرنے کا حکم دیا ہو۔

سنترِیٔ (santarí) [انگ۔اسم] پہریدار، چوکیدار، پاسبان۔ sentry

سَنٹیر (sanṭér) [انگ۔اسم] مرکز، درمیان، قلب۔ centre

سِنُخ (sinç) [بُر۔اسم] شہتیر، بُرُوشو گھر کی چھت کی ان دو لمبی کڑیوں میں سے ایک جس پر دوسری کڑیوں کے سرے رکھے جاتے ہیں۔

سِنُخکوٗ (sinçkó) [بُر۔اسم] دیکھیے سِنُخ (sinç) جس کی یہ جمع ہے۔

سِنداَ (sínda) [بُر۔اسم] دریا۔

دَریا خُروٗنخ بَرَلت نُماَ قطران مَناس عجیب
قطران سِنداَ کا نُماَ دریان مَناس عجیب

دیوان نصیری (بُرُوشسکی) ص،۹۳۔

ترجمہ: سمندر کا بادل اور بارش ہو کر ایک قطرے کی شکل اختیار کر لینا عجیب ہے، پھر ایک قطرے کا دریا کے ساتھ مل کر سمندر بن جانا عجیب ہے۔

سِنداَ تَریَش ایَتَس (sínda tareéś étas) [بُر۔محاورہ] دریا کو پار کرنا، تیر کر دریا کو عبور کرنا۔

سِنداَچِل (sínda ĉhil) [بُر۔اسم] دریا کا پانی۔

سِنداَ دَلنے اَکُڈرچیٔ زمانہ اِلجنے اُخُوخیٔ (sínda dálne akúĉarĉi zamaaná íljine açúçi) [بُر۔کہاوت] نہ دریا پیچھے کی طرف بہہ جائے گا نہ وقت ماضی کی طرف مڑے گا۔

سِنداَ دیَشاَ یَس (sínda déśayas) [بُر۔محاورہ] دریا پر بند باندھنا۔

سِنداَ دیَلَس (sínda délas) [بُر۔محاورہ] دریا عبور کرنا۔

سِنداَ رَیا بے گَنَسرے رَی

(sínda ráyaa bée gúṭase ray) [بُر۔کہاوت] جس کی لاٹھی اس کی بھینس، مرضی طاقتور کی چلتی ہے کمزور کی نہیں۔

سِنداَ مِکٹ (síndamiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سِنداَ (sínda) جس کی یہ جمع ہے۔

سِندَر کے جے تَلِیَر کے جے

(síndar ke je talíyar ke je)

[بُر۔کہاوت] ہر کام میں آگے بڑھنا، غیر ضروری پیش قدمی کرنا۔

سِندِش (sindíṣ) [بُر۔اسم] دیکھیے چندِش (ćhindíṣ) جو درست تلفظ ہے۔

سَندَن (sandán) [بُر۔اسم] دیکھیے سَمدَن (samdán)۔

سَنڈاَ (sanḍá) [بُر۔اسم] بھینس کا نر (۲) (مجازاً) بے وقوف، بات کی طرف دھیان نہ دینے والا [ہ۔صف] قوی ہیکل، زور آور، موٹا تازہ۔

سَنڈاَتِک (sanḍátiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَنڈاَ (sanḍá) معنی نمبر۲ جس کی یہ جمع ہے۔

سَنڈاَ مُڈ (sanḍámuć) [بُر۔اسم] دیکھیے سَنڈاَ (sanḍá) معنی نمبر۱ جس کی یہ جمع ہے۔

سَنژِی (sánżi) [بُر۔اسم] دیکھیے شَنژِی (ṣánżi)۔

سَنسیَکرَت (sansekrát) [س۔اسم] مقدس، شستہ، عمدہ، افضل (۲) مکمل اور پوری زبان، آریہ لوگوں کی زبان۔

سَنگِ مَرمَر (saṅgimarmár) [ف، بُر۔اسم] ایک قسم کا سفید اور نرم پتھر۔

سَنِماَ (sanimá) [انگ۔اسم] وہ ایجاد جس سے تصویریں ایک پردے پر حرکت کرتی دکھائی دیتی ہیں اور ان تصویروں کی آواز بھی آتی ہے۔ cinema

سُنی/سُنیِ (suní) [ع۔صف] مسلمانوں کا ایک فرقہ، اہل سنت والجماعت۔

س۔و saw,siw,buw

سَو (saw) [بُر۔اسم] ریت۔

سَوَٹُم چُھمُوے گوَن

(sáwaṭum ćhúmuwe goón) [بُر۔کہاوت] بے یارومددگار، بے سہارا، پریشان حال۔

سَوڈے چِل ہِم جُوَن

(saw će ćhil him juwán) [بُر۔کہاوت] اس طرح جذب ہونا جس طرح ریت میں پانی جذب ہوتا ہے۔

سُواَ (súwa) [بُر۔اسم] دیکھیے سُوَ (su) یہ اسی امر میں تاکید کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

سَوار (*sawáar*) [ف۔اسم] جو پیدل نہ ہو (۲) رسالے کا ملازم (۳) [صف] چڑھا ہوا، سواری پر بیٹھا ہوا۔

سَوار مَناس (*sawáar manáas*) [بُر۔محاورہ] سواری پر بیٹھنا (۲) حاوی ہونا۔

سَواری/سَواریٔ (*sawaarí*) [ف۔اسم] وہ چیز جس پر سوار ہوا جائے (۲) سوار ہونے کا فعل۔

سَوال (*sawáal*) [ع۔اسم] پوچھنا، دریافت کرنا (۲) طلب، مانگ (۳) التجا۔

سَوال ایَتَس (*sawáal étas*) [ع+بُر۔محاورہ] پوچھنا، دریافت کرنا، مانگنا، التجا کرنا۔

سَوال نامہ/سَوال ناماً (*sawáal naamá*) [ع+ف۔اسم] جواب طلب امور کی فہرست۔

سَوالِڅ/سوالاتِڅ (*sawáaliṅ/sawaaláatiṅ*) [ع+بُر۔محاورہ] دیکھیے سوال (*sawáal*) جس کی یہ بطرزِ بُروشسکی جمع ہے۔

سُوِچ (*suwíć*) [انگ۔اسم] وہ برقی بٹن جس کے دبانے سے تار میں برقی رو آتی ہے اور بند ہوتی ہے۔ switch

سُوِچ بوڈ (*suwíć bóoḍ*) [انگ۔اسم] وہ تختی جس پر سوِچ لگے ہوتے ہیں۔ switch board

سُوَس/سوَیَس (*súwas/súyas*) [بُر۔مص] لانا (یہ مصدر بعض اشیاء مثلاً پانی، کتاب وغیرہ کے لیے ہے جبکہ دوسری اشیا کے لیے دوسرے کلمات ہیں)۔

سَوکِش (*sáwkiṣ*) [بُر۔صف] ریتلا، وہ زمین جس میں ریت ہو۔

سُوَن (*suwán*) [بُر۔صف] زرخیز، وہ زمین جس میں کھاد ہو۔

سُوَن ایَتَس (*suwán étas*) [بُر۔محاورہ] زرخیز بنانا، زمین میں کھاد ڈالنا (۲) کسی کو موقع فراہم کرنا۔

سُوَن مَناس (*suwán manáas*) [بُر] دیکھیے سُوَن ایَتَس (*suwán étas*) جس کا یہ لازم ہے۔

سَوےِ گَشُک ایَتُم جُوَن (*sáwe gaśk étum juwán*) [بُر۔کہاوت] یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کوئی کام عرصہ لگنے کے باوجود بنتا نہیں۔

سِوِیل (*siwél*) [انگ،بُر۔اسم] غیر فوجی، شہری (۲) انتظامی (۳) تمدنی (۴) مہذب۔ civil

سَوین (*sawéen*) [بُر۔صف] دانا، عقلمند، ہوشیار۔

سَوینَ لِرےِ اَشرَپیِ اَپییَن، اَشرَپییِرے گَش بَرِڅ بِڈَن (*sawéenale aśrapí apíyen aśrapiye gaṣ bariṅ bićán*) [بُر۔کہاوت] دانا

شخص کے پاس سونا چاندی نہیں بلکہ دانائی کی باتیں ہوتی ہیں۔

سَوینے بَر (sawéene bar) [بُر-کہاوت] دانا کا قول۔

سَوینے بَرِکْ باسِے بِرکِرَکْ
(saweene barin baase birkiran)
[بُر-کہاوت] دانا کے اقوال زبان کے خزانے شمار ہوتے ہیں۔

سَوینے بَرِکْ خآپ اوٗمَنشوٗ اَسقُرِکْ بڈکْ
(saweene barin qhaáp oómanašo asqúrin bićán)
[بُر-کہاوت] دانا کے اقوال وہ پھول ہیں جو مرجھاتے نہیں۔

سَوییوٗ (saweeyo) [بُر] دیکھیے سَوین (saween) جس کی یہ جمع ہے۔

س - وٗ SO

-سوٗ (-so) [بُر-اسم] گردہ (۲) دیکھیے -سَس (-sas) جس کا یہ امر ہے۔

سوٗپَٹ (sópat) [بُر-اسم] ایک جھاڑی جو بنجر زمین میں اگتی ہے، پرانے زمانے میں ہونزا میں اس کی راکھ نسوار بنانے میں استعمال ہوتی ہے۔

سوٗپَٹ یارُم دِشَم نُسین اَپَت یارُم نِمی
(sópat yáarum díšam nusén ápat yáarum ními) [بُر-محاورہ] یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب نفع کی تلاش میں نقصان ہوتا ہے۔

سوٗپَٹِکْ (sópatin) [بُر-اسم] دیکھیے سوٗپَٹ (sópat) جس کی یہ جمع ہے۔

سوٗدَر (sódar) [بُر-اسم] سستی، کاہلی۔

سوٗدَر اِمَنَس (sódar imánas) [بُر-محاورہ] سستی ظاہر کرنا، کاہلی دکھانا۔

سوٗدَر ژُوَس (sódar żúwas) [بُر-محاورہ] بدن میں سستی کا احساس کرنا، کاہلی کا احساس کرنا۔

سوٗدَرکِش (sódarkiş) [بُر-صف] سست، کاہل۔

سوٗدَرکِیَکْ (sódarkiyan) [بُر-اسم] ایک پودا جو ہونزا کے پہاڑوں میں پایا جاتا ہے، کہتے ہیں کہ جب اس کی بُو دماغ میں جاتی ہے تو بدن میں سستی اور کاہلی پیدا ہوتی ہے۔

سوٗدَرکِینڈ (sódarkiyanċ) [بُر] دیکھیے سوٗدَرکِش (sódarkiş) جس کی یہ جمع ہے۔

-سوٗغُت (-sógut) [بُر-اسم] بغل، زیرِ بغل (۲) جیب۔

- سوٗغُچی (-sóguci) [بُر۔متعلق فعل] بغل میں (۲) جیب میں۔

سوٗق (soq) [بُر۔اسم] فراوانی، بہتات۔

سوٗق مَناس (soq manáas) [بُر۔محاورہ] فراوانی ہونا، بہتات ہونا۔

سوٗک (sok) [بُر۔امر] دیکھیے سوٗکَس (sókas) جس کا یہ امر ہے۔

سوٗکس (sókas) [بُر۔مص] اترنا، نیچے آنا، کم ہونا (۲) سر کا پیچھے کی طرف ہموار ہونا۔

سوٗکُم (sókum) [بُر] دیکھیے سوٗکَس (sókas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

- سوٗمُڅ (-somuc) [بُر۔اسم] دیکھیے -سوٗ (-so) جس کی یہ جمع ہے۔

سوٗموٗ (sómo) [بُر۔صف] دوست، آشنا، یار، محبوب۔

سوٗموٗتِنگ (sómotin) [بُر] دیکھیے سوٗموٗ (sómo) جس کی یہ جمع ہے۔

سوٗموٗڈروٗ (sómocaro) [بُر] دیکھیے سوٗموٗ (sómo) جس کی یہ جمع ہے۔

سوٗموٗ مَناس (sómo manáas) [بُر۔محاورہ] دوستی کرنا، یار بننا، محبت کرنا۔

سوٗمیٔ (sómi) [بُر] دیکھیے سوٗموٗ (sómo) جس کی یہ تانیث ہے۔

س۔و SOO

سودا/سوداٗ (soodá) [ف۔اسم] بیوپار، خرید و فروخت (۲) وہ چیز جو خریدی یا بیچی جائے۔

سودا ایٔتَس (soodá étas) [ف+بُر۔محاورہ] بیوپار کرنا، خرید و فروخت کرنا (۲) بازار سے چیزیں خریدنا۔

سودا گر (soodagár) [ف۔صف] بیوپاری، تاجر۔

سوداگِرشوٗ (soodagáriso) [ف+بُر۔محاورہ] دیکھیے سودا گر (soodagár) جس کی یہ بطرزِ بُروشسکی جمع ہے۔

سودا گری/سوداٗ گریٔ (soodagarí) [ف۔صف] لین دین، خرید و فروخت۔

سودا مَناس (soodá manáas) [ف+بُر] دیکھیے سوداٗ ایٔتَس (soodá étas) جس کا یہ لازم ہے۔

سودیٔنگ (soodeéyn) [بُر۔اسم] دیکھیے سودا (soodá) جس کی یہ جمع ہے۔

سوڈر (soodár) [انگ۔اسم] سوڈیم کا کھارا (۲) ایک قسم کی سجی جو کپڑے دھونے کے کام آتی ہے۔ soda

سوسَن (soosán) [ف۔اسم] ایک آسمانی رنگ کا پھول۔

سوسائٹی (soosaayṭí) [انگ۔اسم] سماج، معاشرہ، اجتماعی زندگی (۲) لوگوں کی صحبت (۳) مجلس، انجمن۔ society

سوسَیو (soosáyo) [بُر۔اسم] دیکھیے سوسَن (soosán) جس کی یہ بطرز بُروشسکی جمع ہے۔

سوشَلِسٹ (soośalísṭ) [انگ۔اسم] سوشلزم کا پیرو۔ socialist

سول (sóol) [انگ۔اسم] تلوا، کفِ پا (۲) جوتے کا تلا (۳) (صف) واحد، تنہا۔ sole

سوی فلوٹ (sóoy flóoṭ) [بُر۔اسم] ایک پودا جو بیابان میں نرم مٹی میں ہوتا ہے جس کی جڑ مونگ پھلی کی شکل کی ہوتی ہے اور میٹھی ہوتی ہے۔

soó س۔وٓ

سوٓرِمِک (soórimiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سوٓری (soóri) جس کی یہ جمع ہے۔

سوٓری (soóri) [بُر۔اسم] لوہے کا وہ مستطیل ٹکڑا جسے چکی کو گھمانے کے لیے اوپر کے پاٹ میں لگایا جاتا ہے، گٹکُس (gáṭkus) میں پیوست لوہے کے سلاخ کو سوٓری (soóri) کے سوراخ میں لگایا جاتا ہے جس سے چکی کا پاٹ گردش کرتا ہے (۲) ایک پودا۔

سوٓنی (soóni) [سں۔اسم] رانی، راجا کی بیوی۔

su سُ۔وٓ

سُوٓ (su) [بُر۔امر] دیکھیے سُوَس (súwas) جس سے یہ بعض اشیاوغیرہ کے لیے امر ہے۔

سُوٓئن (suyn) [بُر۔امر] دیکھیے سُوٓ (su) جس کا یہ جمع کے لیے امر ہے۔

سُوٓیَس/سُوَس (súyas/súwas) [بُر۔مص] دیکھیے سُوَس (súwas)۔

suu سُ۔و

سُوپ (súup) [انگ۔اسم] یخنی، شوربا۔ soup

سُوٹ (súuṭ) [انگ۔اسم] کپڑوں کا جوڑا جو ایک ہی رنگ اور قسم کا ہو۔ suit

سُوٹ بُوٹ (súuṭ búuṭ) [انگ۔اسم] (بُروشسکی میں) زینت، آرائش۔ suit boot

سُوٹ بُوٹ ایتَس (súuṭ búuṭ étas)

[انگ+بُر۔محاورہ] زینت کرنا، آرائش کرنا (۲) کپڑے خریدنا یا بنانا۔

سُوٹ کیس (súuṭ kées) [انگ۔اسم] کپڑے رکھنے کا چھوٹا صندوق۔ suitcase

سُور (súur) [اُر۔اسم] خوک، خنزیر۔

سُورِشوٗ (súuriśo) [اُر،بُر۔اسم] دیکھیے سُور (súur) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

سُورَہ/سُوراٗ (suurá) [ع۔اسم] قرآن مجید کا کوئی باب یا فصل۔

سُوزاک (suuzáak) [ف۔اسم] ایک بیماری جس سے پیشاب کی نالی میں ورم یا زخم ہوتا ہے۔

س۔وٗ suú

سُوٗت (suút) [ف،بُر۔اسم] فارسی لفظ سود کا مُبَرش، نفع، فائدہ، منافع۔

سُوٗت اوٗت (suút oót) [بُر۔اسم] نفع نقصان، سود و زیاں۔

س۔ی say,siy,suy

-سُئی (-suy) [بُر۔محاورہ] ناف۔

سِیا (siyáa) [ف،بُر۔اسم] وہ گھوڑا جو مکمل طور پر کالا ہو، سیاہ کا مخفف۔

سِیاست (siyaasát) [ع۔اسم] حفاظت، نگہبانی، انتظام، معاملاتِ ملکی، حکومت، سلطنت۔

سِیانکل (siyaankál) [بُر۔اسم] تاک، گھات۔

سَیر (sayr) [ع۔اسم] چلنا، گھومنا پھرنا (۲) ہوا خوری کرنا (۳) تفریح (۴) سیاحت۔

سَیڈ (sayḍ) [انگ۔اسم] پہلو، رخ، طرف۔ side

سَیکڑے چآر بونڑی (sáyaṅe caár bóonżi) [بُر۔کہاوت] ہم چشم (۲) رقیب، حریف۔

سَئل (sayl) [ع،بُر۔اسم] دیکھیے سَیر (sayr) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

سَئل ایتَس (sayl étas) [بُر۔محاورہ] سیاحت کرنا، گھومنا، پھرنا۔

سَئلیٔ (saylí) [بُر] بطور سیر، بطور سیاحت (۲) سیر کرنے والا، سیاح۔

سَئلیٔ تِک (saylítiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَئلیٔ (saylí) معنی نمبر۲ جس کی یہ جمع ہے۔

سَیوٗ ہَرچیٔ ہَرُلوٗ دِغَنُم جُوَن (sáyo hárći hárulo díganum juwán) [بُر۔کہاوت] بے فائدہ مشقت کرنا۔

س ـ ی sii

سِیٹ (siiṭ) [انگ ـ اسم] نشست، تخت، کرسی، گدی (۲) رکنیت ـ seat

سِیٹی/سِیٹیٔ (siiṭi) [ہ، بُر ـ اسم] ایک چھوٹا سا آلہ جسے منہ میں رکھ کر پھونک مار کر آواز نکالی جاتی ہے (۲) منہ کی باریک آواز جو منہ میں انگلیاں رکھ کر یا اس کے بغیر نکالی جاتی ہے (۳) پرندوں کی آواز۔

سِیر (siir) [بُر] فصد، نشتر لگانا۔

سِیر دیَلَس (siir délas) [بُر ـ محاورہ] فصد کھلوانا۔

سِیرت (siirát) [ع ـ اسم] عادت، خصلت، طریقہ (۲) خاصیت (۳) سوانح عمری۔

سِیرِک (siiriṅ) [بُر ـ اسم] دیکھیے سِیر (siir) جس کی یہ جمع ہے۔

سِیرُوٗ (siirú) [ہ، بُر ـ اسم] راج کی اصطلاح میں تراشا ہوا ایک چھوٹا پتھر جو دو طویل پتھروں کے درمیان لگایا جاتا ہے۔

سِیل (siil) [انگ ـ اسم] مہر، سکے کی مہر ـ seal

سِیمِین (siimíin) [ف ـ صف] چاندی کا، چاندی سے منسوب۔

سِینری (siiniri) [انگ ـ اسم] نظارہ، منظر (۲) ڈرامہ وغیرہ کا باتصویر پردہ ـ scenary

سی مُرغ (síi murġ) [ف، بُر ـ اسم] ایک خیالی پرندہ جس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ تیس پرندوں کے قد کے مجموعے کے برابر قد رکھتا ہے۔

سی مُرغِ شوٗ (síi murġišo) [ف+بُر ـ اسم] دیکھیے سِی مُرغ (síi murġ) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

س ـ یٔ sií

سِیَر (siír) [بُر ـ سابقہ] دیکھیے سیَر سآر (siír saár) جس میں یہ بطور سابقہ آتا ہے۔

سِیَر سآر (siír saár) [بُر ـ مص] دیکھیے سِیَر سآر ایتَس (siír saár éetas)۔

سِیَر سآر ایتَس (siír saár éetas) [بُر ـ محاورہ] پانی بہانا، معمولی آبپاشی کرنا۔

سِیَک (siíṅ) [بُر] دیکھیے سآ کَ (saáṅ) جس کی یہ تصغیر و تقلیل ہے۔

سِیَک سآ کَ (siíṅ saáṅ) [بُر ـ متعلق فعل] علی الصباح، سپیدہ دم (۲) معمولی روشنی۔

سِیَک سآ کَ مَناس (siíṅ saáṅ manáas) [بُر ـ محاورہ] معمولی روشنی پھیل جانا۔

سِیکٔ مَناس (*siíṅ manáas*) [بُر] دیکھیے ساآکٔ مَناس (*saáṅ manáas*) جس کی یہ تصغیروتقلیل ہے۔

سِیلیٔ (*siíli*) [بُر۔صف] پاک دامن عورت، عفیفہ۔

سِیلیٔ گس (*siíli gus*) [بُر] دیکھیے سِیلیٔ (*siíli*)۔

سِیَنِیَر (*siíniyar*) [انگ۔صف] بڑا، بزرگ، مقدم۔ senior

س ۔ ے   se

۔سِے (*-se*) [بُر۔علامتِ اشارہ] اشارۂ بعید اور قریب دونوں کے ساتھ آتا ہے مثلاً اِسے (*isé*) بمعنی وہ اور گوٗسے (*gusé*) بمعنی یہ۔

سیٹ (*set*) [انگ۔اسم] یکساں قسم کی چیزوں کا مجموعہ [صف] قائم، مستقل (اپنی جگہ) جما ہوا۔ set

سیکٹَریٔ (*sekṭarí*) [انگ، بُر۔اسم] دبیر، معتمد، سیکریٹری۔ secretary

سیکنڈ/سیکنٹ [انگ، بر۔اسم] (*sékanḍ/sékanṭ*) اول کے بعد دوسرا۔ second

سیَل (*sel*) [بُر۔اسم] سوئی (۲) انجکشن (۳) پتھریا لوہے کا نوکدار مدار جس پر پن چکی گردش کرتی ہے (۴) [انگ۔اسم] بیٹری۔ cell

سیَل اِخَچِم (*sel iqhâćim*) [بُر۔صف] بالکل نیا (یہ لفظ زیادہ تر لباس کے لیے استعمال ہوتا ہے)۔

سیَل ایدِلَس (*sel éedilas*) [بُر۔محاورہ] انجکشن لگانا۔

سیَل خاٗ بَلاسَر کِے دِش اوٗمَنَس (*sel qha baláasar ke diś oómanas*) [بُر۔محاورہ] تل دھرنے کی بھی جگہ نہ ہونا۔

سیَل دَن (*sel dan*) [بُر۔اسم] دیکھیے سیَل (*sel*) معنی نمبر ۳۔

سیَل دِوسَس (*sel díwsas*) [بُر۔محاورہ] سینا، پرونا (۲) سوئی نکالنا۔

سیَل یَم تھانِے تَنوٗس (*sel yam tháane tanós*) [بُر۔مثل] یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کسی سابق غلطی کی بنیاد پر کسی پر ناحق الزام لگایا جاتا ہے۔

سیَلمِکٔ (*selmíṅ*) [بُر۔اسم] دیکھیے سیَل (*sel*) جس کی یہ جمع ہے۔

سیلِرے اِل (*séle il*) [بر۔اسم] سوئی کا ناکہ۔

سیلِرے اِلچِن (*séle ílćin*) [بُر۔اسم] دیکھیے

سیلے اِل (séle il)۔

سیلے اِلگٹ (séle ílgaṭ) [بُر۔مص] دیکھیے

سیلے اِلچن (séle ílčin)۔

سیلے اِلگٹُ لوٗ اُٹ دِوسَس

(séle ílgaṭulo uṭ díwsas) [بُر۔اسم] سوئی کے ناکے میں سے اونٹ کو نکالنا، یعنی ناممکن بات کر دکھانا۔

سیلے کرے غِیَن ہَرے کرے غِیَن

(séle ke ġiin háre ke ġiin) [بُر۔محاورہ] چوری چھوٹی ہو یا بڑی چور آخر چور ہی ہوتا ہے۔

سیِمنار (seminăar) [انگ،بُر۔اسم] مجلسِ مذاکرہ، مجلسِ مباحثہ۔ seminar

سیِن (sen) [بُر۔امر] دیکھیے سیِنَس (sénas) جس کا یہ امر ہے۔

سیِنٹ (senṭ) [انگ۔اسم] عطر، خوشبو۔ scent

سیِنَس (sénas) [بُر۔مص] کہنا، بیان کرنا (۲) پڑھنا۔

سیِنُم (sénum) [بُر] دیکھیے سیِنَس (sénas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

سیِنِن (sénin) [بُر] دیکھیے سیِن (sen) جس کی یہ جمع ہے۔

سیئدہ/سیئداٗ (seydá) [ع۔اسم] سیّدہ کا بگاڑ نیز دیکھیے سیئت (seéyt) جس کی یہ تانیث ہے۔

see س - ے

سے (sée) [بُر۔صف] پاک دامن عورت (۲) حرفِ ندا، کوئی عورت کسی دوسری عورت کو پکارنے یا توجہ دلانے کے لیے استعمال کرتی ہے (یاد رہے کہ مرد اپنی بیوی کے سوا کسی اور عورت کے لیے یہ لفظ استعمال نہیں کر سکتا)۔

سے گس (sée gus) [بُر۔صف] پاک دامن عورت، پارسا عورت، عفیفہ۔

سے ہُرُٹَس (sée hurúṭas) [بُر۔محاورہ] پاک دامن رہنا۔

seé س - ےٓ

سیپَر (seépar) [بُر۔اسم] جرح، بحث، بسیار گوئی۔

سیپَرکِش (seéparkiṣ) [بُر۔صف] باتونی (۲) اپنی عقل کا غیر ضروری مظاہرہ کرنے والا/والی (۳) بحث و تکرار کرنے والا/والی۔

سیپرِکٹ (seépariṅ) [بُر] دیکھیے سیپَر (seépar) جس کی یہ جمع ہے۔

سیپرِکٹ ایتَس (seépariṅ étas) [بُر۔محاورہ] زیادہ باتیں کرنا، اپنی عقلمندی کا مظاہرہ کرنا، بحث و تکرار کرنا۔

سیئت (*seéyt*) [بُر۔اسم] عربی لفظ سیّد کا بگاڑ، سردار (۲) حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؓ کی اولاد۔

سیئتَروٗ (*seéytaro*) [بُر۔اسم] دیکھیے سیئت (*seéyt*) جس کی یہ جمع ہے۔

سیِی (*seéy*) [بُر۔اسم] سیاہی کا مخفف، روشنائی جس سے لکھتے ہیں (۲) رِسا ہوا پانی، وہ چشمہ جو نہایت قلیل مقدار میں نکلے۔

سیِی مِکْث (*seéy min*) [بُر۔اسم] دیکھیے سیِی (*seéy*) جس کی یہ جمع ہے۔

ش ـ ا

شاباآش (*śaabaáś*) [ف،بُر۔کلمۂ تحسین] شاد باش کا مخفف، خوش رہو، واہ واہ، بہت خوب۔

شاباآش ایتَس (*śaabaáś étas*) [بُر۔محاورہ] آفرین کہنا، تعریف کرنا۔

شابُریا (*śaaburyáa*) [بُر۔اسم] ایک مبلّغ کا نام، (کنایتہً) پرہیزگار، زاہد۔

شابُریَش دُکُوَسِس (*śaabureéś dukúwasiṣ*) [بُر۔محاورہ] کامیاب رہو!

شادَن (*śaadán*) [بُر۔اسم] جاگیر۔

شادِنِک (*śaadánin*) [بُر۔اسم] دیکھیے شادَن (*śaadán*) جس کی یہ جمع ہے۔

شار (*śáar*) [ف،بُر۔صف] معاف (۲) بخشا گیا [ف۔اسم] شہر کا بگاڑ، بڑی آبادی، وہ جگہ جہاں میونسپلٹی کارپوریشن وغیرہ کے ذریعے انتظام ہوتا ہے۔

شار ایتَس (*śáar étas*) [بُر۔محاورہ] معاف کرنا، بخشنا (۲) خیر کرنا۔

شارَر کَچار (*śáarar kaćáar*) [بُر۔مثل] نیکی کا بدلہ بدی میں دینا، محسن کشی۔

شارُم بالت (*śáarum báalt*) [بُر] دیکھیے شارُم بالت (*ṣáarum báalt*)۔

شارے جَرپاً (*śáare jarpá*) [بُر۔اسم] سفیدے کی ایک قسم۔

شازادہ/شازاداً (*śaazaadá*) [ف۔اسم] شاہزادہ کا مخفف، بادشاہ کا بیٹا، شاہی خاندان کا ایک فرد۔

- شاسُکِیَ (*- śáaski*) [بُر۔ضمیر] اپنا یا اپنی (۲) اپنے طور پر، اپنے انداز میں، اپنی زبان۔

شاعِر (*śaaír*) [ع۔صف] شعر لکھنے والا، کوی۔

شاعِری/شاعِریَ (*śaairí*) [ع۔اسم] شعر گوئی، شعر کہنا (۲) غیر حقیقی خیالی باتیں۔

شاکِر (*śaakír*) [ع۔صف] شکر کرنے والا۔

شاگرد (*śaagírd*) [ف۔اسم] وہ جو استاد سے کچھ سیکھے، طالب علم۔

شاگِردَرو (*śaagírdaro*) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے شاگرد (*śaagírd*) جس کی یہ بطرز بُروشسکی جمع ہے۔

شاگِردی/شاگِردیٔ (*śaagirdí*) [ف۔اسم] شاگرد ہونے کی کیفیت۔

شالوٗ بالوٗ (*śáalo báalo*) [بُر۔اسم] مزاج، عادت (۲) قسمت (۳) طالع۔

شالوٗ بالوٗ دِمَیَس

(*śáalo báalo dímayas*) [بُر۔محاورہ] مزاج موافق آنا، عادتیں موافق آنا (۲) قسمت کا ساتھ دینا۔

شالیٔ (*śaali*) [بُر۔صف] ریتلی زمین۔

شامَت (*śaamát*) [اُر۔اسم] مصیبت، برے دن۔

شامَت ژُوَس (*śaamát żúwas*) [بُر۔مص مر] شامت آنا، برے دن آنا، مصیبت آنا۔

شامِل (*śaamíl*) [ع۔صف] ساتھ، اکٹھا (۲) ملا ہوا (۳) شریک۔

شامِل ایٹَس (*śaamíl étas*) [ع+بُر۔محاورہ] شامل کرنا، ملانا۔

شامِل مَناس (*śaamíl manáas*) [ع+بُر۔محاورہ] دیکھیے شامِل ایٹَس (*śaamíl étas*) جس کا یہ لازم ہے۔

شامِلات (*śaamiláat*) [اُر۔اسم] وہ ملکیت جو بہت سے حصہ داروں میں مشترک ہو (۲) حصہ داری، ساجھا (۳) وہ زمین جو مالکانِ دیہہ کی مشترکہ ملکیت ہو۔

شامِلاتِنْ (*śaamiláatiń*) [اُر،بُر۔اسم] دیکھیے شامِلات (*śaamiláat*) جس کی یہ بطرز بُروشسکی جمع ہے۔

شامیانہ/شامِیاناؔ (*śaamiyaanâ*) [ف۔اسم] کپڑے کا سائبان، بہت بڑی چھتری۔

شان (*śáan*) [ع۔اسم] شوکت، دبدبہ (۲) شرف، عزت (۳) طاقت (۴) شکل وصورت (۵) طرز، انداز (۶) موقع (۷) نسبت، حق (۸) درجہ، مرتبہ (۹) حال (۱۰) کام (۱۱) چمک دمک (۱۲) خاصیت، خوبی۔

شان و شوکَت (*śáano śookát*) [ع۔اسم] رعب داب، ٹھاٹھ باٹھ، دھوم دھام۔

شاندار (*śaandáar*) [ف۔صف] شان رکھنے والا، عالی شان، خوشنما۔

شاوال (*śaawáal*) [ع،بُر۔اسم] سنہ ہجری کا دسواں

مہینہ جس کی پہلی تاریخ کو عید ہوتی ہے، یہ اصل میں شوّال ہے بُرُشو تلفظ میں غہ الف میں بدل گیا ہے۔

شاو پاآو (śaaw paáw) [بُر۔اسم] مذاق، فحش مذاق۔

شاو گاآو (śaaw gaáw) [بُر۔صف] پریشان، سرگردان، تتر بتر۔

شاو گاآو اِمَنَس (śaaw gaáw imánas) [بُر۔اسم] پریشان ہونا۔

شاو گاآو غَراس (śaaw gaáw ġaráas) [بُر۔محاورہ] مذاق کرنا، فحش مذاق کرنا، الٹی سیدھی باتیں کرنا۔

شاہ باز (śáah báaz) [ف۔اسم] شہباز، بڑا باز جس سے شکار کرتے ہیں۔

شاہِ مردان (śáahi mardáan) [ف۔اسم] کنایۃً حضرتِ علی علیہ السّلام۔

شاہین (śaahíin) [ف۔اسم] ایک سفید رنگ کا شکاری پرندہ (۲) ترازو کی سوئی یا ڈنڈی۔

شایَد (śaayád) [ف۔کلمۂ شک] غالباً، ممکن ہے، اس وقت کہتے ہیں جہاں شک ہو۔

شایَع (śaayá) [ع۔اسم] نشر، چھاپنا۔

شایَع ایَتَس (śaayá étas) [ع+بُر۔محاورہ] شائع کرنا، آشکار کرنا، چھاپ کر مشہور کرنا۔

شاییَت/شاییَد (śaayét/śaayéd) [ف، بُر۔کلمۂ شک] دیکھیے شاید (śaayád) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

ش۔آ

شاآپ (śaáp) [بُر۔اسم] دعا (۲) بددعا (۳) تائیدی کلمہ۔

شاآپِچِکُ (śaápićiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شاآپ (śaáp) جس کی یہ جمع ہے۔

شاآپِچِکُ گِیَس (śaápićiṅ gíyas) [بُر۔محاورہ] دعائیں دینا (۲) بددعائیں کرنا۔

شاآت (śaát) [بُر۔اسم] زور، غلبہ، طاقت، نیز دیکھیے شَت (śat) جس میں یہ تقلیل اور آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

شاآت ایَتَس (śaát étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے شَت ایَتَس (śat étas) جس میں یہ تقلیل اور آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

شاآکُ (śaáṅ) [بُر۔اسم] احتیاط، نیز دیکھیے شَکُ (śaṅ) جس میں یہ تقلیل اور آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

شاآکُ ایَتَس (śaáṅ étas) [بُر۔محاورہ] احتیاط

کرنا، نرمی برتنا۔

شآل (*śaál*) [ف، بُر۔اسم] اُون یا ریشم کی چادر (۲) [ہ۔اسم] جگہ، علاقہ۔

شآل ایتَس (*śaál étas*) [بُر۔مص مر] شال بنانا، بطور شال استعمال کرنا۔

شآم (*śaám*) [ف، بُر۔اسم] سورج ڈوبنے کا وقت، غروبِ آفتاب، نیز دیکھیے شَم (*śam*)۔

شآم ایتَس (*śaám éetas*) [ف+بُر۔محاورہ] دیر کرنے کی وجہ سے شام ہونا، نیز دیکھیے شَم (*śam*) معنی نمبرا۔

شآم سلام (*śaám saláam*) [ف، بُر۔دعا] یہ دعائیہ کلمات رات کے وقت کسی گھر میں داخل ہوتے وقت بولے جاتے ہیں، گھر میں موجود افراد اس کے جواب میں "روز علیک" بولتے ہیں، کچھ علاقوں میں اب یہ رسم کم ہو رہی ہے۔

شآم مَناس (*śaám manáas*) [بُر] دیکھیے شآم ایتَس (*śaám éetas*) جس کا یہ لازم ہے۔

ش ـ ب

شَب (*śab*) [ف۔اسم] رات۔

شَبِ بَرات (*śábi baráat*) [ف۔اسم] ماہ شعبان کی چودہویں اور پندرہویں تاریخ کی درمیانی رات۔

شَب بیداری/شَب بیداریِٔ (*śab beedaarí*) [ف۔اسم] رات کو عبادت کے لیے جاگے رہنا۔

شَب خیزی/ شَب خیزیِٔ (*śab qheezí*) [ف۔اسم] رات کے وقت بیدار رہنا (بالخصوص عبادت میں)۔

شَب دیک (*śab déek*) [ف] دیکھیے شَپ دیک (*şap déek*)۔

شَبِ قدر (*śábi qádar*) [ف+ع۔اسم] لیلۃ القدر، رمضان کے آخری عشرے کی کوئی طاق رات جو بہت متبرک سمجھی جاتی ہے۔

شَب کُور (*śab kúur*) [ف۔صف] رات کو نہ دیکھ سکنے والا۔

شَبِ معراج (*śábi miráaj*) [ف+ع۔اسم] وہ رات جس میں پیغمبر صلعم کو معراج ہوئی، رجب کی ۲۶ اور ۲۷ کی درمیانی رات۔

شَبِ یلدا (*śábi yaldáa*) [ف۔اسم] تاریک رات، سال کی سب سے لمبی رات جب سورج برج جدّی میں داخل ہونے کو تیار ہوتا ہے۔

شَباَخُن (*śabaqhun*) [ف۔اسم] دیکھیے شَبخُون

(śabqhúun) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

شَباَخُن دیَلَس (śaba qhun délas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے شبخون دیَلس (śabqhúun délas)۔

شَباَش (śabaáś) [بُر] دیکھیے شَبَش (śábaś)۔

شَبخُون (śabqhúun) [ف۔اسم] رات کا حملہ، چھاپہ، رات کو بے خبری میں دشمن پر حملہ کرنا۔

شَبخُون دیَلَس (śabqhúun délas) [بُر۔محاورہ] شبخون مارنا، رات میں چھاپہ مارنا۔

شَبِرکُم (śabírkum) [بُر۔اسم] سرگردان (۲) چکر میں ڈالنا / چکرا جانا (۳) مارنا۔

شَبِرکُم دِڈَس (śabírkum díćas) [بُر۔محاورہ] چکر میں ڈالنا، سرگردان کرنا، حیران کرنا (۲) مارنا، پیٹنا۔

شَبِرکُم ژُوَس (śabírkum żúwas) [بُر] دیکھیے شَبِرکُم دِڈَس (śabírkum díćas) جس کا یہ لازم ہے۔

شَبَرَن (śabáran) [بُر۔اسم] کھیل کا میدان جو گاؤں میں ہوتا ہے، خاص طور پر چوگان بازی کا میدان، پولو کھیلنے کی جگہ۔

شَبَش (śábaś) [ف، بُر۔کلمۂ تحسین] یہ فارسی لفظ شاباش کا مخفف ہے جو خود شاد باش کا مخفف ہے، خوش رہو، واہ واہ، بہت خوب۔

شَبَق (śabáq) [بُر۔اسم] بالوں کی گندھی ہوئی چوٹی یا لٹ (۲) جھالر (۳) دو تین لٹوں میں گندھی ہوئی چوٹی یا اسی طرح لپیٹی ہوئی ڈوری وغیرہ۔

شَبَق ایتَس (śabáq étas) [بُر۔محاورہ] بال گندھ کر چوٹی یا لٹ بنانا، جھالر بنانا۔

شَبَقِچِک (śabáqićin) [بُر۔اسم] دیکھیے شَبَق (śabáq) جس کی یہ جمع ہے۔

شَبنَم (śabnám) [ف۔اسم] اوس، رات کی نمی۔

شَبیکے ژُوَ (śabéeke żuú) [بُر۔اسم] خوبانی کی ایک عمدہ قسم۔

ش ۔ پ

شَپ (śap) [بُر۔صوت] جھاڑو یا اس نوعیت کی کوئی چیز زمین پر گرنے کی آواز (۲) اس نوعیت کی کوئی چیز پانی پر مارنے یا پانی میں گرنے کی آواز۔

شَپ شَپ ایتَس (śap śap étas) [بُر۔محاورہ] جھاڑو وغیرہ زمین یا پانی پر مار کر آواز نکالنا (۲) کم گہرے پانی میں تیز تیز دوڑنے سے نکلنے والی آواز۔

شَپاَشَپَت مَناس (śapá śapát manáas)

[بُر۔محاورہ] دیکھیے شَپَت شپَت مَناس (śapá śapát manáas) جس کا یہ مخفف ہے۔

شِپِت (śipít) [بُر۔اسم] گھاس کی ایک عمدہ قسم جس کے پھولوں کا رنگ بنفشی ہوتا ہے، یہ بہت مقوی ہے اور تمام جانور اسے شوق سے کھاتے ہیں۔

شِپِت اَسقُر (śipít asqúr) [بُر۔اسم] شِپِت (śipít) کا پھول۔

شَپَت شپَت مَناس

(śapát śapát manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے شَپَت مَناس (śapát manáas) جس کی یہ تکرار ہے۔

شَپَت مَناس (śapát manáas) [بُر۔محاورہ] کوئی چیز کم گہرے پانی میں گرنے کی وجہ سے آواز نکلنا (۲) بھیگنا، تر بتر ہونا۔

شِپِتِک (śipítiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شِپِت (śipít) جس کی یہ جمع ہے۔

شَپتَل (śaptál) [ار، بُر۔اسم] گھاس کی ایک قسم جسے بیج کے ذریعے اُگایا جاتا ہے۔

شَپتَل اَسقُر (śaptál asqúr) [بُر۔اسم] شَپتَل (śaptál) کا پھول۔

شَپتَلِک (śaptáliṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شَپتَل (śaptál) جس کی یہ جمع ہے۔

شَپَتو (śapáto) [بُر۔صف] لنگڑا، پیروں سے معذور شخص، خاص طور پر ایسا شخص جس کے قدموں میں کوئی نقص ہو، پرنگا۔

شَپَتیِ (śapáti) [بُر۔صف] ٹانگوں یا پیروں کی خرابی کی وجہ سے بے ڈھنگی چال چلنا، نیز دیکھیے شَپَتو (śapáto) جس کی یہ تانیث ہے۔

- **شپُرَک** (-śpuraṅ) [بُر۔اسم] ایال، گھوڑے کی گردن کے بال۔

شَپکاؔ (śapká) [بُر۔اسم] قبضہ، لوہے کا ٹکڑا جس سے لکڑی کے دو حصوں خاص طور پر دروازے کو چوکھٹ بازو کے ساتھ جوڑا جاتا ہے۔

شَپکاَمِک (śapkámiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شَپکاؔ (śapká) جس کی یہ جمع ہے۔

شَپکَک (śapkáṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شَپکاَمِک (śapkámiṅ)۔

- **شِپِن** (-śípin) [بُر۔اسم] نابالغ لڑکوں کا آلۂ تناسل۔

شَپوس (śapós) [بُر۔اسم] رضائی، لحاف۔

شَپوشو (śapóśo) [بُر۔اسم] دیکھیے شَپوس (śapós) جس کی یہ جمع ہے۔

شِپیٖت (śipét) [بُر۔اسم] ایک رنگ کا نام۔

شِپیٖت سِقَم (śipét ṣiqám) [بُر۔اسم] سرخ

مائل سبز رنگ۔

ش ۔ ت

شَت (śat) [بُر۔اسم] قوت، طاقت (۲) زور (۳) غلبہ (۴) کثرت۔

شَت ایتَس (śat étas) [بُر۔محاورہ] غالب آنا (۲) بڑھ جانا، غلبہ کرنا (۳) ہرا دینا۔

شَت چُوَس (śat ċhúwas) [بُر۔محاورہ] طاقت صرف کرنا (۲) قوت لینا (۳) کوئی چیز مثلاً پانی یا رضائی وغیرہ کو اپنی طرف زیادہ کھینچنا یا لے جانا۔

شَت ژُوَس (śat żúwas) [بُر۔محاورہ] طاقت ور ہونا (۲) ہمت آنا، حوصلہ پانا۔

شَت گنَس (śat gánas) [بُر۔محاورہ] قوت حاصل کرنا (۲) فربہ ہونا، موٹا ہونا (۳) قوی ہونا، طاقت ور ہونا۔

شَت مَناس (śat manáas) [بُر۔محاورہ] غلبہ ہونا، بالادستی ہونا (۲) کثرت ہونا۔

شَت یَیَس (śat yáyas) [بُر۔محاورہ] قوت پانا (۲) امداد ملنا (۳) حوصلہ پانا۔

شُت (śut) [بُر۔اسم] تُرشہ، اچار [صف] ترش۔

شُت بِشاَیَس (śut biśáyas) [بُر۔محاورہ] ترشہ تیار کرنا، اچار بنانا۔

شُت کرے ماَٹں اوٗمَنَس (śut ke maáṣ oómanas) [بُر۔محاورہ] تعلق ختم ہونا، کوئی بھی تعلق باقی نہ رہنا۔

شُت لَٹں ایتَس (śut laṣ étas) [بُر۔محاورہ] بالکل انکار کرنا (۲) سخت ناراضگی کا مظاہرہ کرنا۔

شُتُ لوٗ کرے پھٹاَسِںٗلوٗ کرے مَناس (śútulo ke phaṭaásiṅulo ke manáas) [بُر۔محاورہ] ہر کام میں شامل ہونا، ہر کام میں ہاتھ ڈالنا۔

شُت مَناس (śut manáas) [بُر۔محاورہ] بہت کھٹا ہونا، سخت ترش ہونا۔

شَتاَ (śatá) [بُر۔اسم] قدم کی نچلی سطح، پاؤں کا نچلا حصہ۔

شَتاَمِںٗ (śatámiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شَتاَ (śatá) جس کی یہ جمع ہے۔

شُتُر مُرغ (śuturmúrġ) [ف۔اسم] ایک بہت بڑا پرندہ جس کی ٹانگیں اور گردن اونٹ کی طرح لمبی ہوتی ہیں، تیز دوڑتا ہے مگر اڑتا نہیں۔

شِتِک (śitík) [بُر۔اسم] طرف، سمت، جانب (۲) رخ، پہلو۔

شَتَںٗ (śatáṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شَتاَمِںٗ (śatámiṅ)۔

شَتِکڑے (śátiṅe) [بُر۔متعلق فعل] زور سے،بھرپور انداز میں (۲) اونچی آواز میں۔

شَتِل جُکوٗ (śatíljuko) [بُر] دیکھیے شَتِلوٗ (śatílo) جس کی یہ جمع ہے۔

شَتِلوٗ (śatílo) [بُر۔صف] طاقتور،توانا،قوی،زورآور۔

شَتِلوٗتِنگ (śatílotiṅ) [بُر] دیکھیے شَتِلوٗ (śatílo) جس کی یہ جمع ہے۔

شَتِلوٗر رِک نے اشاآتُوَر سَو ایتَس
(śatíluwar rik ne aśaátuwar ṣaw étas)
[بُر۔کہاوت] طاقتور کا غصہ کمزور پر اتارنا، طاقتور کا لحاظ کرنا اور کمزور کو سزا دینا۔

شَتِلوٗمُڈ (śatílomuć) [بُر] دیکھیے شَتِلجُکوٗ (śatíljuko)۔

شَتِلیاآر (śatilyaár) [بُر] دیکھیے شَتِلوٗ (śatílo) جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔

شَتِلیاآرِشوٗ (śatilyaáriśo) [بُر] دیکھیے شَتِلیاآر (śatilyaár) جس کی یہ جمع ہے۔

شُتِن (śútin) [بُر۔اسم] بُرشوٗ گھر میں آتشدان کے اردگرد لگانے والے اینٹ نما پتھروں میں سے ایک پتھر۔

شُتِن پھریڈِن اِلتَلَنَس
(śútin pharéćin iltálanas) [بُر۔محاورہ] تنہا رہ جانا، بے کس ہوکر رہ جانا۔

شُتِنَ تُم بُش جُوَن (śútinaṭum buś juwán) [بُر۔تشبیہ] اس بلی کی مانند جو ہمیشہ شُتِن (śútin) پر بیٹھتی ہے (۲) زیادہ وقت گھر میں گزارنے والا۔

شَتُوٗ (śatú) [بُر۔اسم] توت کے ایسے درخت کا پھل جس میں پیوندکاری نہ ہوئی ہو (۲) جنگلی توت، نیز دیکھیے شُٹُر (śuṭúr)۔

شُتُوتُمُڈ (śutúutumuć) [بُر۔اسم] دیکھیے شُتُوتوٗ (śutúuto) جس کی یہ جمع ہے۔

شُتُوتوٗ (śutúuto) [بر۔صف] نحیف، کمزور (۲) مرغی کا چوزہ۔

شِتیٖ (śití) [بُر۔اسم] بُرشوٗ گھر میں آتشدان کے اردگرد کی جگہ جہاں افرادِ خانہ عام طور پر بیٹھتے ہیں (۲) سطح۔

شُتِیوٗ (śútiyo) [بُر۔اسم] دیکھیے شُتِن (śútin) جس کی یہ جمع ہے۔

شَتیٖی (śatéy) [بُر۔اسم] زورآوری، غلبہ۔

ش۔ٹ

۔شَٹ (-śaṭ) [بُر۔اسم] (بالغ مرد کا) آلۂ تناسل۔

شُٹُر (śuṭúr) [بُر۔اسم] مکئی کی وہ لکڑی جس سے دانے

اٹھائے گئے ہوں۔

شُٹُرِشوَ (*śuṭúriśo*) [بُر۔اسم] دیکھیے **شُٹُر** (*śuṭúr*) جس کی یہ جمع ہے۔

شُٹُر ہَری (*śuṭúr harí*) [بُر۔اسم] خالص جو، جو کی ایک قسم۔

شُٹُکوَ (*śuṭúko*) [بُر۔اسم] شگوفہ، کلی۔

شَٹَل (*śáṭal*) [انگ۔اسم] پھرکی، دھرکی، سلائی کی مشین میں نچلا دھاگہ ڈالنے والی پھرکی۔ shuttle

ش ۔ ج

شَجِرہ/ شَجِرا (*śajirá*) [ع۔اسم] درخت (۲) نسب نامہ۔

شَجِرہ نَسب (*śajirá nasáb*) [ع۔اسم] نسب نامہ، وہ کاغذ جس میں کسی خاندان کا مورث اعلیٰ اور اس کی اولاد کا ترتیب وار ذکر ہوتا ہے۔

ش ۔ د

شَدوَن (*śadón*) [بُر۔اسم] ایک پرانے خاندان کا نام۔

شَدوَن کَپُری مُٹِے اُلتَرے بَر نِم جُوَن (*śadón kapúrimuṭe últare bar nim juwán*) [بُر۔کہاوت] یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کسی معمولی بات یا کام کی وجہ سے بہت بڑا نقصان ہوتا ہے، قصہ یوں ہے کہ ہونزا کریم آباد کا نالہ اُلتر (*últar*) گنش کے قبیلہ ہَمَچاٹِک (*hamaćáaṭiṅ*) کی چراگاہ تھی، ہَمَچاٹِک اُلتر سے بارہ قَس (*qaṣ*) (تقریباً اٹھارہ فٹ) کی لمبی کڑیاں لے کر ہَرایِ شُک (*haráaẏ ṣuṅ*) سے ہوتے ہوئے گنش جاتے تھے، اس سے بلتت والوں کو ان کے لیے بارہ قَس کھلا راستہ چھوڑنا پڑتا تھا جس سے ان کو تکلیف ہوتی تھی، چنانچہ بلتت والوں نے میر کے ساتھ مل کر ایک منصوبہ بنایا اور شدوَن کَپُری نامی ایک لاوارث بچی کو خوب سمجھا کر ہَمَچاٹِک کے راستے میں بٹھا دیا، جب ہَمَچاٹِک کڑیاں لے کر آئے تو لڑکی ان کے راستے میں حائل ہوگئی، جب ہٹنے کے لیے کہا تو لڑکی نے ہٹنے سے انکار کیا، ہَمَچاٹِک نے ہاتھ پکڑ کر اسے ایک طرف کر دیا اور اپنا راستہ بنالیا اس پر لڑکی نے شور برپا کر دیا کہ انہوں نے میری بے عزتی کی، بلتت والے میر کے دربار میں پہنچے اور میر نے بطور تاوان اُلتر نالہ گنش کے ہَمَچاٹِک سے ضبط

کرلیا اور یہ کہاوت بن گئی۔

شَدیٔ (śadí) [بُر۔اسم] بندر۔

شَدیٔ مُڈ (śadímuc) [بُر۔اسم] دیکھیے شَدیٔ (śadí) جس کی یہ جمع ہے۔

شدید (śadíid) [ع۔صف] مشکل، کٹھن (۲) سخت (۳) زورکا، زیادہ (۴) بڑا، عظیم۔

ش۔ر

شَر (śar) [بُر۔اسم] چھوٹی چھوٹی خشک اور ہلکی چیزوں کے بکھرنے کی آواز (۲) فوارہ وغیرہ سے پانی گرنے کی آواز (۳) چوٹ کا درد۔

ݜِیِر ایَتَس (*ṣiír étas*) [بُر] دیکھیے ݜآر ایَتَس (*ṣaár étas*) جس کی یہ تقلیل و تصغیر ہے۔

ݜِیِرو (*ṣiíro*) [بُر] دیکھیے ݜآرو (*ṣaáro*) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ݜِیِرومُڅ (*ṣiíromuć*) [بُر۔اسم] دیکھیے ݜِیِرو (*ṣiíro*) جس کی یہ جمع ہے۔

ݜِیِق (*ṣiíq*) [بُر۔اسم] ناک کے مواد کو آہستگی سے اندر لے جانے کی آواز (۲) کال کلیچی کی آواز (۳) جھگڑا، تکرار۔

ݜِیِق/ݜیق مناس (*ṣiíq/ṣeéq manáas*)

[بُر۔محاورہ] کسی کو برا بھلا کہنا، تلخ و ترش سنانا۔

شِیو (ṣiiw) [بُر۔صوت] منھ سے انگلیوں کی مدد سے یا بغیر انگلیوں کے نکالی جانے والی سیٹی کی آواز۔

شِیو ایَتَس (ṣiiw étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے شِیو (ṣiiw) (۲) شِیو (ṣiiw) کی آواز نکالنا۔

شِیو شاآو (ṣiiw ṣaáw) [بُر۔اسم] قدرے دھونا، قدرے صاف کرنا۔

شِیو قِیو (ṣiiw qiiw) [بُر۔اسم] شور وغل، شور وغوغا (۲) کسی کا مذاق اڑانے کے لیے شور مچانا۔

ṣe — شں ۔ ےٓ

شیک (ṣek) [بُر۔صف] بھرا ہوا، لبالب۔

شیک ایتَس (ṣek éetas) [بُر۔مص مر] بھرنا، پُر کرنا۔

شیک مَناس (ṣek manáas) [بُر] دیکھیے شیک ایتَس (ṣek éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

شیناآ (ṣenaá) [بُر۔متعلقِ فعل] شین (ṣéen) سے متعلق، شین (ṣéen) کا (۳) [اسم] شین (ṣéen) قوم کی زبان۔

شیناآ کیؔ (ṣenaáki) [بُر۔اسم] وہ علاقہ جہاں شین (ṣéen) قوم آباد ہو (۲) شین (ṣéen) قوم کی زبان۔

ṣee — شں ۔ ے

شین (ṣéen) [بُر۔اسم] شین قوم کا آدمی (۲) شین (ṣéen) قوم۔

شینِسکیؔ (ṣéeniski) [بُر۔اسم] شِناآ زبان [متعلق فعل] شین (ṣéen) کی مانند، شین وار۔

شینِسکیؔ باش (ṣéeniski báaṣ) [بُر] دیکھیے شینِسکیؔ (ṣeeniski) معنی نمبرا۔

ṣeé — شں ۔ ےٓ

شییک (ṣeék) [بُر] دیکھیے شیک (ṣek) جس کی یہ تقلیل ہے اور اس عمل میں آہستگی کا مفہوم دیتا ہے۔

شییک مَناس (ṣeék manáas) [بُر۔محاورہ] قدرے بھر جانا۔

شییلیؔ (ṣeéli) [کھوار۔صف] خوبصورت، خوشنما۔

ص۔ا

صاپ (sáap) [بُر] آفیسر، ذمہ دار شخص، نیز دیکھیے صاحِب (saahíb) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

صاحِب (saahíb) [ع۔اسم] یار، دوست (۲) مالک، آقا (۳) انگریزوں کا لقب (۴) کلمۂ خطاب۔

صاحِب زمان (saahíb zamáan) [ع۔صف] زمانے کا مالک، آقا، بترکیب فارسی اپنے زمانے کا بادشاہ۔

صاف (sáaf) [ع۔صف] ستھرا جس پر میل نہ ہو (۲) پاک جس میں آلودگی نہ ہو (۳) بے داغ (۴) ستھرا (۵) شفاف۔

ص۔ب

صَبر (sabr) [ع۔اسم] برداشت (۲) توقف (۳) ضبطِ نفس (۴) توکل، قناعت۔

صَبُر (sábur) [ع، بُر۔اسم] دیکھیے صَبر (sabr) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

صَبُر ایتَس (sábur étas) [ع+بُر۔محاورہ] صبر کرنا، تحمل کرنا، توکل کرنا، ٹھہرنا۔

صَبُر کِش (sábur kiṣ) [ع+بُر] صابر۔

صَبُر مَناس (sábur manáas) [ع+بُر] دیکھیے صَبُر ایتَس (sábur étas) جس کا یہ لازم ہے۔

صَبُرَٹِے بَرکَت بِلاَ

(sáburaṭe barkát bilá) [بُر۔مثل] صبر میں برکت ہے۔

صَبُرِے پَھموَل اُیَم

(sábure phamól uyám) [بُر۔مثل] صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔

صَبُرِے ہِمَّت گُچھِش

(sábure himmát guchíṣ) [بُر۔دعائیہ کلمہ] تم کو صبر کی ہمت عطا ہو۔

صِبْغَةَ اللہ (sibġátallaa) [ع] قدرتی رنگ، دین کا رنگ (۲) خدائی قانون (۳) خدا کا رنگ۔

صَبوٗن (sabón) [ار،بُر۔اسم] صابن کا بگاڑ، کپڑا اور جسم صاف کرنے کا مشہور کیمیائی مرکب۔

صَبوٗن دیلَس (sabón délas) [بُر۔محاورہ] صابن سے صاف کرنا، صابن سے دھونا، صابن لگانا۔

صَبوٗن سَق ایتَس (sabón ṣaq étas) [بُر۔محاورہ] دیکھئے صَبوٗن دیلَس (sabón délas)۔

صَبوٗن سَق مَناس (sabón ṣaq manáas) [بُر۔محاورہ] کچھ بھی نہ بچنا، سب کچھ ختم ہونا۔

صَبوٗن سِقاً (sabón ṣiqá) [بُر۔اسم] وہ گھاس جو صابن کے طور پر استعمال ہوتی تھی۔

صَبوٗیوٗ (sabóyo) [بُر۔اسم] دیکھیے صَبوٗن (sabón) جس کی یہ جمع ہے۔

ص ۔ پ

صِپَت (sipát) [ع،بُر۔اسم] عربی لفظ صفت کا بگاڑ بمعنی خوبی، خاصیت (۲) وصف۔

ص ۔ ح

صَحابِتِک (sahaabítiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے صَحابی (sahaabí) جس کی یہ بطرزِ بُروشسکی جمع ہے۔

صَحابَہ/صَحاباً (sahaabá) [ع۔اسم] دیکھیے صَحابی (sahaabí) جس کی یہ جمع ہے۔

صَحابی/صَحابیؑ (sahaabí) [ع۔اسم] جس نے پیغمبر صلعم کو بحالتِ ایمان دیکھا اور مسلمان بنا ہو۔

صَحافَت (sahaafát) [ع۔اسم] نامہ نگاری، اخبار نویسی۔

صَحافی/صَحافیؑ (sahaafí) [ع۔اسم] اخبار نویس، نامہ نگار۔

صُحبَت (suhbát) [ع۔اسم] یاری، دوستی، مددگاری (۲) ہمراہی (۳) محفل، مجلس (۴) ہم بستری۔

صِحَت (sihát) [ع۔اسم] تندرستی، شفا (۲) بیماری سے پاک۔

صِحَت مَن (sihát man) [ع،بر۔صف] صاحب، صحت، تندرست، صحت مند کا بگاڑ۔

صحن (sehn) [ع۔اسم] آنگن۔

صَحِیح (sahí) [ع۔صف] تندرست (۲) ٹھیک (۳) واقعی (۴) کامل۔

صَحیفہ/صَحیفاً (sahiifá) [ع۔اسم]

کتاب، رسالہ (۲) وہ چھوٹی آسمانی کتابیں جو بعض پیغمبروں پر نازل ہوئی ہیں۔

ص ـ د

صَدر (sádar) [ع۔اسم] میرِ مجلس، ملک کا سربراہ، سردار۔

صَدقَک (sadqáṅ) [ع،بُر۔اسم] دیکھیے صدقه (sadqá) جس کی یہ بطرزِ بُروشسکی جمع ہے۔

صَدقَه/صَدقاً (sadqá) [ع۔اسم] کسی مصیبت کو دفع کرنے کے لیے دی جانے والی قربانی، راہِ خدا کی۔

صَدقه اِمَنَس (sadqá imánas) [ع+بُر۔محاورہ] قربان ہوجانا، صدقہ بننا۔

صَدقه دِوسَس (sadqá díwsas) [ع+بُر۔محاورہ] خیرات کرنا، صدقہ اتارنا، کسی شئی کا سر کے گرد پھرا کر (لِلّٰہ) دیا جانا۔

ص ـ ر

صِراطِ مُستَقِیم (siráati mustaqíim) [ع۔اسم] سیدھا راستہ، راہِ راست۔

صُرَت (surát) [ع،بُر۔اسم] دیکھیے صُورَت (suurát)۔

صِرُف (síruf) [ع،بُر۔اسم] یہ عربی لفظ صرف کا بگاڑ ہے بمعنی خالص، تنہا، فقط۔

ص ـ ف

صَفا (safáa) [ع۔صف] پاک، پاکیزہ، صاف۔

صَفا اِیتَس (safáa étas) [ع+بُر۔محاورہ] پاک کرنا، پاکیزہ کرنا، صاف کرنا۔

صَفا مَناس (safáa manáas) [ع+بُر۔محاورہ] دیکھیے صَفا اِیتَس (safáa étas) جس کا یہ لازم ہے۔

صِفات (sifáat) [ع۔اسم] صفت کی جمع، اوصاف، خاصیتیں (۲) تعریفیں، خوبیاں۔

صَفائی/صَفائیِ (safaayí) [ار۔اسم] پاکیزگی، صاف ہونا (۲) سچائی (۳) جھاڑ پونچھ (۴) صلح (۵) گواہی جو ملزم کے حق میں دی جائے۔

صَفائی اِیتَس (safaayí étas) [ار+بُر۔محاورہ] صاف کرنا (۲) فیصلہ کرنا (۳) جھاڑ پونچھ کرنا (۴) صلح کرنا (۵) اجاڑنا، تباہ کرنا۔

صِفَت (sifát) [ع۔اسم] بیانِ فضائل (۲) تعارف، خوبی (۳) خاصیت۔

صِفَت ایتَس (sifát étas) [بُر۔محاورہ] فضائل بیان کرنا (۲) تعریف کرنا۔

ص۔ل

صَلاۃ (saláat) [ع۔اسم] دعا، درود، رحمت، برکت (۲) نماز۔

صُلَح (súla) [ع۔اسم] میل ملاپ، دوستی، اتحاد (۲) نئے سرے سے دوستی، آپس کی صفائی (۳) امن و امان (۴) باہمی تصفیہ۔

صُلَح ایتَس (súla étas) [ع+بُر۔محاورہ] ملاپ کرنا، دوستی کرنا، اتحاد کرنا (۲) نئے سرے سے دوستی کرنا، آپس کی صفائی کرنا (۳) تصفیہ کرنا یا ہم صفائی کرنا، رنجش کو دور کرنا۔

صُلَح صَلَح (súla sála) [ع۔اسم] دیکھیے صُلَح (súla)۔

صُلَح مِکْ (súlamiṅ) [ع+بُر] دیکھیے صُلَح (súla) جس کی یہ بطرزِ بُروشسکی جمع ہے (۲) (طنزاً) سازش کرنا۔

صُلَح مَناس (súla manáas) [ع+بُر] دیکھیے صُلَح ایتَس (súla étas) جس کا یہ لازم ہے۔

صُلَح نامہ/صُلَح ناماٗ (súla naamá) [ع۔اسم] راضی نامہ، میل ملاپ کی دستاویز۔

صَلواۃ (salwáat) [ع۔اسم] دعا، درود، رحمت۔

صَلواۃ غَتَنَس (salwáat ġatánas) [ع+بُر۔محاورہ] دورد پڑھنا، رحمت کی دعا کرنا۔

ص۔ن

صَندوٗق (sandóq) [ف، بر۔اسم] صندوق کا بگاڑ، چوبی یا لوہے کا بکس، پیٹی۔

صَندوٗقُذْ (sandóquc) [بُر۔اسم] دیکھیے صَندوٗق (sandóq) جس کی یہ جمع ہے۔

صُ۔و suu

صُورِ اِسرافیل (súuri israafíil) [ع۔اسم] وہ قرنا جو حضرتِ اسرافیل حشر کے دن ایک دفعہ مار ڈالنے کے لیے اور دوسری دفعہ زندہ کرنے کے لیے پھونکیں گے۔

صُورَت (suurát) [ع۔اسم] شکل، چہرہ، منھ (۲) نقش، تصویر (۳) حالت (۴) طور، ڈھنگ (۵) مثل، مشابہ۔

صُوفامُڈ (suufámuc) [بُر۔اسم] دیکھیے صوفاً (suufā) جس کی یہ بطرزِ بُروشسکی جمع ہے۔

صُوفه/صُوفاً (suufā) [انگ۔اسم] نرم آرامدہ کرسی۔

صُوفی/صُوفیٔ (suufī) [ع۔اسم] پشمینہ پوش (۲) متقی، اہلِ تصوّف۔

ض ـ ب

ضَبط (zabt) [ع ـ اسم] برداشت، تحمل (۲) انتظام (۳) روک۔

ضَبط ایتَس (zabt étas) [ع، بُر ـ محاورہ] ضبط کرنا، جوش کا روکنا (۲) تحمل سے کام لینا، غصے کو روکنا (۳) فرق کرنا۔

ضَبط مَناس (zabt manáas) [بُر] دیکھیے ضَبط ایتَس (zabt étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ضَبَط (zábat) [بُر] قبضہ کرنا، زبردستی چھیننا۔

ضَبَط ایتَس (zábat étas) [بُر] دیکھیے ضَبَط (zábat)۔

ضَبَط مَناس (zábat manáas) [بُر] دیکھیے ضَبَط ایتَس (zábat étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ض ـ ت

ضِت (zit) [بُر] دیکھیے ضِد (zid)۔

ضِت ایتَس (zit étas) [بُر] دیکھیے ضِد ایتَس (zid étas)۔

ضِت کِش (zítkiṣ) [بُر ـ اسم] ضدی، ہٹ کرنے والا۔

ضِت کُش (zítkuṣ) [بُر] دیکھیے ضِد (zid) جس کا یہ بطرزِ بُروشسکی اسمِ کیفیت ہے۔

ضِت مَناس (zit manáas) [بُر] دیکھیے ضِد مَناس (zid manáas)۔

ض ـ د

ضِد (zid) [ع ـ صف] مخالفت (۲) برعکس چیز (۳) ہٹ، سینہ زوری، اصرار، تکرار، جھگڑا۔

ضِد ایتَس (zid étas) [ع+بُر ـ محاورہ] ہٹ کرنا، تکرار کرنا، جھگڑا کرنا۔

ضِد مَناس (zid manáas) [ع+بُر] دیکھیے

ضِد ایِتَس (zid étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ضِدی/ضِدیؒ (ziddí) [ع۔اسم] ہٹ کرنے والا، اڑیل۔

ض۔ر

ضَرب (zarb) [ع۔اسم] دیکھیے ضَرَب(zárab)۔

ضَرَب (zárab) [ع۔اسم] حساب: وہ قاعدہ جس سے ایک رقم کو کئی بار آپس میں مختصر ترکیب سے جمع کیا جاتا ہے۔

ضَرور (zarúur) [ع۔صف] واجب، لازم، فرض [متعلق فعل] بیشک، یقیناً۔

ضَرورَت (zaruurát) [ع۔اسم] حاجت، احتیاج، مجبوری۔

ضَروری/ضَروریؒ (zaruurí) [ع۔صف] لازمی، واجبی، تاکیدی۔

ضَرول (zarúul) [بُر] عذاب، مصیبت، نیز دیکھیے ضَرور (zaruur) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

ضَرولَت (zaruulát) [بُر] دیکھیے ضَرورت (zaruurát) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

ضَرولن دیڈس (zarúulan déecas) [بُر۔محاورہ] عذاب میں مبتلا کرنا، باعث مصیبت ہونا۔

ضَرولیؒ (zaruulí) [بُر] دیکھیے ضَروری (zaruurí) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

ض۔ل

ضِلع (zilá) [ع۔اسم] وہ علاقہ جو چند تحصیلوں پر مشتمل ہو۔

ض۔م

ضَم (zam) [ع۔اسم] ملانا، شامل کرنا۔

ضَمانَت (zamaanát) [ع۔اسم] ذمہ داری، کفالت۔

ض ـ ا

ضا (*çháa*) [بُر ـ متعلقِ فعل، صف] ہمیشہ، مدام، دائم (۲) پار، ایک سرے سے دوسرے تک۔

ضا ایَتَس (*çháa étas*) [بُر] دیکھیے ضا مَناس (*çháa manáas*) جس کا یہ متعدی ہے۔

ضا ایتَس (*çháa éetas*) [بُر ـ محاورہ] پار کرنا، عبور کرنا، ایک سرے سے دوسرے سرے تک پہنچنا۔

ضا دُواسَس (*çháa duwáasas*) [بُر ـ محاورہ] ہمیشہ کے لیے رہ جانا، دائمی طور پر باقی رہنا۔

ضا گنےٗ (*çháa gáne*) [بُر ـ متعلقِ فعل] دائماً، ہمیشہ کے لیے۔

ضا مَناس (*çháa manáas*) [بُر ـ محاورہ] ہمیشہ ہوتے رہنا (۲) پار ہونا۔

ضاموٗ (*çháa mo*) [بُر ـ متعلقِ فعل] ہمیشہ کا/کی، دائمی۔

ض ـ آ

ضاَم (*çhaám*) [بُر] دیکھیے ضَم (*çham*) جس میں یہ تقلیل کا مفہوم پیدا کرتا ہے (۲) ڈبونا (۳) قدرے بھوک۔

ضاَم اِمَنَس (*çhaám imánas*) [بُر] قدرے بھوک لگنا۔

ضاَم ایسقُرڎَس (*çhaám ésqurċas*) [بُر ـ محاورہ] مکمل طور پر پانی میں ڈبونا۔

ضاَم اِیلَس (*çhaám iílas*) [بُر ـ محاورہ] پانی میں ڈبونا۔

ضاَم بَساس (*çhaám basáas*) [بُر ـ محاورہ] قدرے تھم جانا، قدرے کم ہونا، شدت میں کمی آنا۔

ضاَم دُوٗسَس (*çhaám duúsas*) [بُر ـ محاورہ] قدرے ہوا نکل جانا (۲) کسی مسئلے کا قدرے حل پیدا ہوجانا، شدت میں کمی آنا۔

ضاَو (*çhaáw*) [بُر] دیکھیے ضَو (*çhaw*) جس میں

یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ڞ ـ پ

ڞَپ (*çhap*) [بُر۔اسم] تیر اندازی (۲) تیر کی طرح تیزی سے جانا یا آنا (۳) تیزی سے، فوراً۔

ڞَپ ایتَس (*çhap étas*) [بُر۔محاورہ] تیر چلانا، تیر اندازی کرنا۔

ڞَپ ایتُم ہُنڈ کۓ گُخَچِم دُوٗسُم بَر اِلجِنۓ پَھر ایتَس اَکومائماً (*çhap étum hunċ ke guqháċim duúsum bar íljine phar étas akóomayma*) [بُر۔کہاوت] کمان سے نکلے ہوئے تیر اور منہ سے نکلی ہوئی بات کو واپس نہیں لوٹایا جا سکتا۔

ڞَپ ایتُم ہُنڈ کۓ گُخَچِم دُوٗسُم بَر ہَن سیٔنان (*çhap étum hunċ ke guqháċim duúsum bar han senáan*) [بُر۔کہاوت] کمان سے نکلا ہوا تیر اور منہ سے نکلی ہوئی بات یکساں ہیں۔

ڞَپ دیلَس (*çhap délas*) [بُر۔محاورہ] جست لگانا، چھلانگ لگانا (۲) فوراً چلے جانا یا آنا۔

ڞَپ مَناس (*çhap manáas*) [بُر۔محاورہ] جست لگا کر جانا یا آنا، فوراً جانا یا آنا۔

ڞَپَر (*çhápar*) [بُر۔اسم] داغ، نشان جو زخم، پھوڑا یا چیچک وغیرہ کی وجہ سے ہو۔

ڞَپِرِک (*çháparin*) [بُر۔اسم] دیکھیے ڞَپَر (*çhápar*) جس کی یہ جمع ہے۔

ڞ ـ ت

ڞِتو (*çhitó*) [بُر۔صف] الگ، جدا، تنہا (۲) فاصلے سے، دور۔

ڞِتوٗ (*çhitoó*) [بُر۔صف] دیکھیے ڞِتو (*çhitó*) جس میں یہ تقلیل کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ڞ ـ ٹ

ڞِٹ (*çhiṭ*) [بُر۔اسم] خوف (۲) بیزاری، نفرت۔

ڞِٹ اِمَنَس (*çhiṭ imánas*) [بُر۔محاورہ] بیزار ہونا، تنگ آنا (۲) خائف ہونا۔

ڞِٹ چُھوَس (*çhiṭ ċhúwas*) [بُر۔محاورہ] خوفزدہ ہونا، بیزار ہونا (۲) کسی عمل وغیرہ کے اعادے سے گھبرا جانا (۳) تنگ آنا۔

ڞِٹ ڞِٹ (*çhiṭ çhiṭ*) [بُر] ضبط کے باوجود ہنسی

کی آواز نکلنا، آہستہ آہستہ بے اختیار ہنسی کی آواز نکلنا۔

ض ۔ خ

ضَخ (çhaç) [بُر] دیکھیے ضَخیٖ (çháçi)۔

ضَخ ژُوَس (çhaç żúwas) [بُر۔محاورہ] قسمت جاگنا، بخت کھلنا (۲) باوقار ہونا۔

ضَخیٖ (çháçi) [بُر۔اسم] شان، شرف، توقیر (۲) مرتبہ، رتبہ (۳) طالع۔

ضَخیٖ بَساس (çháçi basáas) [بُر۔محاورہ] شان پانا، مرتبہ پانا، وقار پانا۔

ض ۔ ر

ضَر (çhar) [بُر۔اسم] جست، چھلانگ (۲) بول، پیشاب۔

ضَر اِغُلَس (çhar igúlas) [بُر۔محاورہ] پیشاب میں جلن ہونا۔

ضَر دیٖلَس (çhar délas) [بُر۔محاورہ] جست لگانا (۲) فوراً چلے جانا یا آنا۔

ضَر کِش (çhárkiṣ) [بُر] دیکھیے چھرکِش (ćhárkiṣ)۔

ضِر گوٗلیٖ (çhirgóli) [کھوار۔صف] وہ جس کی گردن سفید ہو (۲) اچھا آدمی۔

ضَر مَناس (çhar manáas) [بُر] دیکھیے ضَر دیٖلَس (çhar délas) جس کا یہ لازم ہے، (محاورۃً) کسی چیز پر پیشاب لگ جانا۔

ضَر نَغیٖ (çhar naġé) [بُر۔اسم] بول براز۔

ضُر (çhur) [بُر۔اسم] چھری (۲) (محاورۃً) موت (۳) خطرہ، دشمن۔

ضُر دُوٗسَس (çhur duúsas) [بُر۔محاورہ] موت کا سبب بننا (۲) خطرے کا سبب بننا۔

ضُرَک دیٖلَس (çhurák délas) [بُر۔محاورہ] چھری سے مارنا، جگہ جگہ چھری سے گھائل کرنا۔

ضُرَنڈ (çhuránċ) [بُر۔اسم] دیکھیے ضُر (çhur) جس کی یہ جمع ہے۔

ضُرے یُوٗلگِش (çhúre yuúlgiṣ) [بُر۔اسم] چھری کا غلاف۔

ض ۔ ش

ضَش (çhaṣ) [بُر۔اسم] دیکھیے چھش (çhaṣ)۔

ضِش (çhiṣ) [بُر۔اسم] دیکھیے چھش (ćhiṣ)۔

ضِسکوٗ (çhiṣkó) [بُر۔اسم] دیکھیے ضِش (çhiṣ)

جس کی یہ جمع ہے۔

ڞ۔ڞ

ڞِڞِٹ (çhíçhiṭ) [بُر] دیکھیے ڞِٹ ڞِٹ (çhiṭ çhiṭ) جس کا یہ مخفف ہے۔

ڞِڞِٹ اِمَنَس (çhíçhiṭ imánas) [بُر] دیکھیے ڞِٹ ڞِٹ (çhiṭ çhiṭ)۔

ڞَڞَر دیِلَس (çháçhar délas) [بُر۔محاورہ] مسلسل جست لگانا، چھلانگیں لگانا۔

ڞِڞِک (çhíçhik) [بُر] دیکھیے ڞِٹ ڞِٹ (çhiṭ çhiṭ)۔

ڞِڞِک اِمَنَس (çhíçhik imánas) [بُر] دیکھیے ڞِڞِٹ اِمَنَس (çhíçhiṭ imánas)۔

ڞ۔غ

ڞَغوٗ (çháġo) [بُر۔اسم] ایک جھاڑی جس کی لمبی لمبی شاخیں ہوتی ہیں جس سے اون دھننے کی چھڑی شیپِرش (śépirṣ) بنائے جاتے ہیں۔

ڞَغوٗچِک (çháġoćiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے ڞَغوٗمِک (çháġomiṅ)۔

ڞَغوٗمِک (çháġomiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے ڞَغوٗ (çháġo) جس کی یہ جمع ہے۔

ڞ۔ک

ڞِک (çhik) [بُر۔صف] تمام، سب، کل۔

ڞِک مَناس (çhik manáas) [بُر۔محاورہ] سب کے سب آنا یا جانا (۲) بھر جانا۔

ڞ۔گ

ڞَگنیٔ (çhágani) [بُر۔اسم] گھات، تاک (۲) بدی کا ارادہ (۳) قصد۔

ڞ۔م

ڞَم (çham) [بُر۔اسم] بھوک۔

ڞَم اِمَنَس (çham imánas) [بُر۔محاورہ] بھوک لگنا (۲) تمنا ہونا، آرزومند ہونا۔

ڞَم اُیَم (çham uyám) [بُر۔کہاوت] مطلب یہ ہے کہ لذت بھوک میں ہے غذا میں نہیں (یعنی بھوک ہوتو ہر چیز میٹھی لگتی ہے، بھوک نہ ہوتو کوئی چیز میٹھی نہیں

لگتی)۔

ضَم بَساس (çham basáas) [بُر۔محاورہ] بھوک ختم ہونا (۲) خواہش پوری ہونا۔

ضَم تَھت (çham that) [بُر۔اسم] غربت، ناداری (۲) غذا اور لباس کا فقدان۔

ضَم تَھت اِمَنَس (çham that imánas) [بُر۔محاورہ] غذا اور لباس کا فقدان ہونا، نادار ہونا، غریب ہونا۔

ضَم ژُوَس (çham żúwas) [بُر۔محاورہ] قحط آنا، قحط پڑنا۔

ضَم کِش (çhámkiş) [بُر۔صف] فاقہ کش، قحط زدہ (۲) ایسا شخص جسے زیادہ بھوک لگے۔

ضَم کُش (çhámkuş) [بُر۔اسم] بھوک، کھانے کی خواہش، اشتہا۔

ضَم کرے تَھت کا (çham ke that káa) [بُر۔محاورہ] غذا اور لباس دونوں میسر نہ آنا، بھوک اور سردی کا ستانا۔

ضَم کرے تَھت کا مَناس (çham ke that káa manáas) [بُر] دیکھیے ضَم کرے تَھت کا (çham ke that káa)۔

ضَمُ لُم پھِٹیِ، تَھتُ لُم گٹُوَ (çhámulum phíṭi, thátulum gaṭú) [بُر۔مثل] حاجت روا، ایسا شخص جو عین ضرورت میں کام آئے۔

ضِم ضَم (çhim çham) [بُر۔محاورہ] ادھر اُدھر سے کوئی خبر سننا (۲) کوئی راز آہستہ آہستہ فاش ہونا۔

ضِم ضُم (çhim çhum) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ضِم ضَم (çhim çham)۔

ضُم (çhum) [بُر۔اسم] حمل کے ابتدائی ایام (۲) خبر (۳) خیال/تصور جو دل میں گزرے (۴) معمولی شبہ (۵) معمولی گمان۔

ضُم ضَم (çhum çham) [بُر۔اسم] آہستہ آہستہ دل و دماغ میں گزرنا، تصور میں آنا (۲) کوئی خبر آہستہ آہستہ فاش ہونا۔

ضُم ضَم مَناس (çhum çham manáas) [بُر] دیکھیے ضُم ضَم (çhum çham)۔

ضُم مَناس (çhum manáas) [بُر۔محاورہ] دل پر گزرنا، خیال میں آنا، گمان ہونا۔

ضَمِنرے (çhámine) [بُر۔صف] بھوکا، کھانے کی خواہش رکھنے والا۔

ضَمِنرے اِمَنَس (çhámine imánas) [بُر۔محاورہ] بھوکا ہونا، اشتہا ہونا۔

ضَمرے دیَن (çháme den) [بُر۔اسم] قحط سالی،

قحط کا زمانہ۔

ڞ۔ن

ڞَن (çhan) [بُر۔صف] فارغ (۲) خالی۔

ڞَن اِمَنَس (çhan imánas) [بُر۔محاورہ] فارغ ہونا، کام ختم کرنا (۲) خالی ہونا۔

ڞَن ایتَس (çhan étas) [بُر] دیکھیے ڞَن اِمَنَس (çhan imánas) جس کا یہ متعدی ہے۔

ڞِن (çhin) [بُر۔اسم] چڑیا۔

ڞِن بیرے کرے ڞِنرے کئی بیرے

(çhin be ke çhíne kay be) [بُر۔مثل] پدّی کیا پدّی کا شوربا کیا۔

ڞِن نِین چھسَٹرے (çhin níin cháṣaṭe) [بُر۔مثل] خارِ وطن از سنبل وریحان خوشتر۔

ڞِن ہوِی (çhin hoy) [بُر۔اسم] ساگ کی ایک قسم۔

ڞَنُخ (çhanć) [بُر۔اسم] دفعہ، بار، مرتبہ۔

ڞِنرے اِسکُومُڈ ڈِرے توَل گِم جُوَن

(çhine ískumuç ce tol gim juwán) [بُر۔مثل] کسی ظالم/طاقتور کا کسی کمزور پر حملہ کرنا۔

ڞِنرے چھسَٹرے ییَش

(çhíne cháṣaṭe yeéś) [بُر۔مثل] اپنے گھر/وطن سے ہر ایک کو محبت ہوتی ہے جیسے چڑیا کو کانٹے پر قرار آتا ہے۔

ڞِنرے مَمُوَ کرے مَناس

(çhíne mamú ke manáas) [بُر۔مثل] گھر میں سب کچھ موجود ہونا (۲) دولت کی فراوانی۔

ڞِنرے مَنوَٹ تَلرے ہاہاَ

(çhíne manóṭ tále hahá) [بُر۔مثل] نام بڑا اور درشن چھوٹا، کام چھوٹا شور بڑا۔

ڞِنرے مَنوَٹ ہرے ہَو

(çhíne manóṭ háre haw) [بُر۔مثل] دیکھیے ڞِنرے مَنوَٹ تَلرے ہاہاَ (çhíne manóṭ tále hahá)۔

ڞِنرے یُوَلگِسَر توَل گِم جُوَن

(çhíne yuúlgiṣar tol gim juwán)

[بُر۔مثل] لفظی معنی یہ ہیں کہ جیسا کہ چڑیا کے گھونسلے میں سانپ گھس جائے، یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کوئی ظالم یا طاقتور کمزوروں پر حملہ کرتا ہے۔

ڞ۔و çhaw, çhiw, çhuw

ڞَو (çhaw) [بُر۔اسم] دودھ دوہنا، گائے وغیرہ کا دودھ

نکالنا۔

ڞَو ایَتَس (çhaw étas) [بُر۔محاورہ] دودھ دوہنا۔

ڞَو کِس (çháwkiş) [بُر۔اسم] وہ برتن جس میں دودھ دوہتے ہیں (۲) [صف] گائے، بکری وغیرہ جو دودھ دیتی ہے۔

ڞَو کِیَنڈ (çháwkiyanċ) [بُر۔اسم] دیکھیے ڞَو کِس (çháwkiş) جس کی یہ جمع ہے۔

ڞَوَ کَرے (çháwaṅe) [بُر۔متعلق فعل] دودھ کے ساتھ، دودھ دینے والی، دودھیلی۔

ڞَوَ کَرے بُواٗ (çháwaṅe buwá) [بُر۔صف] دودھیل گائے۔

ڞَوے کَھچِی (çháwe kháci) [بُر۔اسم] وہ برتن جو دودھ دوہنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

ڞِو (çhiw) [بُر۔اسم] بخت، قسمت (۲) طالع (۳) ستارہ (۴) خوبی، عادت (۵) ڞَو (çhaw) کا سابقہ۔

ڞِو ڞَو (çhiw çhaw) [بُر۔اسم] بھیڑ بکریوں کو تھوڑا تھوڑا دوہنا۔

çhu ڞُ ۔ وٗ

ڞُوٗ (çhu) [بُر] فوراً، تیزی سے۔

ڞُوٗ دیَلَس (çhu délas) [بُر] تیزی سے آنا یا جانا (۲) عقاب یا باز کا شکار کے لیے تیزی سے نیچے کی طرف جھپٹنا۔

ڞُوٗ مَناس (çhu mamáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ڞُوٗ دیَلَس (çhu délas) جس کا یہ لازم ہے۔

ڞُوٗ ڞُوٗ (çhúçhu) [بُر۔محاورہ] مسلسل پھینکنا، مسلسل سنگ باری۔

ڞُوٗ ڞُوٗ اوٗتَس (çhúçhu ótas) [بُر۔محاورہ] مسلسل سنگ باری کرنا، مسلسل پھینکنا۔

ڞُوٗ ڞُوٗ دیَلَس (çhúçhu délas) [بُر۔محاورہ] برق رفتاری سے بھاگنا۔

ڞُوٗ ڞُوٗ مَناس (çhúçhu manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ڞُوٗ ڞُوٗ دیَلَس (çhúçhu délas)۔

çho ڞ ۔ وٗ

ڞوٗ قیِ (çhóqi) [بُر] دیکھیے ڞوغیِ (çhóogi)۔

- ڞوٗ نژُس (-çhónżuş) [بُر] چونچ، نیز دیکھیے - چھوٗنجُس (-ćhónjuş) جو درست تلفظ ہے۔

ڞ ـ و   *çhoo*

ڞو (*çhóo*) [بُر] دیکھیے ژو (*żóo*)۔

ڞو ژُوَس (*çhóo żúwas*) [بُر۔محاورہ] حادثہ ہونا، مصیبت آنا۔

ڞوغ (*çhóoġ*) [کھوار۔صف] چور، دزد۔

ڞوغیؔ (*çhóoġi*) [کھوار] چوری۔

ڞوق (*çhóoq*) [کھوار۔اسم] دیکھیے ڞوغ (*çhóoġ*)۔

ڞ ـ ی   *chiy*

ڞِیوٗ (*çhíyo*) [بُر۔اسم] دیکھیے ڞِن (*çhin*) جس کی یہ جمع ہے۔

ط ـ ا

طاعَتْ (*taa'át*) [ع ـ اسم] عبادت، بندگی (۲) فرمانبرداری۔

طاعَتْ ایِتَس (*taa'át étas*) [ع+بُر ـ محاورہ] بندگی کرنا (۲) فرمان برداری کرنا۔

طاعون (*taa'úun*) [ع ـ اسم] ایک مشہور متعدی مرض جس میں گلٹیاں نکل آتی ہیں اور تیز بخار ہوتا ہے۔

طاقَت (*taaqát*) [ع ـ اسم] قوت، زور، بل۔

طاقتوَر (*taaqatwár*) [ع ـ صف] قوی، توانا، مضبوط۔

طالِب (*taalíb*) [ع ـ صف] طلب کرنے والا، خواستار، مشتاق۔

طالب عیلُم (*taalíb élum*) [ع+بر ـ اسم] علم سیکھنے والا، متعلم، طالب علم کا بگاڑ۔

طاؤُوس (*taawúus*) [ع ـ اسم] مور (۲) ایک ساز جس پر مور کی شکل ہوتی ہے۔

طاؤُوسِشوٗ (*taawúusišo*) [ع+بُر ـ اسم] دیکھیے طاؤُوس (*taawúus*) جس کی یہ بطرز بُروشسکی جمع ہے۔

طاہِر (*taahír*) [ع ـ صف] پاک، مقدس۔

ط ـ ب

طَبَق (*tabáq*) [ع ـ اسم] بڑی رکابی، تھالی (۲) طبقہ (۳) درجہ، منزل۔

طَبَقِشوٗ (*tabáqišo*) [ع+بُر ـ اسم] دیکھیے طَبَق (*tabáq*) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

طَبَل (*tábal*) [ع ـ اسم] بڑا ڈھول، نقارہ۔

طَبَلچی / طَبَلچیٔ (*tabalčí*) [عف] طبل بجانے والا، طبل زن۔

طَبَلِشوٗ (*tábališo*) [ع+بُر ـ اسم] دیکھیے طَبَل (*tábal*) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

طَبِیب (*tabíib*) [ع ـ اسم] حکیم، ڈاکٹر، معالج۔

طَبیپ (tabíip) [ع،بُر۔اسم] دیکھیے طَبیب (tabíib)۔

طَبیبتِک (tabíibtiṅ) [ع+بُر۔اسم] دیکھیے طَبیب (tabíib) جس کی یہ بطرزِ بُروشسکی جمع ہے۔

طَبیبِشو (tabíibiśo) [ع+بُر۔اسم] دیکھیے طَبیبتِک (tabíibtiṅ)۔

طَبیبی/طَبیبیٔ (tabiibí) [ع۔اسم] ڈاکٹری، حکیمی۔

طَبیَت (tabiyát) [ع۔اسم] طبیعت کا بگاڑ، عادت، خصلت، فطرت، مزاج۔

طَبیَت پَھر مَناس (tabiyát phar manáas) [بُر۔محاورہ] طبیعت بدل جانا۔

طَبیَت تُھم مناس (tabiyát thum manáas) [بُر۔محاورہ] طبیعت مختلف ہونا۔

طَبیَت ٹھیک مناس (tabiyát ṭhíik manáas) [بُر۔محاورہ] طبیعت ٹھیک ہونا۔

طَبیَت جُوان مَناس (tabiyát juwáan manáas) [بُر۔محاورہ] طبیعت خوش ہونا۔

طَبیَت خراپ مَناس (tabiyát qharáap manáas) [بُر۔محاورہ] طبیعت خراب ہونا۔

طَبیَت خوش مَناس (tabiyát qhoś manáas) [بُر۔محاورہ] طبیعت خوش ہونا۔

طَبیَت دُماپَس (tabiyát dumáaỳas) [بُر۔محاورہ] طبیعت میں ہم آہنگی پیدا ہونا (۲) ماحول موافق آنا۔

طَبیَت دیورُٹَس (tabiyát déwruṭas) [بُر۔محاورہ] کسی کے ساتھ مزاج ملنا۔

طَبیَت ڈَک مَناس (tabiyát ḍaṅ manáas) [بُر۔محاورہ] طبیعت سخت ہونا۔

طَبیَت سَخت مَناس (tabiyát saqht manáas) [بُر۔محاورہ] طبیعت سخت ہونا۔

طَبیَت سُست مَناس (tabiyát sust manáas) [بُر۔محاورہ] طبیعت سست ہونا۔

طَبیَت غَقہُم مَناس

(tabiyát ġaqáẏum manáas) [بُر۔محاورہ]
تُرش مزاج ہونا۔

طَبِیَت گَرُم مَناس
(tabiyát gárum manáas) [بُر۔محاورہ]
گرم مزاج ہونا۔

طَبِیَتُ لوٗ مَناس (tabiyátulo manáas)
[بُر۔محاورہ] کسی کے مزاج میں کسی خاص عادت کا ہونا۔

طَبِیَت لیَل مَناس
(tabiyát leél manáas) [بُر۔محاورہ] کسی کا مزاج معلوم ہونا۔

طَبِیَت نَرُم مَناس
(tabiyát nárum manáas) [بُر۔محاورہ]
طبیعت نرم ہونا، نرم مزاج ہونا۔

طَبِیَت ہِرُم مَناس
(tabiyát hirúm manáas) [بُر۔محاورہ]
تیز مزاج ہونا۔

طَبِیَت ہَن مَناس
(tabiyát han manáas) [بُر۔محاورہ] مزاج ایک ہونا، عادت یا دلچسپی ایک ہونا۔

طَبِیَتٹِے پھت ایَتَس
(tabiyátaṭe phat étas) [بُر۔محاورہ] کسی کو اس کے مزاج پر چھوڑ دینا۔

طَبِیَتِے دُغَرُسَس
(tabiyáte dugárusas) [بُر۔محاورہ] طبیعت پوچھنا، مزاج پوچھنا۔

طَبِیَتِے دُمَرَس (tabiyáte dúmaras)
[بُر۔محاورہ] مائل ہونا، کسی چیز کی خواہش پیدا کرنا۔

طَبیعَت (tabiyát) [ع۔اسم] دیکھیے طَبِیَت (tabiyát)۔

ط۔ر

طَرَف (taráf) [ع۔اسم] جانب، سمت، رخ (۲) کنارہ (۳) پہلو (۴) پاس۔

طَرَفدار (tarafdáar) [عف۔صف] حامی (۲) پاسدار۔

طَرَفداری/طَرَفدارِیٔ (tarafdaarí)
[عف۔اسم] دیکھیے طَرَفدار (tarafdáar) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

طَرَفداری ایَتَس (tarafdaarí étas)
[بُر۔محاورہ] حمایت کرنا، جانبداری کرنا۔

طَریقت (tariiqát) [ع۔اصطلاح تصوف] تزکیہ باطن، صوفیوں کا طریقہ جس سے کمال حاصل ہوتا ہے۔

طَریقہ/طَریقاً (*tariiqá*) [ع۔اسم] طرز، ڈھنگ، روش (۲) مذہب (۳) قاعدہ، دستور۔

ط۔ع

طَعَام (*ta'áam*) [ع۔اسم] کھانا، خوراک، اچھا کھانا۔

طَعَام تیار اِیْتَس (*ta'áam tayáar étas*) [بُر۔محاورہ] کھانا تیار کرنا۔

طَعام دیْسکُیَس/دیْسکُوَس (*ta'áam déskuyas/déskuwas*) [بُر۔محاورہ] طعام اتارنا (۲) طعام پیش کرنا۔

طَعام سُوْیَس (*ta'áam súyas*) [بُر۔محاورہ] طعام پیش کرنا۔

طَعامَر پِھن گارُڈُم جُوَن (*ta'áamar phin gáarčum juwán*) [بُر۔مثل] کسی خوشگوار لمحے کو نا گوار بنانا (۲) اچھی گفتگو میں دخل دینا۔

طَعَنہ (*taaná*) [ع۔اسم] طعن، آوازہ، طنز۔

طَعَنہ اُچھِیَس (*taaná uč́híyas*) [ع+بُر۔محاورہ] طعنہ دینا، طنز کرنا۔

طَعنہ مِکْ (*taanámiṅ*) [ع+بُر۔اسم] دیکھیے طَعنہ (*taaná*) جس کی یہ بطرز بُروشسکی جمع ہے۔

ط۔غ

طُغرا (*tuġráa*) [ع۔اسم] نشان، علامت۔

ط۔ل

طَلاق (*taláaq*) [ع۔اسم] نکاح کا فسخ ہونا (۲) عورت کا نکاح سے آزاد ہونا (۳) آزادگی۔

طَلاق اُچھِیَس (*taláaq uč́híyas*) [ع+بُر۔محاورہ] بیوی یا شوہر کو چھوڑنا، قانون مذہب کے مطابق بیوی یا شوہر سے قطع تعلق کرنا، طلاق دینا۔

طَلاق اِیْتَس (*taláaq étas*) [ع+بُر] دیکھیے طَلاق اُچھِیَس (*taláaq uč́híyas*)۔

طَلاق گَنَس (*taláaq gánas*) [ع+بُر۔محاورہ] طلاق لینا۔

طَلاق مَناسْ (*taláaq manáas*) [ع+بُر] دیکھیے طَلاق اِیْتَس (*taláaq étas*) جس کا یہ لازم ہے۔

طَلَب (*taláb*) [ع۔اسم] تلاش، جستجو (۲) مانگ (۳) خواہش (۴) معاوضہ۔

طِلِسُم (*tilísum*) [ع۔اسم] سحر، جادو۔

طِلِسُمِکْ (*tilísumiṅ*) [ع+بُر۔اسم] دیکھیے

طِلِسُم (*tilísum*) جس کی یہ بطرز بُروشسکی جمع ہے۔

طِلِسُمِکْ ایَتَس (*tilísumiṅ étas*) [ع+بُر۔محاورہ] کسی کو باتوں سے خوش کر کے اپنا مقصد حاصل کرنا (۲) چالاکی سے اپنا مقصد حاصل کرنا۔

ط۔م

طَمانچہ/طَمانچاً (*tamaanćá*) [اُر۔اسم] تھپڑ، ضرب۔

طَمَع (*táma*) [ع۔اسم] لالچ، حرص (۲) خواہش۔

طَمَع اِمَنَس (*táma imánas*) [ع+بُر۔محاورہ] حریص ہونا (۲) شدید خواہش رکھنا۔

طَمَع ایَتَس (*táma étas*) [ع+بُر۔محاورہ] حرص کرنا (۲) حریص بنانا۔

طَمع کِش (*támakiṣ*) [ع+بُر۔اسم] حریص، لالچی۔

طَمَع گار (*tamagáar*) [عف] دیکھیے طَمَع کِش (*támakiṣ*)۔

طَمَع گاری/طَمَع گاریٔ (*támagaari*) [عف] دیکھیے طَمَع گار (*tamagáar*) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

طَمَع گآرو (*táma gaáro*) [بُر] دیکھیے طَمَع کِش (*támakiṣ*)۔

طَمَع مَناس (*táma manáas*) [بُر] دیکھیے طَمَع ایَتَس (*táma étas*) جس کا یہ لازم ہے۔

ط۔و taw

طَواف (*tawáaf*) [ع۔اسم] کسی چیز کے گرد پھرنا (۲) کعبہ کے گرد چکر لگانا۔

طَواف ایَتَس (*tawáaf étas*) [ع،بُر] دیکھیے طَواف (*tawáaf*)۔

ط۔و too

طوطا/طوطاً (*tootá*) [ف۔اسم] ایک پرندے کا نام۔

طوطاَمُڈ (*tootámuċ*) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے طوطا (*tootá*) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

طُ۔وْ tu

طُوْطیک (*tutéк*) [ف۔اسم] موسیقی کا ایک آلہ (۲) زیادہ فربہ گھوڑے کا اچانک سردی لگنے کی وجہ سے

مرجانا (۳) یہ دراصل فارسی لفظ طوطک ہے۔

طُوٹیک اِمَنس (tutḗk imánas) [بُر]
دیکھیے طُوٹیک (tutḗk) معنی نمبر۲۔

طُ-و tuu

طُور (túur) [ع-اسم] کوہ سینا، وہ پہاڑ جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام خدا کے ساتھ ہم کلام ہوا تھا۔

طُوطی/طُوطیٔ (tuutí) [ف-اسم] طوطا (۲) فصیح البیان شخص۔

طُوطی جُون (tuutí juwán) [ف+بُر-تشبیہ] طوطے کی مانند۔

طُوطی مُڈ (tuutímuċ) [ف+بُر] دیکھیے طُوطی (tuutí) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

طُوفان (tuufáan) [ع-اسم] سب پر چھا جانے والی چیز، عالمگیر مصیبت (۲) آندھی (۳) سیلاب۔

طُوفان ایتَس (tuufáan étas) [ع+بُر-محاورہ] طوفان کرنا، شور کرنا (۲) بکثرت فراہم کرنا۔

طُوفان ژُوَس (tuufáan żúwas) [ع+بُر-محاورہ] طوفان آنا، آندھی آنا، پانی کا طوفان آنا (۲) کسی چیز کا بکثرت فراہم ہونا۔

طُوفان مَناس (tuufáan manáas) [ع+بُر] دیکھیے طُوفان ایتَس (tuufáan étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ط-ہ

طَہارَت (tahaarát) [ع-اسم] پاکیزگی، صفائی (۲) وضو، غسل۔

طَہُور (tahúur) [ع-مبالغہ] پاک کرنے والا، بہت پاک۔

ط-ۓ te

طۓ دۓ (te de) [بُر-کلمہ بندی] یہ ایک کلمہ بندی ہے جو "جلدی کرو" کے معنی میں مستعمل ہے، یہ کسی کو فوراً متوجہ کرنے کے لیے بھی آتا ہے۔

ط-ے tee

طے (tée) [ع-اسم] قطعِ مسافت (۲) تمام کرنا، پورا کرنا (۳) فیصلہ کرنا، بیباقی (۴) گزرنا، عبور کرنا۔

طے ایتَس (tée étas) [ع+بُر] دیکھیے طے (tée)۔

ظ-ا

ظَالِم (*zaalím*) [ع-صف] ظلم کرنے والا، بے رحم، سنگدل۔

ظَالِم اِمَنَس (*zaalím imánas*) [ع+بُر-محاورہ] ظالم ہونا، جابر ہونا، ستم گار ہونا۔

ظَالُم (*zaalúm*) [بُر-صف] دیکھیے ظَالِم (*zaalím*) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

ظَالُم اِمَنَس (*zaalúm imánas*) [بُر-محاورہ] دیکھیے ظَالِم اِمَنَس (*zaalím imánas*) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

ظَاہِر (*zaahír*) [ع-صف] عیاں، آشکار (۲) کھلا (۳) خدا کا ایک نام۔

ظَاہِری/ظَاہِریٗ (*zaahirí*) [ع-صف] کھلا ہوا، نمائشی، دکھاوے کا۔

ظ-ل

ظُلُم (*zúlum*) [ع، بر-اسم] بے انصافی، ستم، جفا۔

ظُلُم ایِتَس (*zúlum étas*) [ع، بُر-محاورہ] ستم کرنا، جفا کرنا۔

ظُلُم تِمیَش ایِتَس (*zúlum timeéś étas*) [بُر-محاورہ] ظلم برداشت کرنا۔

ظُلُم تِمیَش مناس (*zúlum timeéś manáas*) [بُر-محاورہ] دیکھیے ظُلُم تِمیَش ایِتَس (*zúlum timeéś étas*) جس کا یہ لازم ہے۔

ظُلُم دیڈس (*zúlum déečas*) [بُر-محاورہ] کسی پر ظلم ڈھانا، سختی کرنا۔

ظُلُمِ ظالم (*zúlumi zaalím*) [ع، بُر] ظالم کا ظلم۔

ظُلُم کِشں (*zúlumkiṣ*) [بُر-صف] ظلم کرنے والا۔

ظُلُم گارڈس (*zúlum gáarčas*) [بُر-محاورہ] ظلم ختم ہونا، انصاف ہونا۔

ظُلُم گآرو (*zúlum gaáro*) [بُر-صف] ظلم کرنے والا، ظالم۔

ظُلُم مَناس (zúlum manáas) [بُر] دیکھیے ظُلُم ایتَس (zúlum étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ظُلُم ییڈس (zúlum yeéčas) [بُر۔محاورہ] ظلم دیکھنا،ظلم کا شکار ہونا۔

ظُلُمِکْ (zúlumiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے ظُلُم (zúlum) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

ظُلُمَن (zúluman) [بُر] دیکھیے ظُلُم (zúlum) یہاں 'ن' وحدت نکرہ کی علامت ہے۔

ظُلمَنیؑ (zulmaní) [بُر۔متعلق فعل] زبردستی سے۔

ظُلمییٔ (zulmēy) [بُر] دیکھیے ظُلُم (zúlum) جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔

ظ ۔ ہ

ظُہُور (zuhúur) [ع۔اسم] پیدائش،نمائش،نمود۔

ظُہُور مَناس (zuhúur manáas) [ع،بُر۔محاورہ] ظاہر ہونا،واقع ہونا،پیدا ہونا۔

ظُہُورمَنُم (zuhúur manúm) [بُر] دیکھیے ظُہُور مَناس (zuhúur manáas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

ع ـ اَ

عائپ (ayp) [ع،بُر ـ اسم] دیکھیے غیب (ayb)۔

عائت (ayt) [ع،بُر ـ اسم] دیکھیے عِید (iid)۔

ع ـ ا

عاجِز (aajíz) [ع ـ صف] کمزور، ناتوان (۲) بے بس، مجبور (۳) غریب۔

عادَت (aadát) [ع ـ اسم] خصلت، خُو (۲) رسم و رواج، قاعدہ۔

عادَتِنگ (aadátiṅ) [ع،بُر ـ اسم] دیکھیے عادَت (aadát) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

عارِف (aaríf) [ع ـ صف] پہچاننے والا (۲) خدا شناس، ولی۔

عاشِق (aaśíq) [ع ـ صف] چاہنے والا، فریفتہ (۲) پسند کرنے والا (یہ لفظ مرد اور عورت دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے)۔

عاشِقتِنگ (aaśíqtiṅ) [ع،بُر] دیکھیے عاشِق (aaśíq) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

عاشِقی/عاشِقیٰ (aaśiqí) [ع ـ صف] عشق ہونا، محبت ہونا۔

عافِیَت (aafiyát) [ع ـ اسم] سلامتی بچاؤ (۲) آرام (۳) خیریت۔

عاقِبَت (aaqibát) [ع ـ اسم] انجام، نتیجہ، خاتمہ (۲) آخرت، عقبیٰ (۳) زمانہ آیندہ (۴) قیامت کا دن [متعلقِ فعل] آخرکار، بالآخر۔

عالِم (aalím) [ع ـ صف] جاننے والا، بہت پڑھا ہوا، خدا کا ایک نام۔

عالَم (aalám) [ع ـ اسم] جہان، دنیا، زمانہ۔

عالَمِ اَرواح (aalámi arwáa) [ع ـ اسم] روحوں کا عالم۔

عالَمِ اَمَر (aalámi ámar) [ع ـ اسم] (تصوف میں) ملائکہ، فرشتوں یا روحوں کا جہاں (۲) امر کی دنیا۔

عالَمِ اِنسانیَت (*aalámi insaaniyát*) [ع۔اسم] انسانوں کا عالم، دنیا بھر کے لوگ۔

عالَمِ جَبروت (*aalámi jabrúurt*) [ع۔اسم] فرشتوں کی دنیا، وہ عالم جہاں فرشتے رہتے ہیں (۲) صفاتِ خدا کا مرتبہ۔

عالَمِ خواب (*aalámi qháab*) [عف۔اسم] وہ دنیا جو خواب میں نظر آئے (۲) دنیا (۳) حالتِ نیند۔

عالَمِ رُوحانی (*aalámi ruuhaaní*) [ع۔اسم] روحانی باتوں کا عالم، روحوں کی دنیا۔

عالَمِ سِفلی (*aalámi siflí*) [ع۔اسم] دنیا۔

عالَمِ شَخصی (*aalámi śaqhsí*) [عف۔اسم] ذاتی دنیا، انسان کے اندر کی دنیا۔

عالَمِ عُلوی (*aalámi ulwíi*) [ع۔اسم] وہ عالم جو دنیا کے علاوہ ہے، آسمانی دنیا، عالمِ بالا۔

عالَمِ غیب (*aalámi ġayb*) [ع۔اسم] دوسرا جہان جو پوشیدہ ہے۔

عالَمِ مَلَکُوت (*aalámi malakúut*) [ع۔اسم] فرشتوں کا عالم۔

عالَمِ ناسُوت (*aalámi naasúut*) [ع۔اسم] انسانوں کا عالم، دنیائے فانی۔

عالَمی/عالَمیٔ (*aalamí*) [ع۔صف] عالم گیر، جہان سے متعلق۔

ع۔ب

عِبادَت (*ibaadát*) [ع۔اسم] خدا کی بندگی، پرستش، نماز، پوجا۔

عِبادَت گزار (*ibaadát guzáar*) [ع،ف۔صف] عبادت کرنے والا، عابد، پرہیزگار۔

عَبَث (*abás*) [ع۔صف] فضول، بے فائدہ (۲) بے وجہ، ناحق (۳) کھیل تماشا۔

ع۔ج

عَجائب (*ajaayíb*) [ع۔صف] عجیب کی جمع۔

عَجائب وغرائب (*ajaayíbu ġaraayíb*) [ع۔اسم] عجیب وغریب چیزیں۔

عَجائِبات (*ajaayibáat*) [ع۔صف] عجائب کی جمع۔

عَجَب (*ajáb*) [ع۔صف] نادر، انوکھا، عجیب (۲) طرفہ۔

عَجَپ (*ajáp*) [ع،بُر] دیکھیے عَجَب (*ajáb*)۔

عَجیب (ajíib) [ع۔صف] نادر، انوکھا، طرفہ۔

عَجیپ (ajíip) [ع،بُر] دیکھیے عَجیب (ajíib)۔

ع۔د

عَدَالت (adaalát) [ع،بر۔اسم] انصاف، نیاؤ
(۲) کچہری۔

عَدَت (adát) [ع۔اسم] دیکھیے عَادَت (aadát)
جس کا یہ بگاڑ اور مخفف ہے۔

عَدَت ایَتَس (adát étas) [بُر۔محاورہ] خوگر ہونا،
عادت کرنا۔

عَدَت ایتَس (adát éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے
عَدَت ایَتَس (adát étas) جس کا یہ متعدی
المتعدی ہے۔

عَدَت مَناس (adát manáas) [بُر] دیکھیے
عَدَت ایَتَس (adát étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ع۔ذ

عَذاب (azáab) [ع،بر۔اسم] تکلیف، اذیت، دکھ
(۲) سزا۔

عَذاپ (azáap) [ع،بر] دیکھیے عَذاب (azáab)۔

عَذاپ اُچھِیَس (azáap uchíyas)
[بُر۔محاورہ] عذاب دینا۔

عَذاپ ایَتَس (azáap étas) [بُر۔محاورہ]
عذاب بنانا، عذاب کا باعث بنانا۔

عَذاپ ایتس (azáap éetas) [بُر۔محاورہ]
کسی کو عذاب میں ڈالنا۔

عَذاپ ایلِتِرَس (azáap éeltiras)
[بُر۔محاورہ] عذاب دکھانا، عذاب سے دوچار کرنا۔

عَذاپ پَھسْ مَناس
(azáap phaṣ manáas) [بُر۔محاورہ]
عذاب ختم ہونا، عذاب سے چھوٹنا۔

عَذاپ تِمیَش ایَتَس
(azáap timeéś étas) [بُر۔محاورہ]
عذاب سہنا، تکلیف یا دکھ برداشت کرنا۔

عَذاپ جاآس نے سُوَس
(azáap jaáṣ ne súwas) [بُر۔محاورہ]
عذاب کو دعوت دینا۔

عَذاپ دال مَناس
(azáap dáal manáas) [بُر۔محاورہ]
عذاب کٹنا، عذاب سے چھوٹنا۔

عَذاپ دُمَرَس (azáap dúmaras)
[بُر۔محاورہ] عذاب مانگنا۔

عَذاپ دیڈس (azáap déećas) [بُر۔محاورہ] ظلم ڈھانا، مشقت میں ڈالنا۔

عَذاپ دیغُر کَس (azáap déeġurkas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے عَذاپ یَیَس (azáap yáyas)۔

عَذاپ ژُوَس (azáap żúwas) [بُر۔محاورہ] مصیبت آنا، عذاب آنا۔

عَذاپ سُوَس (azáap súwas) [بُر۔محاورہ] مصیبت لانا، عذاب لانا، جھگڑا کھڑا کرنا۔

عَذاپ سوٓ کَس (azáap sōkas) [بُر۔محاورہ] عذاب کا نازل ہونا، خدا کا قہر نازل ہونا۔

عَذاپ شیَیَس (azáap śéyas) [بُر۔محاورہ] عذاب جھیلنا، دکھ برداشت کرنا۔

عَذاپ گَنَس (azáap gánas) [بُر۔محاورہ] عذاب مول لینا، خواہ مخواہ تکلیف میں پڑنا۔

عَذاپُ لوٓ اِمَنَس (azáapulo imánas) [بُر۔محاورہ] عذاب میں ہونا، سخت تکلیف میں ہونا۔

عَذاپ ییڈس (azáap yeéćas) [بُر۔محاورہ] عذاب دیکھنا، اذیت برداشت کرنا۔

عَذاپ یَیَس (azáap yáyas) [بُر۔محاورہ] عذاب ملنا، تکلیف میں مبتلا ہونا۔

عَذاپِچِنگ (azáapićiṅ) [بُر] دیکھیے عذاب (azáap) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

عَذاپر وَشِیَس (azáapar wáśiyas) [بُر۔محاورہ] مصیبت میں پھنسانا، عذاب میں ڈالنا۔

عَذاپر وَلس (azáapar wálas) [بُر۔محاورہ] دقت میں پڑنا، مصیبتوں میں پھنسنا، عذاب میں پڑنا۔

عَذاپے اُیَرَس (azáap uyáras) [بُر۔محاورہ] خود کو عذاب میں مبتلا کرنا، ایسا کام کرنا جس کے نتیجے میں عذاب آئے۔

عَذاپے رُو (azáape rúu) [بُر۔محاورہ] عذاب جھیلنے والا۔

عُذُر (úzur) [ع، بر۔اسم] درخواست، التماس، عرض۔

عُذُر ایتَس (úzur étas) [ع، بُر۔محاورہ] درخواست پیش کرنا، التماس کرنا۔

عُذُر مَناس (úzur manáas) [بُر] دیکھیے عُذُر ایتَس (úzur étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ع-ر

عَرش (arś) [ع۔اسم] چھت (۲) تخت (۳) بادشاہ کا تخت (۴) خدا کا تخت۔

عَرض (arz) [ع۔اسم] التماس، درخواست (۲) پیش کرنا۔

عَرض ایتَس (arz étas) [ع،بُر۔محاورہ] التجا کرنا، درخواست کرنا، بیان کرنا، پیش کرنا۔

ع۔ز

عَزَازیل (azaazíil) [ع۔اسم] شیطان کا نام۔

عِزَت (izát) [ع۔اسم] آبرو، وقار، شرف (۲) بڑائی، بزرگی (۳) شان (۴) قوت، طاقت۔

عِزَت ایتَس (izát étas) [ع،بُر۔محاورہ] عزت کرنا، عزت دینا۔

عِزَت مَناس (izát mamáas) [بُر] دیکھیے عِزَت ایتَس (izát étas) جس کا یہ لازم ہے۔

عِزَت نِیَس (izát níyas) [بُر] بے عزت ہونا، عزت جاتی رہنا۔

عِزَتِے گَنلوٗ خُدایِے گَمِسؔ گُچھِسؔ (izáte gánulo khudáaye gámiṣ guçhiṣ) [بُر۔دعائیہ کلمہ] راہ حق میں خدا تعالیٰ آپ کو اجر دے (۲) آپ کی عزت میں اضافہ ہو۔

عِزرایل (izraazíil) [ع۔اسم] روح قبض کرنے والا فرشتہ۔

عَزیز (azíiz) [ع۔صف] پیارا، محبوب (۲) رشتہ دار (۳) مرغوب (۴) زبردست، خدا کا ایک نام۔

ع۔ط

عَطّار (attáar) [ع۔اسم] عطر کشید اور فروخت کرنے والا (۲) دوافروش۔

عَطَر (átar) [ع،بر۔اسم] عِطر کا بگاڑ، خوشبو۔

عَطِرِںؑ (átariṅ) [ع،بر۔اسم] دیکھیے عَطَر (átar) جس کی یہ بطرز بُروشسکی جمع ہے۔

ع۔ق

عَقرب (aqráb) [ع۔اسم] بچھو، کژدم (۲) ایک آسمانی برج (۳) گھڑی کی سوئی۔

عَقَل (áqal) [ع،بر۔اسم] عربی لفظ عقل کا بگاڑ، سمجھ، فہم، تمیز، شعور، ہوش (۲) رائے۔

عَقَل چَن (aqalćán) [بُر۔صف] دیکھیے عَقَل مَن (aqalmán) یہ بُروشسکی ترکیب ہے۔

عَقَل چَیوٗ (aqalćáyo) [ع،بر۔اسم] دیکھیے عَقَل چَن (aqalćán) جس کی یہ جمع ہے۔

عَقَل کِسؔ (áqalkiṣ) [بُر۔صف] عاقل، دانا۔

عَقَل کِیَنڎ (áqalkiyanć) [ع،بر۔اسم] دیکھیے عَقَل کِسؔ (áqalkiṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

عَقَل مَن (aqalmán) [عف،بُر۔صف] عاقل،

دانا، خردمند (۲) ہوشیار، عقل مند کا بگاڑ۔

عَقَل مَیوٗ (aqalmáyo) [بُر۔صف] دیکھیے عَقَل مَن (aqalmán) جس کی یہ جمع ہے۔

عَقَلِنگ (áqaliṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے عَقَل (áqal) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

ع۔ل

عِلاج (iláaj) [ع۔اسم] بیمار کو دوا دینا، معالجہ، دوا (۲) چارہ، تدبیر۔

عِلاقہ/عِلاقاٗ (ilaaqá) [ع۔اسم] تعلق، لگاؤ (۲) نسبت (۳) احاطہ، ریاست (۴) صوبہ، قلمرو۔

عِلاقَنگ (ilaaqáṅ) [ع،بُر۔اسم] دیکھیے عِلاقہ (ilaaqá) جس کی یہ جمع ہے۔

عَلَم (alám) [ع۔اسم] جھنڈا۔

عَلَم تھانُم ایِتَس (alám tháanum étas) [بُر۔محاورہ] جھنڈا اونچا کرنا۔

عَلَم دار (alamdáar) [عف۔اسم] وہ شخص جو جھنڈا لے کر آگے چلے، علم بردار۔

عَلَم دِوسَس (alám díwsas) [بُر۔محاورہ] جھنڈا لہرانا۔

عَلَم دیِسکُوَس (alám déskuwas) [بُر۔محاورہ] جھنڈا اُتارنا۔

عَلَم دیلَس (alám délas) [بُر۔محاورہ] جھنڈا گاڑنا (۲) کامیابی یا فتح حاصل کرنا، شہرت حاصل ہونا۔

عَلَم گوٗئن (alamgúyn) [ع۔اسم] جھنڈا اٹھانے والا، علم بردار۔

عَلَمِنگ (alámiṅ) [ع،بُر۔اسم] دیکھیے عَلَم (alám) جس کی یہ جمع ہے۔

ع۔م

عُمُر (úmur) [ع،بر۔اسم] عربی عمر کا بگاڑ، زندگی، زمانہ (۲) سن و سال (۳) عرصہ۔

عُمُر نِیَس (úmur níyas) [ع،بُر۔محاورہ] عمر گزرنا، زندگی بسر ہونا۔

ع۔ی ay

عَیب (ayb) [ع۔اسم] نقص، برائی، خرابی (۲) گناہ، جرم، قصور۔

ع ۔ ی ii

عِید (*iid*) [ع۔اسم] لغوی معنی جو بار بار آئے، تہوار، جشن (۲) مسلمانوں کے دو تہواروں کا نام جو یکم شوال اور دھم ذوالحج کو ہوتے ہیں۔

عِیدی/عِیدیٔ (*iidi*) [ع۔اسم] عید کا انعام، عید کا خرچ جو بچوں کو دیا جائے۔

ع ۔ ےٓ e

عیٔلُم (*élum*) [ع،بر۔اسم] جاننا، آگاہی، دانش (۲) ہنر، عربی لفظ علم کا بگاڑ۔

ع ۔ ے ee

عیش (*éeyś*) [ع۔اسم] خوشی، نشاط (۲) آرام، آسائش (۳) شراب اور عورت کا لطف۔

عَیش ایتَس (*éeyś étas*) [ع+بُر۔محاورہ] لطف اٹھانا، مزے اڑانا، عیش کرنا۔

غ-اً

غاً (ġa) [بُر-اسم] کوا، نیز دیکھیے غان (ġáan) معنی نمبرا جس کا یہ مخفف ہے۔

غاً بُٹَر (ġa buṭár) [بُر-اسم] بکری کا تنہا بچہ، واحد بچہ۔

غاً بِچِل (ġa bićíl) [بُر-اسم] ایک پھل جو فالسہ کی شکل کا ہوتا ہے اور ایک خاردار جنگلی جھاڑی پر لگتا ہے جو دوائی کی خاصیت رکھتا ہے، تاجکستان میں اس سے مشروبات بھی بناتے ہیں (۲) غاً بِچِل (ġa bićíl) کی جھاڑی۔

غاً بِچِلِںْ (ġa bićíliṅ) [بُر-اسم] دیکھیے غاً بِچِل (ġa bićíl) معنی نمبر۲ جس کی یہ جمع ہے۔

غاً بِچِلِنْڈ (ġa bićílinć) [بُر-اسم] دیکھیے غاً بِچِل (ġa bićíl) معنی نمبرا جس کی یہ جمع ہے۔

غاً بَسار نِم جُوَن (ġa basáar nim juwán) [بُر-مثل] تھک ہار کر شام کو گھر جانا، دن بھر کام کر کے رات بسر کرنے کے لیے گھر جانا۔

غاً بَسار نِیَس (ġa basáar níyas) [بُر-کہاوت] دن بھر کام کر کے رات بسر کرنے کے لیے گھر جانا۔

غاً تَھرِیس (ġa tharés) [بُر-اسم] دیکھیے ساً تَھرِیس غاً تَھرِیس (sa tharés ġa tharés)۔

غاً غَراس (ġa ġaráas) [بُر-محاورہ] فضول باتیں کرنا، یاوہ گوئی کرنا، بیہودہ باتیں کرنا۔

غاً غَسِیپ (ġa ġaṣép) [بُر-اسم] غاً (ġa) کے معنی کوا اور غَسِیپ (ġaṣép) کے معنی کال کلچی یعنی ایسے پرندے جو چیر پھاڑ کر کھاتے ہیں۔

غاً غَسِیپ مَناس (ġa ġaṣép manáas) [بُر-محاورہ] ٹوٹ پڑنا (۲) شور و غل کرنا۔

غاً غَل (ġáġal) [بُر-صف] دیکھیے غَل غَل (ġal ġal) جس کا یہ مخفف ہے۔

غاٗغَم (ġáġam) [بُر] دیکھیے غَم غَم (ġam ġam) جس کا یہ مخفف ہے۔

غاٗغَم ایتَس (ġáġam éetas) [بُر۔محاورہ] کافی مقدار میں پانی بہا کر یا گرا کر آواز پیدا کرانا۔

غاٗغَم مَناس (ġáġam manáas) [بُر] دیکھیے غاٗغَم ایتَس (ġáġam éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

غاٗ قُلیِ (ġa quli) [ت۔اسم] ڈراوا، کوے کا نوکر، نیز دیکھیے غَقَلیِ (ġáqali)۔

غاٗ گچِر (ġa gachír) [بُر۔اسم] غاٗ (ġa) کے معنی کوا اور گچِر (gachír) گِدھ، مطلب چیرنے پھاڑنے والے پرندے۔

غاٗ گچِر ٹَک ایتَس

(ġa gachír ṭak étas) [بُر۔محاورہ] (خاص طور پر خواتین کا کسی شخص کو) برا بھلا کہنا، گالیاں دینا، بد دعا کرنا۔

غاٗمُڎ (ġámuc) [بُر۔اسم] دیکھیے غاٗ (ġa) جس کی یہ جمع ہے۔

غاٗمَمُوٗ (ġa mamú) [بُر۔اسم] وہ گاڑھا دودھ جو زچگی کے ابتدائی ایام میں مادہ کے پستانوں سے نکلتا ہے جو زرد رنگ کا ہوتا ہے، کھیس، نیز دیکھیے غماٗموٗ (ġamáamo)۔

غاٗموٗن (ġa mon) [بُر۔اسم] موٗن (mon) کی ایک قسم۔

غاٗموٗئنٗ (ġa moyṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے غاٗموٗن (ġa mon) جس کی یہ جمع ہے۔

غاٗئپ (ġáyip) [ع،بُر] دیکھیے غائب (ġaayíb)۔

غ۔ا

غا اِسکرِے بِرِے قا اَکھیئبِیاٗ!

(ġáa íske be qáa akhéybiya!) [بُر۔مثل] باپ کا ہنر آسانی سے سیکھا جا سکتا ہے (۲) اولاد کے اندر ماں باپ کی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔

غا باٹش اِمَنَس (ġáa báaṣ imánas)

[بُر۔محاورہ] گو مگو میں مبتلا ہونا (۲) سخت دکھ یا مشقت سے گزرنا۔

غا تِلیِ اُسَرُم جُوَن

(ġáa tilí usárum juwán) [بُر۔مثل] کسی چیز کو ایک ایک کر کے یا تھوڑا تھوڑا کر کے لے جانا یا جمع کرنا۔

غا ڎِے مَلتَش جَرِے اوٗمَنُم جُوَن

(ġáa ce maltáṣ jaré oómanum juwán) [بُر۔مثل] کوئی عہدہ، منصب یا مالی فائدہ ہضم نہ

ہونا۔

غار کرے اِسک دَلتَس (ġáar ke isk daltás) [بُر۔کہاوت] اپنی اولاد ہر ایک کو اچھی لگتی ہے۔

غا کا مَناکرے غُرَش، گسَنچے کا مَناکرے چَھپ (ġáa káa manáa ke ġurás̩, gasánçe káa manáa ke ĉhap) [بُر۔مثل] صحبتِ صالح ترا صالح کند، صحبتِ طالح ترا طالح کند یعنی نیکوں کی صحبت نیک بناتی ہے اور بروں کی صحبت بد بناتی ہے۔

غا مُندَس ٹے اِلچِن ایتُم جُوَن (ġáa múndasaṭe ílĉin étum juwán) [بُر۔کہاوت] کسی چیز کا منتظر رہنا، شدید انتظار میں رہنا (۲) کسی فائدے کی تلاش میں رہنا۔

غاٹَس (ġáaṭas) [بُر۔مص] دیکھیے غاٹِنَس (ġáaṭinas)۔

غاٹِنَس (ġáaṭinas) [بُر۔مص] ابتدائی نشو و نما پانا (۲) نطفہ سے جنین بننا (۳) بیج سے پودا بننا (۴) پھول سے پھل بننا وغیرہ۔

غار (ġáar) [ع۔اسم] پہاڑ کی کھوہ، پہاڑ میں بڑا سوراخ۔

غارِ حِرا / غارِ حِراؔ (ġáari hiráa) [ع۔اسم] وہ غار جس میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نزول وحی سے پہلے عبادت کیا کرتے تھے۔

غارِک (ġáariṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے غار (ġáar) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

غازی/غازیؒ (ġaazí) [ع۔صف] غزا کرنے والا، کافروں سے لڑنے والا مسلمان۔

غازیٔ تِک (ġaazítiṅ) [ع+بُر] دیکھیے غازی (ġaazí) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

غازیٔ مُڈ (ġaazímuĉ) [ع+بُر] دیکھیے غازیٔ تِک (ġaazítiṅ)۔

غاصِپ (ġaasíp) [ع،بر۔صف] عربی لفظ غاصب کا بگاڑ، بمعنی دوسرے کا حق مارنے والا، زبردستی کسی کی چیز کو چھیننے والا۔

غافِل (ġaafil) [ع۔صف] بے فکر، بے پرواہ، بے خبر۔

غافِل اِمَنَس (ġaafil imánas) [ع+بُر۔محاورہ] بے خبر بننا، توجہ نہ دینا۔

غافِل مَناس (ġaafil manáas) [ع+بُر۔محاورہ] بے خبر ہونا، توجہ نہ دینا۔

غالِباً (ġaalíban) [ع۔متعلق فعل] بالضرور، قوی گمان ہے۔

غالِپ (ġaalíp) [ع،بر۔صف] عربی لفظ غالب کا بگاڑ، بمعنی زبردست، مغلوب کرنے والا (۲) جیتنے والا، فاتح۔

- غان (- ġáan) [بُر۔اسم] ایڑی۔

غان (ġáan) [بُر۔اسم] کوا، زاغ (۲) ناشپاتیوں یا انگور کا گچھا (۳) پیاز کا گچھا۔

غانے چَھپ شیٖچی چَھغیٖنے اِچھوٗنجُش بارڈُم

(ġáane čhap šéči čhaġéne ičhónjuṣ báardum) [بُر۔مثل] فائدہ کسی اور کا بدنام کوئی اور۔

غائب (ġaayíb) [ع۔صف] پوشیدہ، چھپا ہوا، غیر حاضر۔

غائب ایَتَس (ġaayíb étas) [ع+بُر۔محاورہ] چھپانا، پوشیدہ کرنا۔

غائب مَناس (ġaayíb manáas) [ع+بُر۔محاورہ] دیکھیے غائب ایتَس (ġaayíb étas) جس کا یہ لازم ہے۔

غائبانہ/غائباناً (ġaayibaaná) [ع۔متعلق فعل] مخفی طور پر، پوشیدہ طور پر۔

غایو (ġáayo) [بُر۔اسم] دیکھیے غان (ġáan) جس کی یہ جمع ہے۔

غایو ثآٹ گمَنس

(ġáayo çaáṭ gumánṣ) [بُر۔گالی] لفظی معنی کوے تم کو نوچے چیرے پھاڑے!

غایوے خُوٹ گوٗتُوم

(ġáayuwe çuúṭ gótuum) [بُر۔محاورہ] (خاص طور پر خواتین کا کسی شخص کو) برا بھلا کہنا، ہلکی گالی دینا۔

غایوے گچِرِک شیم

(ġáayuwe guċhíriṅ šéem) [بُر۔گالی] کوے تیری آنتیں کھائیں۔

غایوے گشُوم (ġáayuwe guṣúum) [بُر۔گالی] کوے تجھ کو کھا جائیں۔

غ۔آ

غآت (ġaát) [بُر۔اسم] کوئی مائع چیز کو کثیر مقدار میں بہانا۔

غآت ایتَس (ġaát éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے غآت (ġaát)۔

غآٹ (ġaáṭ) [بُر۔صوت] مرغابی کی آواز (۲) [اسم] پانی میں ڈبونے کا عمل۔

غآٹ ایَتَس (ġaáṭ étas) [بُر۔محاورہ] مرغابی کا آواز نکالنا (۲) کسی کو پانی میں اس طرح ڈبونا کہ سر چھپ جائے۔

غآٹ ایتَس (ġaáṭ éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے غآٹ ایَتس (ġaáṭ étas) جس کا یہ متعدی

المحدی ہیں۔

غآر (ġaár) [بُر۔اسم] چھوٹے چھوٹے پتھروں اور کنکریوں وغیرہ کی بڑی مقدار کا نیچے کی طرف سرک جانا یا گرنا اور اس سے نکلنے والی آواز۔

غآرْت (ġaárt) [بُر۔اسم] دیکھیے غرْت (ġart) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

غآرْت ایتَس (ġaárt éetas) [بُر۔اسم] بادِ شکم کی مخصوص آواز نکلنا۔

غآرْت مَناس (ġaárt manáas) [بُر۔اسم] بادِ شکم کی آواز ہونا۔

غآرِچیٖ (ġaáriċi) [بُر۔صف] شریک (۲) رقیب (۳) حریف (۴) رکاوٹ۔

غآل (ġaál) [بُر۔صف] آویزاں، لٹکا ہوا (۲) ڈھیلا۔

غآل ایتَس (ġaál étas) [بُر۔محاورہ] آویزاں کرنا، لٹکانا (۲) ڈھیلا کرنا۔

غآو (ġaáw) [بُر۔اسم] شور، غل (۲) ہنگامہ، یورش۔

غآو ایتَس (ġaáw étas) [بُر۔محاورہ] شور و غل کرنا (۲) ہنگامہ کرنا، یورش کرنا۔

غ۔ب

غُبارا/غُبارآ (ġubaará) [ار۔اسم] ربڑ کی تنگ منہ کی تھیلی جس میں ہوا بھر کے بچے اس سے کھیلتے ہیں (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) باریک کاغذ کا بنا ہوا تھیلا جس کے اندر تیل کی بھیگی ہوئی گیند روشن کر کے ہوا میں اڑاتے ہیں (۴) ہوا میں اڑنے والا غبارا جسے balloon کہا جاتا ہے۔

غِبَنْ (ġíban) [بُر۔اسم] وہ گوندیا لیس دار مادہ جو گل (gal) یعنی درخت صنوبر سے نکلتا ہے۔

غَبَن (ġában) [ع۔اسم] خورد برد، خیانت۔

غَبَن ایتَس (ġában étas) [ع+بُر۔محاورہ] خورد برد کرنا، خیانت کرنا۔

غَبَن مَناس (ġában manáas) [ع+بُر۔محاورہ] دیکھیے غَبَن ایتَس (ġában étas) جس کا یہ لازم ہے۔

غ۔پ

غَپ (ġap) [بُر۔صوت] چوٹ کی آواز، چوٹ لگنے سے نکلنے والی آواز۔

غَپ غَپ (ġap ġap) [بُر۔صوت] مسلسل چوٹیں لگنے کی آواز (۲) مٹی وغیرہ کے مسلسل گرنے کی آواز۔

غَپ غَپ ایرَس (ġap ġap éeras)

[بُر۔محاورہ] کے برسانا۔

غَپ پَھت (ġap phat) [بُر۔اسم] اچانک چوٹ لگنا یا لگانا۔

غَپ پَھت ایتَس (ġap phat éetas) [بُر۔محاورہ] اچانک ضرب لگانا، اچانک وار کرنا، اچانک مکا مارنا۔

غَپ چَپ (ġap ćap) [بُر۔اسم] دیکھیے غَپ پَھت (ġap phat)۔

غَپ چَپ نے یُوَوَس (ġap ćap née yuúwas) [بُر] دیکھیے غَپ پَھت ایتَس (ġap phat éetas)۔

غِپ (ġip) [بُر۔اسم] گھونٹ، جرعہ، ایک دفعہ کا پینا۔

غَپَری (ġápari) [بُر۔اسم] اصرار (۲) جھگڑا، تکرار (۳) جھگڑتے ہوئے پیچھا نہ چھوڑنا۔

غَپَری مَناس (ġápari manáas) [بُر۔اسم] اصرار کرنا، پیچھے پڑنا (۲) جھگڑا کرنا، تکرار کرنا۔

غَپِس (ġápis) [بُر۔اسم] وہ لکڑی جسے بُرُشو (burúśo) گھر کے سَغَم (saġám) کے درمیان لگاتے ہیں جس سے سَغَم دو حصّوں میں تقسیم ہو جاتا ہے۔

غُپَلِکِس (ġupálikiṣ) [بُر۔صف] ڈھیلا، ڈھول طبلہ وغیرہ جس کا کڑا اپن ختم ہو اور آواز نہ نکلے (۲) سست، نکما، نامرد۔

غُپَلِکِیَنڈ (ġupálikiyanċ) [بُر] دیکھیے غُپَلِکِس (ġupálikiṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

غَپِی (ġápi) [بُر۔اسم] دیکھیے غَپِس (ġápis)۔

غَپِی مُڈ (ġápimuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے غَپِی (ġápi) جس کی یہ جمع ہے۔

غَپِیَنڈ (ġápiyanċ) [بُر۔اسم] دیکھیے غَپِی مُڈ (ġápimuċ)۔

غ۔ت

غَت (ġat) [بُر۔اسم] تنگ منھ والے برتن سے بیک وقت پانی بہہ جانا (۲) پانی بہہ جانے کی آواز (۳) بڑبڑاہٹ (۴) قلقلہ کی آواز۔

غَت غَت (ġat ġat) [بُر۔صوت] پانی کا بیک وقت برتن سے گرنے کی آواز (۲) قہقہہ لگا کر ہنسنے کی آواز۔

غَت غَت ایَتَس (ġat ġat étas) [بُر۔محاورہ] قہقہہ لگا کر ہنسنا۔

غَت غَت ایتَس (ġat ġat éetas) [بُر۔محاورہ] کسی تنگ منھ والے برتن سے پانی کا بیک وقت گرانا (۲) قلقلہ کی آواز نکالنا۔

غِت غَت (ġit ġat) [بُر] بڑبڑانا، چپکے چپکے باتیں کرنا، زیرِ لب کچھ کہنا۔

غِت غَت مَناس (ġit ġat manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے غِت غَت (ġit ġat)۔

غُت غَت (ġut ġat) [بُر۔محاورہ] چپکے چپکے باتیں کرنا، بڑبڑانا، زیرِ لب کچھ کہنا۔

غَت مَناس (ġat manáas) [بُر۔مص] بڑبڑانا (۲) پانی بہہ کر آواز آنا۔

غَتاٗ (ġatá) [بُر۔اسم] حیوان کی پچھلی ٹانگوں کی درمیانی جگہ (۲) درخت کی دو شاخوں کی درمیانی جگہ (۳) دو انگلیوں کی درمیانی جگہ۔

غَتاکْ (ġatáaṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے غَتینْخ (ġaténç) جس کی یہ جمع ہے۔

غَتاکٹرے گِرَتَس (ġatáaṅaṭe girátas) [بُر۔محاورہ] تلواریں لہراتے ہوئے ناچنا، ناچ کی ایک قسم جس میں تلوار بازی کا کرتب دکھاتے ہیں۔

غَتَپِش (ġatápiṣ) [بُر] دیکھیے غَلتَپِش (ġaltápiṣ) جو درست لہجہ ہے۔

غَتَن (ġatán) [بُر] دیکھیے غَتَنس (ġatánas) جس کا یہ امر ہے۔

غَتَنس (ġatánas) [بُر۔مص] پڑھنا، قرأت کرنا۔

غَتَنس کُش (ġatánaskuṣ) [بُر۔اسم] پڑھائی، قرأت۔

غَتَنُم (ġatánum) [بُر] دیکھیے غَتَنس (ġatánas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

غَتَنِن (ġatánin) [بُر] دیکھیے غَتَن (ġatán) جس سے یہ جمع کے لیے امر ہے۔

غُتوٗ (ġutó) [بُر۔اسم] بدبو (۲) ایک بدبودار کیڑا۔

غُتوٗ کِش (ġutókiṣ) [بُر۔صف] بدبودار (۲) کنایۃً نکما، نااہل، نالائق۔

غُتوٗ کِینْڈ (ġutókiyanċ) [بُر] دیکھیے غُتوٗ کِش (ġutókiṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

غُتوٗ مُڈ (ġutómuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے غُتوٗ (ġutó) معنی نمبر ۲ جس کی یہ جمع ہے۔

غُتوٗ نَس (ġutónas) [بُر۔اسم] بدبو (۲) غُتوٗ (ġutó) کی بدبو۔

غُتوٗ نَس کِش (ġutó náskiṣ) [بُر] دیکھیے غُتوٗ کِش (ġutókiṣ)۔

غُتوٗ وے گوٗنوٗ (ġutówe góno) [بُر۔صف] غُتوٗ (ġutó) کی مانند، نیز دیکھیے غُتوٗ کِش (ġutókiṣ)۔

غَتُوٗ (ġatuú) [بُر۔اسم] جھولا جھولنا، نیز دیکھیے قَتُوٗ (qatuú)۔

غَتُوٓ مَناس (ġatuú) [بُر۔اسم] دیکھیے قَتُوٓ مَناس ۔(qatuú manáas)

غُتیٓ (ġutí) [بُر۔اسم] چمڑے کا وہ تھیلا جس میں دیسی بندوق کی بارُود رکھتے تھے۔

غِتِیتیٓ (ġitíiti) [بُر۔اسم] دونوں ٹانگوں کے ملاپ کی جگہ،شرمگاہ اور ٹانگ کی درمیانی جگہ۔

غِتِیتیٓ مِکٹ (ġitíitimiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے غِتِیتیٓ (ġitíiti) جس کی یہ جمع ہے۔

غَتیٖنُخ (ġaténç) [بُر۔اسم] تلوار،شمشیر۔

